کہیں ایسا نہ ہو کوئی دیکھ رہا ہو۔ اور آپ سے لپٹ جاوے مفت میں اس کی رسوائی ہو اور آپ کی بھی لہٰذا سخت احتیاط سے کام لیں۔ اگر آپ عکس تصویر نہ بنا سکتے ہوں تو کسی مصور یا ارانگ ماسٹر سے بنوا سکتے ہیں۔ بلکہ مشابہ تصویر کی ضرورت نہیں ہے صرف خط وخال ملتا ہو اور اگر یہی عمل کوئی عورت کرنا چاہیے تو وہ بھی بالکل اسی طرح مستفید ہو سکتی ہے۔ صرف اُسے عورت کی بجائے اپنے مطلوب مرد کی تصویر بنانی ہوگی۔ باقی عمل بالکل اسی طرح کرنا ہوگا۔ یہ عمل جرمنی کے ایک سائیندان نے خاص طور پر اپنی دمائی اختراع سے اپنے ایک خاص محبوب کے لیے ایجاد کیا تھا۔ جس میں وہ پہلے دن ہی کامیاب ہوا۔

موتیا بند

ایک شیشہ کا گلاس لو۔ اس میں کسی برما (سوراخ نکالنے کا آلہ) کے ذریعہ نہایت ہی باریک سوراخ نکالو۔ یعنی سوراخ گلاس کی تہ میں ہو اور سوراخ نکالنے کے بعد اس گلاس کی تہ پر ایک بالشت پیمائش رکھ دو اب اس گلاس کو دہی سے بھر دو۔ مگر واضح رہے کہ دہی گائے کے دودھ کی ہو۔ اس دہی کے اوپر قریباً ایک تولہ نیلا طوطیا (Coppar) باریک پیس کر چھڑک دو۔ اور اس شیشہ کے گلاس کو ایک اور شیشہ کے گلاس میں رکھ دو۔ مگر یاد رہے کہ نیچے والے گلاس میں بہت کچھ جگہ خالی رہے اب دہی کا پانی رس، رس کر اس نیچے والے گلاس میں آجائے گا اُس پانی کو محفوظ رکھ لو۔ اب اس کی آنکھ سے تھوڑا سا طوبت جلد یہ نکال کر اس پانی میں حل کرتے رہو حتیٰ کہ خشک ہو کر بالکل سرمہ سا ہو جاوے۔ اس میں انّو کی پلکیں۔ ایک رتی کافور ایک ماشہ بچی چینی ایک ماشہ۔ سرمہ سفید ایک ماشہ ملا کر گلاب کے عرق ایک سیر میں دس روز برابر کھرل کرو۔ دس دن میں ایک سیر گلاب اس میں خشک ہو جاوے گا۔ البتہ موسم سرما میں کچھ دن زیادہ گلاس پڑا رہیگا۔ اس طرح تین دن پڑا رہنے

ہر کام میں فتح حاصلِ کرنے کا تنتر

یہ چاند گرہن کے وقت کیا جاتا ہے کریں گے کافی نفع
پائیں گے یہ سامان دن میں حاصل کریں۔ ورق طلا (سونے کے ورق) دو عدد جو تقریباً 4 کے ہوں گے لا کے رکھ لیں گے تھوڑا سا زعفران پیس کر لکھنے کے لئے روشنائی بنالیں لکڑی کا نیا قلم بنا کر رکھیں اور خوشبو کے لئے برادہ صندل، سرخ رکھیں جس وقت تمام چاند سیاہ ہو جائے کاغذ کے ایک
طرف یہ نقش تحریر کریں اور اس کی پشت پر یعنی دوسری طرف اپنا نام معہ والدہ کے لکھ کر آخر میں یہ جملہ زیادہ کریں۔

اسی طرح سات مرتبہ کرے ہر مرتبہ سات بار عزیمت پڑھے جسم پر پھیر دے یعنی کل اکچاس مرتبہ ایک دن میں تلاوت کرے دوسرے دن بھی ایسا ہی کرے حتیٰ کہ سات دن گزار دے انشاء اللہ اس عرصہ میں مریض بالکل اچھا ہو جائے گا۔ خواہ اس کو مرض کتنا ہی دیرینہ اور کتنا ہی خطرناک کیوں نہ ہو۔ عزیمت یہ ہے۔

بسم اللّٰہ ارقیک من کل شئی یوذیک ومن شر کل عین حاسد اللّٰہ یشفیک بسم اللّٰہ ارقیک

تسخیر عالم کا ایک اور عمل

مندرجہ بالا عمل کے بعد تسخیر عالم کے لیے مندرجہ ذیل عمل بھی نہایت نایاب اور تیر بہدف ہے اکثر احباب کا تجربہ کیا ہوا ہے۔ فوراً اثر کرتا ہے۔

چاہیے کہ شب یکشنبہ عروج ماہ میں ایک کوا کو گرفتار کر کے لائیں اور اسے ذبح کر کے اس کے خون میں باریک کپڑا صاف و شفاف آلودہ کر لے اور اس کپڑے کو فوراً سکھا لے اس خون آلودہ کپڑے کی چالیس بتیاں چراغ میں جلانے کو تیار کر لے۔ پھر اس میں سے ایک بتی لے کر روغن جل میں تر کر کے مٹی کے چراغ میں رکھے تھوڑا تیل تل کا اور ڈال دے اس چراغ کو تنہا مکان میں کسی گوشے میں روشن کر کے اس کے روبرو بیٹھ جائے اور مندرجہ ذیل افسون گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ اس چراغ کے اوپر کوئی اور برتن نصب کر دے تاکہ اس کا دھواں اس میں جمع ہوتا رہے۔ جب افسون کی تعداد پوری ہو جائے تو چراغ کی بتی تھوڑی تھوڑی اکسا کر پوری جلا دے اور دوسرے برتن میں جو کاجل جمع ہو گیا ہے اس کو اکٹھا کر کے محلول کرے اس چراغ کو خارج کر کے تریاق میں دفن کر دے۔ دوسرے دن نیا چراغ اور تیار کرے اس میں ایک نئی بتی وہی خون آلودہ کپڑے کی اور تھوڑا تیل ڈال کر پھر تیار کرے اور شب گذشتہ کی مانند چراغ روشن کر کے اس کے روبرو بیٹھ جائے اور افسون گیارہ سو مرتبہ پڑھے۔ چراغ پر وہی برتن نصب کرے جو کل نصب کیا تھا اور اس میں دھواں اکٹھا کرتا رہے۔ افسون کی تعداد ختم ہونے پر اگر بتی ختم نہ ہو تو جلنے باقی رہ جائے تو اس کو اکسا کر جلا دے اور جمع شدہ دھواں اکٹھا کر کے محفوظ کر لے اسی طرح چالیس دن عمل کرتا رہے۔

چالیس دن کا عمل ختم کر کے اس تمام جمع شدہ کاجل کو کسی برتن میں یکجا کر کے روغن صندل میں آمیز کرے اور ڈبیہ میں محفوظ کر کے رکھے۔ بروقت ضرورت ایک سلائی میں تھوڑا کاجل لے کر سات مرتبہ افسون پڑھ کر اس سلائی پر دم کرے اور اپنی داہنی بھوں پر اس کی ایک لکیر کھینچ لے پھر دوسری سلائی

میں کاجل لے کر سات مرتبہ افسون پڑھ کر دم کرے اور اپنی بائیں بھوں پر یہ لکیر کھینچ لے اس کے بعد اپنے کام کو جائے اس کاجل کے اثرات سے ہر دشمن اس کو عزیز سمجھے گا۔ اور اس کی اطاعت کرے گا۔ دشمن تک اس پر مہربان ہوگا۔ حکام مہربانی سے پیش آئیں گے۔ سنگدل محبوب تابع فرمان ہوگا۔ غرضیکہ وہ شخص محبوب خلائق ہوگا اس کی ہر جگہ نصرت و فتح مندی ہوگی افسون یہ ہے۔

حل حل جل جل اسلی بسپو

مدی عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

نظر بد کا عمل

کہتے ہیں کہ ہر انسان کی نظر میں ایک خاص قسم کا زہریلا مادہ ہوتا ہے اور یہ بیحد پر اثر ہوتا ہے اسی لیے محتاط لوگ کھانا عام نگاہوں سے بچا کر کھاتے ہیں اور پرانے قسم کے لوگ دفع نظر بد کے لیے کچھ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیتے ہیں۔ بیشتر ایسا ہوتا ہے کہ انسان کو جو شئے حد سے زیادہ مرغوب ہو اس کو وہ نظر بھر کر دیکھتا ہے اور اس کی نگاہ کی سمیت اس شئے کو تباہ و برباد کر دیتی ہے۔ بعض لوگوں میں یہ زہریلا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور بعض میں کم ہوتا ہے اس زہر سے بچنے کے لیے عاملین نے بہت سے عمل تجویز کیے ہیں منجملہ ان کے مندرجہ ذیل عمل ایک معتبر کتاب میں اس طرح لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ ایک عالم اور کامل بزرگ تھے ایک بار وہ عرب کے ریگستان میں سفر کر رہے تھے اور ان کا اونٹ نہایت تیز اور چالاک تھا اتفاقاً ایک قافلہ رکا وہاں کے ایک باشندے نے ان سے کہا کہ اس جگہ ایک شخص نظر لگانے میں بہت مشہور ہے اور آپ کا اونٹ بہت خوب صورت ہے ایسا نہ ہو کہ کہیں وہ نظر نہ لگا جائے اور آپ کا

اونٹ ضائع ہو جائے انہوں نے کہا کہ میرے اونٹ پر اس کی نظر نہیں لگے گی یہ خبر اس کو بھی پہنچی تو اس نے اسی وقت آ کے ان کے اونٹ کو نگاہ بھر کے دیکھا اس کے دیکھتے ہی اونٹ گر پڑا اور مضطرب ہونے لگا لوگوں نے فوراً آ کر حضرت سے کہا فلاں شخص آپ کے اونٹ کو نظر لگا گیا ہے آپ نے فوراً ایک افسون پڑھا اور آپ کا اونٹ فوراً ٹھیک ہو گیا۔ صاحب کتاب نے مندرجہ ذیل عمل بھی آپ ہی کے حوالے سے لکھا ہے جو حسب ذیل ہے۔

ایک کوا پرندا گرفتار کر کے لائیں اور اس کو ذبح کر کے اس کا خون کسی شیشی میں محفوظ کریں۔ اس خون سے مندرجہ ذیل افسون دو کاغذوں پر تحریر کریں۔ جب تحریر کر چکیں تو یہی افسون ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک تعویذ پر دم کریں اور اس کو تہہ کر کے اسی ذبح کیے ہوئے کوے کی چونچ میں رکھ کر اوپر سے نیلا سوت لپیٹ دیں اور اسی وقت اس چونچ کو کسی ویران مقام پر زیر زمین دفن کر دیں اس کے بعد دوسرے تعویذ پر ایک سو گیارہ مرتبہ یہی افسون پڑھ کر دم کریں اور تہہ کر کے کپڑے میں سلوا کر اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں اس تعویذ کی موجودگی میں نظر بد کا خطرہ کبھی لاحق نہ ہوگا۔ بیحد معتبر اور مجرب ہے افسون یہ ہے۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOK'S

مرگی کا علاج

مرض مرگی عام طور پر مشہور مرض ہے اس کے مریض کو جب اس کا دورہ پڑتا ہے تو اس کو اپنے تن بدن کا ہوش نہیں رہتا ہے وہ بیہوش ہو جاتا ہے اور بڑی بھیانک چیخیں مارتا ہے تمام جسم میں لرزہ پیدا ہو جاتا ہے بالکل نزع کا سا عالم ہو جاتا ہے۔ اس مرض کے دفعیہ کے لیے مندرجہ ذیل عمل نہایت مؤثر ثابت ہوتا ہے۔

ایک نر کوا گرفتار کر کے لائیں مگر کوا بالکل سیاہ ہو اس کو ذبح کر کے اس کا خون محفوظ کر لیں اور اس کی کھال باریک والی اتار کر سایے میں خشک کر لیں جب وہ خشک ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش اس کے خون سے اسی کی کھال پر تحریر کریں اور کسی کپڑے میں سلوا کر مریض مرگی کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ اس کے بعد اس کو کبھی دورہ نہیں ہوگا۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

نقش یہ ہے:

حلو لو	بھر حوس	ذخو مرمر
لوحن	وسطوس	ھو
دریا رھا	دحلود	ناس
ہولوس	ملوس	وامید
نہادار خلونو	عرب	سادہ زرعہ

یرقان کا علاج

یرقان ایک خطرناک بیماری ہے اس مرض میں انسان کا سارا جسم زرد ہو جاتا ہے۔ جگر کی خرابی سے انسان کو یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے شروع شروع اس کی آنکھوں پر اثر ہوتا ہے یعنی اس کی آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں اس کے بعد ہاتھ پاؤں کے ناخنوں پھر سارا جسم شروع سے آخر تک بالکل پیلا پڑ جاتا ہے اگر فی الفور علاج نہیں کیا جائے تو مریض چند دنوں میں ہلاک ہو جاتا ہے طبیبوں اور ڈاکٹروں کے پاس کا علاج بالدوا بھی ہے جو اکثر لاعلاج مریضوں کو شفایاب کر دیتا ہے۔

عملیات کے سلسلہ میں اس کا علاج مندرجہ ذیل جھاڑ کے ذریعہ اکثر عاملین کرتے ہیں اور یہ جھاڑ مفید ثابت ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل عمل ایک قسم کا ٹوٹکہ ہے آسان ہونے کے باوجود مفید و مجرب ہے۔

کوا پر ندبروز یکشنبہ کہیں سے گرفتار کر کے لائیں اور اس کو ذبح کریں اس کا خون کسی بند منہ کی شیشی میں محفوظ کر لیں تا کہ وہ ہوا لگ کر جم نہ جائے اس کے بعد کوا کے ملائم اور باریک پر اس کے جسم سے اکھاڑ لیں ان پروں کو محفوظ کر کے رکھ لیں اور اس کے خون سے کسی کاغذ پر مندرجہ ذیل افسون تحریر کر کے تعویذ بنا لیں اس سے فراغت پا کر تھوڑی گھانس سبز تازہ اُگی ہوئی لائے۔ اور تھوڑا سرسوں کا تیل اور کانسہ پھول۔ پھر تیل مذکور کو اس کانسہ میں ڈال کر کانسہ مریض کے سر پر ہاتھ میں لیے رہے اور دوسرے ہاتھ سے گھانس اور کوا کے تھوڑے پر لے کر مندرجہ ذیل عمل پڑھنا شروع کرے اور اسی ہاتھ سے تیل کو ہلاتا جائے جب تین مرتبہ یہ افسون پڑھ چکے تو اس تیل اور گھانس اور پروں کو زمین پر پھینک دے اور پھر دوسری مرتبہ اور تیل کانسہ میں ڈال کر دوسری گھانس اور کوا کے پر بدستور مریض کے سر پر رکھ کر تیل کو گھانس اور پروں سے جنبش دینا شروع کرے اور مندرجہ ذیل افسون پانچ مرتبہ پڑھے اور پھر تیل اور گھانس پھینک کر بدستور تیسری بار نیا تیل کانسہ میں ڈال کر اور تازی گھانس اور نئے پر لے کر کانسہ سر مریض کے سر پر ہاتھ میں رکھے کہ کانسہ مریض کے سر سے ملا رہے اور تیل کو گھانس اور پروں سے ہلاتا

رہے یاد رہے اور یہ افسون اس بار سات مرتبہ پڑھے بعد اس کے تیل وغیرہ کو پھینک دے تین مرتبہ پے در پے جھاڑے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو شفا حاصل ہوگی افسون یہ ہے کہ۔

امام حیی من یاجح من کیمیا کمن کثین من کنان بھتا بھت من سفرین من اُجح اُجح من بدوح من ابونا برز ودیا

حیرتناک طلسمات

انسان کے دل کا راز معلوم کرنا

اگر کسی شخص کا دل کا راز معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عمل کرے اس نے جو کچھ کیا ہوگا سب بتا دے گا۔

کواسیاہ کی زبان اور مینڈک صحرائی کی زبان ایک جگہ کر کے کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھے جس کسی شخص مرد یا عورت کا راز دل معلوم کرنا ہو تو جب وہ سوتا ہو اس ڈبیہ کو اس کے سینے پر رکھے وہ فوراً اپنا دلی راز کہنا شروع کر دے گا۔

اپنے عشق میں مبتلا کرنے کے لیے

اگر چاہے کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا تو شروع چاند میں اتوار کے دن مثل طلوع آفتاب مرگھٹ میں جہاں اہل ہنود کے مردے جلائے جاتے ہوں جائے اور وہاں کی تھوڑی خاک لائے اور تھوڑے پر سیاہ کوا کے لائے پروں کو جلا کر ان کی خاکستر اس مٹی میں ملا لے پھر اپنے بیسیوں ناخونوں کو جلا کر اس کی خاکستر بھی اس میں ڈال دے اور اپنے لعاب دہن سے اس کو تر کر کے جس کو چاہتا ہے اس کے لباس یا بدن پر ایک ماہ برابر لگا دے وہ اسی وقت اس کے عشق میں مبتلا ہوگا۔

ایضاً

عروج ماہ میں بروز یکشنبہ طلوع آفتاب سے پہلے کسی کوا کے گھونسلے سے چند پر لے کر آئے اور ان پروں کو بید انجیر کی لکڑی میں باندھے اس لکڑی کو کسی کالی کتیا کے جسم پر سات بار مار کر گھر لے آئے اور لکڑی کو مع پروں کے جلا کر خاکستر بنا لے اور اپنے آب دہن سے تر کر کے چند گولیاں بنا کر محفوظ کر لے گولی جس کسی عورت یا مرد کے مارے گا وہ مثل کتیا کے پیچھے پیچھے ہوگا۔

اور اس میں جو تیل باقی رہا ہے اس کو محفوظ کر کے رکھ لیں۔ جب آپ اپنے محبوب کے پاس جائیں اور آپ کا اور اس کا سامنا ہو تو اس تیل کو اپنے منہ پر مل لیں۔ وہ دیکھتے ہی آپ پر مائل ہو جائے گا۔ بیحد مؤثر اور کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ وہ افسوس یہ ہے۔ بھال پکھال مصکہ قلون کجرہ منجرہ کھاؤں آٹھ پہر میں گھڑی دسک موہن میرا ناؤں۔

فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

مقناطیسی طاقت یا مسمریزم

مقناطیسی قوت کی دریافت بظاہر جدید معلوم ہوتی ہے' اور اسی لئے میسمر صاحب کے نام پر جو ایک انگریز تھا مسمریزم کہلاتی ہے۔ لیکن پتہ لگایا گیا ہے کہ یہ علم بہت پرانا ہے' اور اس کا رواج زمانہ قدیم میں ہندوستان کے اندر ہی تھا' اور یہاں کے خاص لوگ اس کے عالم تھے۔ چنانچہ اسے سنسکرت میں اکرشن شکتی کہتے ہیں۔ ایسی قوت کے بارے میں مختلف طبقہ کے لوگوں نے مختلف رائے کا اظہار کیا ہے۔ اہل سائنس کا خیال ہے کہ یہ ایک پوشیدہ قوت ہے جو ایک جسم سے دوسرے جسم میں داخل ہو جاتی ہے مگر اسے انسانی آنکھیں دیکھ نہیں سکتیں۔ تاہم اس کے اثر کے ظاہر ہونے سے اس کے وجود کا پتہ لگتا ہے۔

قوت مقناطیسی کے ماہر کہتے ہیں کہ حیوانات (جس میں انسان بھی شامل ہے) کے جسم کے گرد چار انچ قطر کا مقناطیسی ہالہ رہتا ہے۔ اس دلیل کے ثبوت میں وہ قدیم زمانہ کی بنائی ہوئی تصاویر کو پیش کر کہتے ہیں کہ اس زمانہ کے مصور اس بات کو سمجھتے تھے اور اسی لیے تصاویر کے گرد رنگین ہالہ بنا دیا کرتے تھے۔ اس علم کے ماہر تو یہاں تک دعویٰ کرتے ہیں کہ اگر یہ مقناطیسی ہالہ جسم کے گرد نہ ہو تو زندگی ناممکن ہے۔

زمانہ قدیم اور زمانہ وسطیٰ کے عالمان علم تشریح کا خیال تھا کہ دل خون کو اچھالتا ہے لیکن اب یہ خیال غلط ثابت ہوا۔ اور اس کی بجائے یہ نئی بات دریافت ہوئی کہ محض

مقناطیسی قوت خون کو رگوں اور شریانوں میں رواں کرتی ہے۔ چنانچہ ایک عالم کا بیان ہے کہ اگر خون کا دورہ باقاعدہ جاری رہے۔ پاخانہ پیشاب کے اخراج میں بے قاعدگی واقع نہ ہو تو کوئی بیماری آدمی نہیں مٹا سکتی۔

مسمریزم کب اور کیونکر ایجاد ہوئی

سنسکرت کی کتب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مسمریزم کے عامل ہندوستان میں نہایت قدیم زمانہ میں بھی موجود تھے اور وہ ماضی حال مستقبل کا حال اس ذریعہ سے دریافت کر لیا کرتے تھے اور اکثر امراض کو صرف ہاتھ لگا کر دور کر دیا کرتے تھے۔ مگر ہمارے پاس اس کی کوئی سند نہیں ہے کہ اس وقت کس شخص نے اس علم کو دریافت کیا تھا اور کیونکر دریافت کیا ہے ہاں جدید دریافت کے موافق ہمیں صرف اس قدر معلوم ہے کہ 1850ء میں وائنا کے ایک میڈیکل کالج کے اسٹوڈنٹ جس کا نام فریڈرک مسمر تھا۔ چند ابتدائی تجربات سے دریافت کیا کہ اکثر بیماریاں مثل درد کے بدن پر چقماق کے لگانے سے دور ہو سکتی ہیں۔ جب وہ فارغ التحصیل ہوا تو اس نے ایک مختصر سی کتاب لکھی جس میں اپنی کامیابیوں کا تذکرہ کیا اور اس ذریعہ سے اس کی کافی شہرت ہو گئی۔ اس کے کچھ دن بعد گیسنر نامی ایک کیتھولک پادری اس سے ملا اور جب میسمر نے اپنی دریافت کے متعلق گفتگو کی تو پادری نے کہا کہ میں محض اپنے ہاتھ سے بیماری کو دور کر دیا کرتا ہوں۔ میسمر نے اپنی دریافت کو اس طریق پر آزمایا تو اسے اس پہلو سے بھی کامیابی ہوئی اور اس سے زیادہ اور عمدہ ایک بات دریافت ہوئی کہ مریض کو اس ذریعہ سے بے ہوش کیا جا سکتا اور اس سے ہر قسم کا کام لیا جا سکتا ہے۔

الغرض جب میسمر صاحب کو اس بارے میں بہت کامیابی ہوئی تو وہاں کی گورنمنٹ نے بہ نظر رفاہ عام ایک رقم معاوضہ کی دے کر اس علم کو سیکھنا چاہا مگر میسمر صاحب نے اس کو قبول نہیں کیا۔ جس کی پاداش میں اسے جلا وطن ہونا پڑا۔ چنانچہ وہ

فرانس چلا گیا' اور وہیں اسی سال عمر میں مر گیا۔

یہ علم اس کے ذریعے اس کے شاگردوں تک پہنچا' اور پھر ان سے چھپائے نہ چھپ نہ سکا۔ بلکہ مختلف ممالک میں پھیل گیا۔ ایک شخص نے اس ضمن میں ایک یہ بات دریافت کی کہ اگر کسی چمکدار شے کو مقررہ وقت تک مسلسل دیکھا جائے اسی سے نیند آسکتی ہے۔

پہلے لوگوں کو یہ خیال تھا کہ مقناطیسی قوت کسی خاص شخص میں ہوتی ہے لیکن اب یہ ثابت ہو گیا کہ وہ کم و بیش ہر شخص میں ہوتی ہے۔

مقناطیسی عامل کے لیے ہدایات

مریض پر اپنے عمل کا پورا پورا اعتبار جما لو۔ کیونکہ کامیابی کا اصلی راز یہی ہے۔ کام شروع کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ اول چھوٹے چھوٹے مرضوں مثلاً درد سر۔ کان کے درد کو اس عمل سے دور کرے۔

عامل کو چاہیے کہ اپنے ہر ایک لفظ حرکت اور عمل سے مریض کو یقین دلائے کہ گویا وہ اپنے فن میں کامل ہے' اور یہ بھی کہ وہ بڑی کوشش کرتا ہے۔ غفلت نہیں کرتا۔

کامل کامیابی زیادہ مشق سے ہوگی۔

مریض کو ہدایت کر دے۔ کہ وہ اپنے اعضا ڈھیلے رکھے۔ خصوصاً ہاتھ اور پاؤں' اور اس کی آسان ترکیب یہ ہے کہ مریض کا ہاتھ بار بار اٹھائے اور گرائے۔ جسم کے ڈھیلے ہونے کی علامت یہ ہے کہ بدن کا ہر مقام سے ڈھیلا ہو' انگلیوں میں جھٹک نہ ہو چہرہ پر بل نہ ہو۔ اس وقت عمل شروع کرے اور مریض کو زبان سے بھی یہ سمجھاتے جاؤ کہ تعویذ اور جھاڑ پھونک کی اصلیت محض یہی مقناطیسی عمل ہے' اور اس کے ذریعہ ایک انسان دوسرے از[illegible]

اثر کر سکتا ہے۔ یہ بھی کہو کہ دیکھو کہ ستارے اور سیارے جو ہم سے بہت دور ہیں ہم پر اثر ڈال سکتے ہیں۔ تو ہم ایک دوسرے پر کیوں نہیں اثر ڈال سکتے۔ اکثر لوگ نئی باتوں کا مذاق اڑایا کرتے ہیں۔ جاہل لوگوں کا تو کہنا ہی کیا۔ اکثر تعلیم یافتہ لوگ بھی اس سے محفوظ نہیں۔ پس جب علم مقناطیسی کے عامل کو ایسے لوگوں سے واسطہ پڑے تو بددل نہ ہو بلکہ جہاں تک ہو سکے ان لوگوں پر اثر ڈالے اور استقلال کے ساتھ کام کرے۔ اس کا انجام کامیابی ہوگا' اور اگر کسی بڑے کام میں ناکامی بھی ہو تو بددل نہ ہو جائے۔

اگر تم مال دار ہو تو لوگوں کو مفت فیض پہنچاؤ' اور اس طرح خاص کامیابی ہوگی۔ بلکہ زیادہ کامیابی۔ اگر تمہاری مالی حالت اچھی نہیں ہے تو بہت کم فیس لے کر یا زیادہ سے زیادہ دوسرے طبیبوں کے برابر لے کر کام کرو۔ زیادہ لالچ نہ ہو۔ ورنہ کامیابی نہیں ہوگی۔

مریض کو عمدہ غذا دے کر اس کی قوت بحال رکھیں پسینہ آنا مضر ہے۔ مگر اشد ضرورت میں اس کی اجازت بھی ہے۔

عامل کو چاہیے کہ اپنی حالت ہر طرح درست رکھے۔ ناخن کٹے ہوئے ہوں، دانت صاف ہوں۔ لباس عمدہ ہو۔ لباس زیادہ زور سے نہ لے۔ شیخی نہ بگھارے۔ شفقت سے گفتگو کرے۔

جب تک خود تجربہ نہ ہو جائے مقناطیسی اثروں کو لوگوں کے سامنے مبالغہ سے نہ بیان کرو۔ اس غلطی میں اکثر عامل گرفتار ہو جاتے ہیں۔ پس اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔ حکیموں یا ڈاکٹروں کی برائی نہ کرے۔

ابتدا میں مقناطیسی علاج کی مشق میں کچھ تکلیف معلوم ہوا کرتی ہے۔ لیکن جس قدر مشق بڑھتی جاتی ہے۔ اسی قدر تکلیف کم معلوم ہوا کرتی ہے' اور دل چسپی بڑھتی جاتی ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
http://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

عامل کا تندرست ہونا ضروری ہے اگر چہ غیر تندرست عامل بھی مرض کو دور سکتا ہے۔ لیکن بعض اوقات یہ بھی ممکن ہے کہ مریض بھی عامل کے مرض کو جذب کر کے اور بیمار ہو جائے۔

یاد رکھو کہ اگر تم نے اپنی مدلل اور ملائم گفتگو سے الفاظ میں مریض پر یہ ظاہر کر دیا کہ تم بیشک اپنے فن سے مرض کو ختم کر دو گے تو سمجھ لو کہ کامیابی ہوگی۔ کیونکہ اعتبار ہی اس کام کے لیے ترقی کا زینہ ہے۔

مقناطیسی قوت کا احساس

میسمر صاحب کا قول ہے کہ مقناطیسی قوت ایک رقیق شے ہے جو عامل کے ہاتھوں میں سے نکل کر معمول کے جسم میں اثر کرتی ہے۔ جب سائنس کے طرف دار بھی اس کو تسلیم کرتے ہیں۔ یہ بات کچھ کم تعجب خیز نہیں ہے کہ جب نظام عصبی کے اوپر کچھ فاصلہ سے بھی ہاتھ کا دور کیا جاتا ہے تو بھی مریض اسے محسوس کرتا ہے' اور باوجود آنکھوں کے بند ہونے کے وہ ہاتھوں کو بتا دے گا کہ وہ کہاں ہے۔ اگر چہ مقناطیسی قوت نظر نہیں آتی لیکن ازالہ مرض اور دوسرے طریقوں سے اس کا اثر بھی ضرور معلوم ہوتا ہے۔

ایک اور عالم کا خیال ہے کہ مقناطیس کوئی رقیق شے نہیں ہے۔ بلکہ اس کو جسم کے ذرے حرکت دیتے ہیں' اور جب دوسرے جسم میں سے لہریں آتی ہیں تو یہ قوت حالت مرض کو خارج کر دیتی ہے۔ جیسے شورہ کے تیزاب گرنے سے فرش جلنے لگتا ہے اور اس پر نوشادر ڈالنے سے سوزش موقوف ہو جاتی ہے بالکل اسی طرح عامل کی مقناطیسی قوت مرض کی حالت کو جسم سے نکال دیتی ہے۔

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

یکسوئی

اپنے معمول کو ہدایت کرو کہ وہ دن میں تین چار بار اپنی آنکھیں بند کر کے تنہائی میں خیال کر لیا کرے کہ مجھے آرام ضرور ہوگا۔ اس سے دل کو یکسوئی میں بہت مدد ملتی ہے اور چونکہ دماغ کے خاص حصوں پر زور پڑتا ہے۔ لہٰذا اس سے اس قدر فائدہ ہوتا ہے کہ شفا یقینی ہو جاتی ہے یکسوئی کی تشریح یہ ہے کہ ایک مقررہ وقت تک صرف صحت کے خیال میں رہیں اور کسی قسم کا خیال دل میں نہ آنے دیں۔

اکثر آدمی یکسوئی کے معنی تو سمجھتے ہیں لیکن وہ طریقے سے واقف نہیں پس یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ دماغ کو تمام خیالات اور افکار سے خالی کر دینا چاہیے ایک بات یہ بھی ضروری ہے کہ مریض کے کہہ دے کہ اپنے مرض کو خفیف سمجھے ورنہ دماغ کے حساس حصوں پر زور پڑ کر مرض بڑھ جائے گا اس لیے ضروری ہے کہ مریض کے اردگرد کے لوگ ظریف اور زندہ دل ہوں۔ طبیب یا عامل بھی اگر اسی قسم کا ہو تو کچھ مضائقہ نہیں نیز یہ خیال رہے کہ کوئی شخص مریض سے یہ نہ کہنے پائے کہ تم تو بڑے دبلے ہو گئے یا تمہارا چہرہ تو آدھا ہی رہ گیا یا تمہاری حالت قابل رحم ہے بیماری زور پکڑ جایا کرتی ہے۔ بلکہ اس کے برعکس مریض کے آس پاس کے لوگوں کو ایسی باتوں سے مریض کا دل بڑھانا چاہیے۔ (1) پہلے اور اب میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ (2) علاج نہایت موافق ہے۔ (3) چہرہ بشاش نظر آتا ہے۔ (4) اب وہ پہلی سی مردنی کہاں ہے۔ (5) رنگ صاف نکل آیا ہے۔

قلب کی یکسوئی

یا

قوت ارادی کا امتحان

اس علم کا نام سائکو میٹری یا مقیاس الروح ہے پس قوت ارادی یعنی پیمائش روح کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ایک سوئی کے درمیان یعنی بیچوں بیچ میں ایک بہت باریک دھاگا باندھ کر اسے کسی چھت میں اس طرح لٹکا دو کہ وہ کسی کے سہارے یا دیوار سے علیحدہ رہے سوئی بالکل ترازو کی ڈنڈی کی مانند رہے پس عامل کو چاہیے کہ اس کے قریب بیٹھ کر اور سانس روک کر اپنے دائیں ہاتھ کی سب انگلیاں جمع کر کے بالکل قلم کی گرفت کی مانند اس سوئی کی نہایت قریب لے جائے مگر سوئی کی نوک سے جدا رہے پھر آہستہ آہستہ ہاتھوں کو پیچھے ہٹائے اور زور سے خواہش کرے کہ سوئی انگلیوں کی جانب کھنچ آئے دو چار روز کی کوشش کرنے سے ایسا ہوگا کہ سوئی اس کی طرف آئے گی اور جب ہاتھ سوئی کی جانب بڑھایا جائے گا تو سوئی پیچھے کو ہٹ جائے گی اور اگر عوام کو یہ عمل دکھایا جائے تو سب کے لیے عجیب مشغلہ ہوگا اور وہ بڑی کرامات سمجھی جائے گی۔

ایک اور طریقہ

ایک چوہے کا نوزائیدہ بچہ لاؤ جو چل سکتا ہو اور اس کو اپنے سامنے رکھو اور اس پر ٹکٹکی لگا کر دیکھو جب وہ چلنے کی کوشش کرے تو تم دل سے یہ آرزو کرو کہ چلنے سے باز رہے پس زیادہ توجہ کے ساتھ خواہش کرنے سے وہ رک جائے گا۔ جب رکنے لگے تو تم یہ خواہش کرو کہ چل نہ سکے۔ لیکن ہاتھ کا اشارہ کرو کہ وہ چلے اس کی متواتر مشق کا یہ فائدہ ہوگا کہ خواہ کسی عمر کا چوہا ہو حکم کی تعمیل کرے گا۔

اسی طرح عامل ایک چوہے کیا تمام حیوانات پر قلبی اثر ڈال کر ٹھہرا سکتا ہے یا چلا سکتا ہے اور اپنے احکام کی تعمیل کرا سکتا ہے۔

اور آخر ایک روز وہ آجائے گا کہ ہر شخص پر حسب مرضی اثر ڈال کر بہت سے کام نکالے جا سکیں گے' اور اگر عامل چاہے گا تو ہزاروں روپے کا فائدہ حاصل کر لے گا اور جس کو چاہے گا اپنی محبت میں گرفتار کر لے گا۔

مقناطیس حاصل کرنا

علم مقناطیس کے متعلق کچھ بتلانے سے پیشتر مجھے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ میں یہ عامل کو جتادوں کہ اس کو لازم ہے کہ مریض پر اچھا اثر ڈالے اور اس کے دوست احباب وعزیز واقارب کو بھی گرویدہ کر لے تاکہ وہ تمہاری تعریف مریض کے سامنے کریں اور خود بھی عمدہ نتیجے کے منتظر رہیں یاد رہے کہ ناامیدی اور بددلی بُری چیز ہے۔ اگر کبھی تمہیں کامیابی نہ ہو تو گھبراؤ مت بلکہ سمجھو کہ تم سے ضرور کوئی غلطی واقع ہوئی بس اس غلطی کی اصلاح کر لو گے تو تمہیں کامیابی ہوگی۔ مگر کبھی اپنی غلطی کو مریض پر ظاہر نہ ہونے دو اسے خود سمجھنے کی قابلیت نہیں ہے۔ اگر تم اپنے آپ میں ندامت کے آثار نہ ظاہر ہونے دو گے تو ہرگز واقف نہ ہوگا۔

اب میں بتانا چاہتا ہوں کہ علم مقناطیس ہے کیا؟ اس کا بالکل مختصر یہ جواب ہو سکتا ہے کہ جو چیز جسم اور دل کو قوت دیتی ہے اسی کو زندہ قوت مقناطیس کہتے ہیں کیا اچھا ہو کہ ہر شخص اس قوت سے فیض یاب ہو اور خود قوی اور تندرست رہے کسی کے بیمار ہونے کی وجہ یہی ہے کہ اس میں قوت مقناطیس نہ رہے یا کم ہو جائے۔

چنانچہ کھانسی دمہ سوزش حلق وغیرہ امراض لاحق ہونے کا مطلب یہی ہے کہ پھیپھڑوں کو کافی مقدار میں قوت مقناطیسی نہیں ملتی اس قوت کی زیادہ مقدار سینے میں پھیپھڑے میں رہتی ہے اس لیے عمدہ غذا کھانے اور سانس کے ذریعے تازہ ہوا کے

جذب کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ زود ہضم غذا کھانے سے قوت مقناطیسی بڑھتی ہے روزانہ علی الصبح سو کہ اٹھتے وقت سینہ کو اٹھا کر اپنے پھیپھڑوں کو تازہ ہوا سے اچھی طرح بھر لیں اور پھر رفتہ رفتہ نکالیں یہ عمل دن میں کئی مرتبہ کرنا مفید ہے۔

مریض سے بھی ایسا ہی کرانا چاہیے مردہ اور زندہ میں یہی فرق ہے کہ دوسرے میں مقناطیسی قوت ہوتی ہے اور پہلے میں نہیں ہوتی۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ مرض کا یہی مطلب یہ ہے کہ کسی جسم کے حصے کی قوت کم ہوتی یا قوت کی گردش اس مقام پر نہیں ہوتی۔ پس علاج حسب اصول یہی ہوا کہ اس مقام پر مقناطیسی قوت۔ تحریک یا دوا۔ یا مقناطیسی دور کے ذریعے پہنچائی جائے۔

مقوی اور نشیلی اشیائے سے گئی ہوئی قوت باہ آجاتی ہے یعنی مقناطیسی قوت لیکن جب ان اشیاء کا استعمال چھوڑ دیا جاتا ہے تو وہ قوت نکل جاتی ہے' اور پھر آدمی کا جلدی کوچ کر جاتا ہے۔

تشخیص

قوت مقناطیسی کے ذریعے امراض کا فرداً فرداً علاج درج کرنے سے ضروری بات یہ ہے' کہ تشخیص کی بابت کچھ نہ کچھ لکھ دیا جائے اور یہ سادہ باتیں ہیں یعنی جب مریض تمہارے پاس آئے اس سے مرض کا حال پوچھو یہ اور بہتر ہے کہ اس کے آنے سے پیشتر اس کے دوست احباب سے پوچھ کر مریض کو مرض کی باتیں تم ہی اس کو بتلا دو لیکن غلط باتیں نہیں بتانا چاہیئے حالات کو اس ترکیب پر پوچھنا چاہیے کہ وہ گھبرانا جائے موجودہ بیماریاں پیدا ہونے کے اسباب دریافت کر لینے ضروری ہیں علاوہ ازیں چند باتیں خود اپنی عقل سے دریافت کریں۔ بدن کی جلد کی کیا کیفیت ہے مریض کی جسمانی قوت کیسی ہے غذا کیسی کھاتا ہے۔ عقل کتنی ہے مزاج کیسا ہے۔ اثر پذیری اور قوت فعال کی کیا حالت ہے آنکھوں کو دیکھو کہ چمکدار ہیں۔ ہتھیلی۔ سر میں درد تو نہیں ہے۔

اگر ہے تو زیادہ کس جگہ۔ آنکھوں سے دھندی تو نہیں دکھائی دیتا۔ کیا مصنوعی روشنی میں آنکھیں زیادہ تھک جاتی ہیں گلے میں درد خفیف ہے یا شدید اگر کھانسی ہے تو اس میں بلغم کم آتا ہے یا زیادہ پھیپھڑوں میں کسی موذی مرض کا تو دخل نہیں ہے اختلاج قلب تو نہیں کسی قسم کے درد کی تو شکایت نہیں۔ آنکھوں میں زردی۔ یعنی گرمی تو نہیں۔ اگر پیٹ میں تکلیف ہے تو کھانا کھانے سے پیشتر ہوتی ہے یا بعد میں پیشاب جلد جلد تو نہیں آتا اس کے پیشتر یا بعد تکلیف تو نہیں ہوتی۔ ناسور ہے تو کب سے ہے کمر میں درد تو نہیں ہے۔ کبھی لقوہ یا فالج تو نہیں ہوا ہے۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

امراض کا علاج

دردسر کا علاج

مریض کو کرسی پر بٹھائیں اور عامل پیچھے کھڑا ہو کر اس کے سر کو اپنے جسم کا سہارا دے اور دونوں ہاتھوں کو اس کی پیشانی کے وسطی حصہ پر رکھ کر انگوٹھوں کو سیدھا کھڑا کریں اور دس منٹ تک ہاتھوں کو آہستہ آہستہ مریض کے سر کے پیچھے کی جانب اپنی طرف کو کانوں کے ورے تک لا کر علیحدہ کر لیں اور دو منٹ تک لرزاں دور کریں بعد ازاں دونوں ہاتھوں سے پیشانی' سر اور اطراف پر کسی قدر دباؤ ڈالیں۔ پھر مریض سے تین چار لمبے سانس دلوا کر ہوا خارج کریں پھر اس کے سامنے کھڑے ہو کر تین چار بار جلدی جلدی تالیاں بجائیں آنکھیں کھلوائیں اور مریض کو گھور کر یقین کے لہجہ میں کہیں۔ اب تو آپ کو آرام ہے نا ٹھیک بات۔

چہرہ کا درد

مریض کو سیدھا لٹا کر آنکھیں بلند کروائیں اور اس سے کہہ دیں کہ دل میں خیال کرے کہ اس علاج سے اسے ضرور آرام ہو جائے گا وہ اسی خیال میں لگا رہے اپنا دھیان کسی اور طرف نہ لے جائے خود عامل عضو بیمار کو دیکھے اور دل میں یکسوئی سے خیال کرے کہ معمول کو ضرور آرام ہو جائے گا دونوں ہاتھوں سے دور اس طرح کرے کہ سر کے بالائی حصے سے رخسار کی ہڈیوں کی طرف ہو کر ٹھوڑی تک ہاتھ لے جا کر اس مقام سے ہٹائیں اور مریض کے درد کی طرف کے کان میں گرم سانس ڈالیں معمولی

دور کرنے کے دو منٹ تک لرزاں دور ذرا لرزتے ہوئے ہاتھوں سے کرے اور مریض سے کہیں کہ تین بار لمبا اور گہرا سانس لیں اور اندر کی ہوا جلد نکال دے۔ یہ تمام کار روائی دس منٹ میں ہو جانی چاہیے۔

دانت کا درد

مریض کو لٹائیں یا کرسی پر بٹھائیں جس میں مریض آرام سے رہے پھر آٹھ منٹ تک درد پر دونوں ہاتھوں سے معمولی طریق پر اور دو منٹ لرزاں دور کریں اور اس سے بھی گہری سانس نکالنے کو کہیں اور درد کی جانب کی کان میں گرم پھونک ماریں۔ جس جانب کے دانت میں درد ہو۔

کان کی بیماریاں

عامل مریض کی پشت پر کھڑا ہو اور دونوں ہونٹوں کی دوسرے نمبر والی انگلیوں کو اس کے کانوں کے اندر ڈالیں اور نصف منٹ تک لرزاں رکھیں اور اس کے بعد سیدھی حالت میں کانوں میں سے نکال لیں پھر کان میں تین چار بار پھونک ماریں اور مریض کو ایک گہرا لمبا سانس لینے کی ہدایت کریں۔

آنکھ کی بیماریاں

عامل کو لازم ہے کہ مریض کو آرام سے لٹا کر سامنے سے دور کرے ماتھے سے شروع کر کے آنکھوں پر ہاتھ ملائے اور ناک کے نچلے حصہ سے علیحدہ لے جا کر چھوڑ دیں اسی طرح دو منٹ تک لرزاں دور کریں اور دونوں آنکھوں پر گرم سانس پھونکیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

پیٹ کی بیماریاں

مریض کی آنکھیں بند کروا کے چت لٹا دیں۔ پھر عامل کو چاہیے کہ اپنے سیدھے ہاتھ کو بائیں طرف اور بائیں ہاتھ کو داہنی طرف لا کر بیس منٹ پیٹ اور ناف پر سے دور کر کے پیٹ کی اطراف میں لائیں اور پھر علیحدہ کر لیں۔ پھر چار منٹ تک لرزاں دور کریں چار پانچ بار ناف پر پھونکیں اور مریض کو تین بار لمبا سانس لینے کی ہدایت کریں آرام ہو جائے گا۔

انتڑیوں کی بیماریاں

دست۔ تشنج۔ باؤ گول۔ بدہضمی۔ مڑور۔ وغیرہ بیماریوں کے علاج کے لیے بیمار کو چت لٹا کر دس منٹ تک ناف سے چشم کے نچلے حصہ تک دور کریں پھر دو منٹ تک لرزاں دور پھر تین بار گرم سانس پھونکیں۔

امراض قلب

سینے کے اوپر دونوں ہاتھوں کو اوپر کے رخ عامل اس طرح رکھے کہ دونوں انگوٹھوں کی پشت باہم مل جائے پھر ہاتھوں سے نصف دائرہ کی صورت میں اس طرح سے دور کریں کہ دونوں انگوٹھوں کے درمیان میں جگہ رہ جائے حتیٰ کہ بتدریج دونوں ایک دوسرے کی سیدھ میں ہو جائیں پھر دس منٹ تک معمولی دور کریں اور دو منٹ تک لرزاں اور پانچ چھ مرتبہ سینے پر گرم سانس پھونکیں تین بار مریض سے گہرے سانس لینے کو کہیں۔

امراض جگر

عامل کو چاہیے کہ مریض کو چت لٹائے اور آپ اس کی پشت کی طرف آ کر

دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کو سیدھا کر لے۔ انگوٹھے اور کلے کی انگلیوں کے ناخنوں کو انگوٹھے اور کلمہ کی انگلیوں کے ناخنوں سے ترتیب ملا کر پشت کے بالائی حصہ سے نیچے چوتڑ تک لائیں اور پھر علیحدہ کر لیں۔ شکم اور انتڑیوں پر سے چوتڑ تک دور کریں پانچ چھ سانس جگر پر پھونکیں مریض سے تین بار گہرا سانس لینے کو کہیں۔

حلق کی بیماریاں

حلق کی تمام بیماریوں میں سوزش۔ دمہ۔ گلٹی۔ ذات الجنب وغیرہ امراض کا علاج ہے کہ مریض کو چت لٹا کر آنکھیں بند کرائیں اور دونوں ہاتھوں سے گلے کے قریب سے سینے تک اور سینے سے پاؤں تک معمولی دور کریں' اور اس مقام پر داہنے ہاتھ کو بائیں طرف اور بائیں ہاتھ کو داہنی طرف لا کر الگ کریں' اور پندرہ منٹ کے بعد پھیپھڑے پر گرم سانس پھونکیں۔ حلق کے اندر یعنی گلے میں تکلیف ہو تو اس پر تین بار پھونکیں۔ بعد ازاں دو منٹ تک لرزاں دور کر کے مریض سے تین بار لمبا گہرا سانس دلوائیں۔

گردن کا درد

گردن کے پاس سے حلق تک دور کریں۔ ہاتھوں کو حلق کے پاس لا کر جدا کر لیں۔ گردن اور رگوں پر ہاتھوں کو اس طرح پھیریں جس طرح آٹا گوندھتے ہیں۔ یہ دونوں عمل پندرہ بیس منٹ تک کریں۔ درد کے مقام پر چار بار گرم سانس پھونکیں۔ دو منٹ لرزاں دور کریں۔ مریض سے کہو کہ تین بار لمبا گہرا سانس لے۔

خون کی کمی

اگر مریض کے جسم میں خون کی کمی ہو تو تمام جسم پر دس منٹ تک دور کریں دل اور معدہ پر پانچ چھ بار گرم سانس پھونکیں۔ بعد ازاں دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

مریض سے کہیں کہ تین لمبے اور گہرے سانس لے۔

بخار

دس منٹ تک مریض کے تمام جسم پر دور کریں۔ پھر دو منٹ تک لرزاں۔ پھر پانچ منٹ تک تمام جسم پر ٹھنڈا سانس پھونکیں اور تین گہرے سانس لینے کو کہیں۔

زکام

پندرہ منٹ تک دونوں ہاتھوں سے سر کے بالائی حصے سے کسی قدر فاصلہ سے دور کرنا شروع کریں' اور پیشانی پر سے گزرتے ہوئے ناک کی جڑ تک لا کر ہاتھوں کو علیحدہ کر لیں۔ اگر گلے میں سوزش ہو تو گلے سے چھاتی تک دور کریں۔ اس کے بعد دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔ سوزش کی جگہ گرم سانس پھونکیں' اور مریض سے لمبے گہرے سانس لینے کو کہیں۔

بواسیر

مریض کو الٹا لٹائیں اور دس پندرہ منٹ تک دونوں ہاتھوں سے ریڑھ کی ہڈی کے اوپر سے دور کریں' اور بائیں ہاتھ کو داہنی طرف لائیں اور جسم کے نچلے حصہ پر آ کر دونوں ہاتھ ملائیں۔ دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔ تین بار گہرا لمبا سانس لیں۔

اعصاب کے امراض

تمام اعصابی بیماریوں مثلاً لقوہ۔ سکتہ۔ سودا۔ دیوانگی کا علاج اس طرح کریں کہ مریض کو چت لٹا کر دس منٹ تک سر کے نیچے سے ایڑی تک دور کریں۔ پھر دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔ پھر الٹا لٹا کر پشت پر تھپکی لگائیں۔ بعد ازاں دل۔ دماغ کی جڑ' اور کمر پر گرم سانس پھونکیں اور مریض سے تین بار گہرا سانس لینے کو کہیں۔

جلدی کی بیماریاں

جلد کی تمام بیماریوں۔ جلن۔ خارش۔ پھوڑے۔ پھنسیوں کے علاج کی تدبیر یہ ہے کہ عضو ماؤف کے ذرا اوپر سے چار انچ نیچے تک دور کر کے ہر دفعہ ہاتھ الگ کریں۔ لیکن اس بات کا خیال رہے کہ ہاتھ جسم سے چوتھائی انچ کے فاصلہ پر رہے۔ جسم سے مس نہ کرے۔ بعد ازاں اوپر سے نیچے کی طرف منہ کو ذرا فاصلہ پر رکھ کر ٹھنڈی سانس پھونکیں اور تین بار گہرا لمبا سانس لیں۔ یہ سب علاج پندرہ منٹ میں ختم کر دیں۔

اعضائے تناسل کی بیماریاں

عامل کو چاہیے کہ مریض کو لٹائے یا سیدھا کھڑا کرے۔ جس صورت کو مریض پسند کرے۔ پھر عامل اپنے ہاتھوں سے دس منٹ تک اسی طرح دور کرے کہ وہ کندھوں کی ہڈی کے نچلے حصہ سے گزرتے ہوئے دونوں سروں تک پہنچ جائیں۔ بعد ازاں دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔ گردوں پر تین بار گرم سانس پھونکیں۔ پھر چت لٹا کر چھ منٹ تک انتڑیوں کے اوپر سے تین یا چار انچ کے فاصلہ سے دور کریں اس طرح کہ ہاتھ انتڑیوں پر سے ہوتے ہوئے سرینوں کے آر پار نکل جائیں۔ اس کے بعد منٹ تک انتڑیوں پر لرزاں دور کریں۔ تین بار گرم سانس پھونکیں اور تین بار لمبا گہرا سانس لینے کی ہدایت کریں گردوں کی بیماری کا بھی یہی طریقہ ہے۔

مردوں کی خاص بیماریاں

مرض کو لٹا لٹا دیں اور دس منٹ تک سر کے پیچھے سے ایڑی تک دور کریں۔ پھر دو منٹ تک سر کے پیچھے سے ایڑی تک دور کریں پھر دو منٹ تک لرزاں دور کریں' اور دماغ کی جڑ اور کمر پر چار چار پانچ پانچ مرتبہ گرم سانس پھونکیں اور چت لٹا کر دس منٹ

تک پیٹ سے پاؤں کے انگوٹھوں تک معمولی دو منٹ لرزاں دور کریں۔ دل پر چار پانچ دفعہ گرم سانس پھونکیں۔

عورتوں کے مخصوص علاج

مریضہ کو لٹا لٹا کر دس منٹ تک سر کے نیچے سے پاؤں کی ایڑی تک دور کریں۔ اسی طرح دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔ پھر دماغ کی جڑ اور سر پر چار چار پانچ پانچ دفعہ گرم سانس پھونکیں۔ پھر چت لٹا کر دس منٹ تک پیشانی سے پاؤں کے انگوٹھوں تک معمولی اور دو منٹ تک لرزاں دور کریں۔ دل پر چار پانچ دفعہ گرم سانس پھونکیں اور مریض سے تین بار گہرا سانس لینے کو کہیں۔ لیکن گرے ہوئے رحم کے اٹھانے اور بہتے ہوئے خون کو بند کرنے کے لیے نیچے سے اوپر کو دور کریں۔

نوٹ:

اسی طریقے سے باقی بہت سی بیماریوں کا جن کی تفصیل ہم بوجہ طوالت اس جگہ درج نہیں کر سکتے عامل علاج کر سکتا ہے۔

بات یہ ہے کہ ایک سیر علم کے لیے ایک من عقل کی ضرورت ہے خصوصاً اس مقناطیسی قوت سے کام لینے والے کے لیے۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

میز پر روح بُلانا

ہم ذیل میں میز پر روح بلانے اور اس سے سوالات کے جواب حاصل کرنے کا ایک نہایت مفید طریقہ درج کرتے ہیں۔ اگرچہ اس سے پہلے اور کئی مشقوں کا بھی بیان کرنا ضروری تھا۔ لیکن ہم ان سب کو نظر انداز کیے دیتے ہیں تاکہ یہ کتاب طول نہ پکڑے۔

اس عمل کا نام ہے میز پر روح بلانا۔ جس مکان میں یہ عمل کیا جائے وہاں چند باتیں ہونا لازمی ہیں۔ مکان پاک صاف اور معطر ہو وہاں شور وغل نہ ہو۔ زیادہ روشنی نہ ہو۔ یعنی کسی قدر تاریکی ہو۔ کمرہ ہوادار ہو۔ مگر بالکل کھلا ہوا بھی نہ ہو۔ مکان زیادہ بڑا بھی نہ ہو۔ کمرے میں نمی نہ ہو۔ اس مکان میں کوئی مریض نہ ہو۔ کوئی دھیان بٹانے والا نہ ہو۔

میز کے بنانے کی ترکیب

میز بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک بہت ہلکا تختہ لے کر اس میں سے ایک گول ٹکڑا تراشواؤ۔ اس کا قطر ایک فٹ ہونا چاہیے۔ مگر اس کا وزن تیس تولہ سے زیادہ نہ ہو۔ یہ تختہ سادہ ہو۔ یعنی اس پر وارنش وغیرہ نہ کیا گیا ہو پھر ایک اور گول لکڑی کا چھوٹا تختہ تین انچ چکلی کی مانند بنوائیں اور اس کے نیچے لگا کر اس میں ایک گول لکڑی قریباً تین فٹ لمبی لگائیں اور اس کے نیچے تین پائے لگائیں اس کی بلندی اس قدر ہونی

چاہیے کہ فرش پر بیٹھ کر اس کے اوپر ہاتھ آسانی سے رکھے جاسکیں۔ یا کرسی پر بیٹھ کر یہ اپنی مرضی پر منحصر ہے۔ ان سب اجزاء کا مجموعہ میز ہوگا۔ مگر یاد رہے کہ اس میں کیل وغیرہ نہ لگائی جائے۔

ترکیب عمل

ترکیب عمل یعنی روح کے بلانے کا طریقہ یہ ہے کہ پانچ یا سات آدمی میز کے گرد بیٹھیں اور آہستگی سے اس پر ہاتھ رکھیں انگلیاں میز سے ملی رہیں اور ہتھیلی اونچی رہے' اور انگلیوں سے آہستہ آہستہ تختے پر حرکت دیتے رہیں۔ یہ عمل روزانہ آدھا آدھا گھنٹہ ایک ہفتہ تک کریں۔ ایک ہفتہ کے آخری روز اس میز میں روح آئے گی۔ جو چاہیں اس سے دریافت کریں۔

گفتگو کرنے کا طریقہ

آخری روز میز سے سوال کرو کہ اگر تجھ میں کسی کی روح آئی ہے تو ایک پایہ گرا پس اگر ایسا ہو تو سمجھ لو کہ روح آگئی۔ پھر اور سوال حسب مرضی کرو۔ مثلاً فلاں شخص آئے گا یا نہیں۔ اگر آئے گا تو دو پائے گراؤ۔ جیسا ہو اس کے مطابق جواب سمجھ لیں۔ یا سوال کرے کہ فلاں چیز جو چوری گئی ہے ملے گی یا نہیں۔ اگر ملے گی تو ایک ورنہ دو پائے اٹھا کر زمین پر مار۔ پس جیسا ہوا اس کے مطابق جواب سمجھ لیں۔ اگر کوئی دوسرا شخص سوال کرے تو اس کا ہاتھ بھی رکھوائیں اور اس سے سوال کرائیں۔ مثلاً وہ شخص پوچھے کہ میری نوکری لگے گی یا نہیں' اور یہ کہے کہ ہم اردو حروف تہجی پڑھتے ہیں۔ جواب کے حروف پر پایہ گراؤ۔ یا پایہ زمین پر مارو جب کسی حرف پر پایہ گرے تو اس حرف کو لکھ لے شروع سے حروف تہجی پڑھے اور انہیں بالترتیب لکھتا جاہیے۔ حتیٰ کہ کوئی با معنی عبارت بن جائے۔ اس ترکیب سے ہر قسم کے سوالوں کا جواب مل جائے گا۔ لیکن اپنے

مطلب کے سوالات دریافت کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ حسب ذیل سوالات کرے۔

اول نمسکار کرے اور کہے کہ اگر قبول ہے۔ تو ہمارے سامنے کا پایہ گراؤ۔ اگر قمیل ہو تو قبول کیا ہوا سمجھے۔

پھر آپ کا مزاج کیسا ہے؟ اگر چاہے تو ایک بار ورنہ دو بار پایہ گرا پایوں کی حرکت مطابق جواب سمجھے۔

آپ کا نام کیا ہے؟ اگر بتلا سکتے ہیں تو تین بار ورنہ ایک بار گراؤ اس کے مطابق جواب سمجھیں۔

آپ اپنا نام کس زبان میں بتلائیں گے۔ اردو۔ ہندی۔ انگریزی اگر اردو میں تو ایک بار اور اگر ہندی میں تو دو بار ورنہ تین بار پائے گراؤ۔ میز جیسا کرے اس کے مطابق جواب سمجھیں اور پھر اسی زبان میں اور سوال کریں یعنی اس زبان حروف بیان کرے۔

جیسا اوپر تفصیل سے لکھا جا چکا ہے۔ اسی طریقے پر روح سے اپنے اور لوگوں کے دل کے ہر قسم کے حالات دریافت کیے جا سکتے ہیں روح بشرطیکہ اس کے اختیار میں ہو ضرور بتائے گی ورنہ انکار کرے گی آپ اس وقت اس سے یہ بھی دریافت کر سکتے ہیں کہ تم کسی ایسی روح کا نام لو جو ہمارا یہ راز بتائے اور یہ کہ اس کو کس طریقے سے بلائیں۔ اس کے جواب پر عمل کریں۔

یہ یاد رہے کہ جب روح آجاتی ہے اور پائے بموجب کہنے کے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ تو پھر ممکن نہیں کہ آپ کی اجازت کے بغیر پایہ گر جائے۔ مثلاً آپ نے روح سے سوال کیا کہ اگر آپ عالم ہیں تو دو بار پایہ گراؤ۔ روح یہی کرے گی اور پایہ کھڑا رہے گا۔ پس ایسی حالت میں اگر آپ اور آپ کے ساتھی خواہ کتنا ہی زور کیوں نہ

لگائیں پایہ ہرگز نہ گرے گا۔ البتہ اس کا ٹوٹنا یا اکھڑنا ممکن ہے۔ پس خیال رہے کہ روح کے ساتھ دل لگی باتیں نہ کریں۔ اگر وہ ناراض ہوگئی تو وہ پھر نہ آئے گی یا کچھ نقصان پہنچائے گی۔ پس ان باتوں کی پوری احتیاط ضروری ہے۔

ایک اور مشق

ایک مربع فٹ سفید کاغذ ذرا موٹا لو اور اس کو روپے کی گولائی کے برابر سیاہ کردو۔ اس سیاہی میں سفیدی کا کہیں ذرا داغ نہ رہنے پائے پس اس کاغذ کو اپنے پلنگ کے سامنے دیوار پر ایسی جگہ پر چسپاں کرو کہ تمہاری نگاہ ذرا اوپر اٹھانے سے اس پر جا پڑے نشست خواہ فرش پر ہو خواہ کرسی پر پس اس داغ کو نظر جما کر دیکھو اور سانس صرف ناک سے نکالو۔ منہ بند رکھو اور بغیر پلک جھپکائے جتنی مدت تک دیکھ سکتے ہو دیکھتے رہو۔ شروع مشقوں میں آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں گے اور کسی قدر تکلیف محسوس ہوگی۔ مگر کوئی اندیشہ کا مقام نہیں۔

فائدہ

علاوہ نگاہ کے تیز ہونے کے علاوہ کے اس مشق کا ایک فائدہ یہ ہے کہ بعض لوگوں کو دور کی شے نظر نہیں آتی، اور بعض کو قریب کی پس ان دونوں شکایتوں کا علاج یہ مشق ہے۔

یاد رہے کہ قریب کی چیز دیکھنے والوں کی (جو دور کی چیز نہ دیکھ سکیں) پتلی دور کی شے دیکھتے وقت سکڑ جایا کرتی ہے، اور دور میں لوگوں کے قریب کی دیکھتے وقت پھیل جایا کرتی ہے۔ اس لیے دونوں قسم کے لوگوں کے دیکھنے میں فرق آجایا کرتا ہے۔ اس لیے قریب کے لیے ڈاکٹر وہ عینک تجویز کیا کرتے ہیں جو ان کی پتلی کو پھیلائے، اور اس کو اصطلاح میں کانکیو (دبی ہوئی سطح والی) کہتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس دوتین اشخاص کے

لیے اس قسم کی عینک تجویز کی جاتی ہے۔ جس سے پتلی سکڑی رہے اس عینک کو ڈاکٹر لوگ کانوکس (ابھری ہوئی سطح والے) کہتے ہیں۔

جس آدمی کو دور کی شے صاف نظر آتی ہو۔ لیکن قریب کی اچھی طرح نہ دکھائی دیتی ہو وہ کاغذ کے اوپر ایک چنے کی دال کے برابر لفظ لکھ کر دیوار پر لٹکا کر چھ فٹ کے فاصلے سے ٹکٹکی لگا کر بغیر پلک جھپکائے روزانہ نصف گھنٹہ دیکھا کرے۔

پس اس مشق سے ایک ہفتہ کے اندر اس کی پتلی سکڑنے لگے گی اور رفتہ رفتہ یہی حالت قائم ہو جائے گی۔ کیونکہ رگ ٹینا جس میں آنکھوں کے گولے بندھے ہوئے ہیں اور جس کے ذریعہ روشنی دماغ کے اندر جاتی ہے۔ مضبوط ہو جائے گی۔

اثنائے عمل میں مرغن غذا استعمال کرنی چاہیے اور دوسرے کاموں میں آنکھ پر زور نہیں ڈالنا چاہیے۔

قریب بیں کا علاج

جس شخص کو قریب کی شے نظر نہ آتی ہو اور دور کی صاف نہ معلوم ہوتی ہو وہ سفید کاغذ یا دیوار پر ایک فٹ محیط کا سیاہ داغ بنائے اور اس کو اس قدر فاصلہ سے دیکھے کہ جہاں سے اسے صاف نظر آتا ہو۔ پھر روزانہ اس کے فاصلے کو بڑھاتا جائے۔ جب اس قدر فاصلے تک بخوبی دیکھنے کی عادت ہو جائے جہاں سے وہ نشان نہ نظر آتا ہو تو سمجھ لیں کہ اس کی پتلی نے اب سکڑنا موقوف کر دیا۔ اس آدمی کو بھی چاہیے کہ تھوڑے عرصے تک کوئی باریک کام نہ کرے۔ اگر احتیاط کی جائے تو ایک ماہ کے اندر ہی یہ شکایت رفع ہو جائے گی۔

سورج پر نظر جمانا

سورج پر نظر جمانے کے دو وقت ہیں۔ ایک وہ کہ جب صبح طلوع ہونے کو ہو

اور ایک شام جب چھپنے کو ہو۔ پس ایسے وقت کسی میدان میں جا کر قرص آفتاب کو دیکھو۔ بدن کو سیدھا رکھو اور نظر کو ٹوٹنے نہ دو۔ ایسا کرنے سے ابتدائے مشق یا دو چار روز بعد سے آفتاب برابر سیاہ متحرک نظر آئے گا۔ مگر روزانہ حرکت خفیف ہوتی جائے گی۔ کہ آخر کار بالکل ساکن ہوگا۔ اس کی حرکت بند ہونا عمل کا اختتام ہے چاہیے کہ اس کے بعد عامل آرام سے بیٹھ کر اور آنکھیں بند کر کے اپنی دونوں ایڑیوں کے درمیان دیکھے اور جو بات دریافت کرنی ہو دریافت کرے۔ وہ روشن ضمیر ہو جائے گا اس سے امراض کا علاج بھی ہو سکتا ہے اور رات کے وقت چاند پر نظر جمانے سے بھی یہ مقصد حاصل ہوتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ سورج کو ایسے موقع سے نہ دیکھا جائے کہ اس کا عکس سامنے پانی میں پڑ رہا ہو کیونکہ یہ مضر صحت ہے۔

عمل مذکور سے دل و دماغ پر کم و بیش ضرور حرارت کا احساس ہوا کرتا ہے۔ مگر خطرناک نہیں ہے چاہیے کہ اس کے شا کی سرد اشیاء کا استعمال حسب ضرورت کریں۔

امراض کا علاج

مذکورہ بالا طریقے سے امراض کا علاج اس طرح کیا جاتا ہے کہ اگر مرض گرم ہو تو تصوری چاند اور سرد ہو تو تصوری سورج دو تین تولہ پانی یا اور کسی نقوع یا مطبوخ میں کچھ دیر دیکھ کر پلاؤ۔ اس سے مہلک مرض بھی جاتا رہے گا۔

اندھیرے میں اجالا کرنا

مذکورہ بالا مشق کے فائدے بے انتہا ہیں جن سے عامل بڑے بڑے فائدے حاصل کر سکتا ہے۔ ایک فائدہ یہ ہے کہ اس کا عامل اگر کسی اندھیرے مکان میں ہو یا کسی جنگل میں اس کا گزر ہو جہاں اندھیرا ہی اندھیرا ہو۔ وہ اپنے اس عمل کے زور سے وہاں روشنی کر سکتا ہے۔ اسی طریقے سے چراغ کی لو یا مشعل پر نظر جما کر اندھیری رات میں سفر کر سکتا ہے اور اس ذریعے سے ہزاروں میل جا سکتا ہے۔

طلسی سانپ
جادو کا سانپ

گندھک ڈیڑھ چھٹانک۔ کافور دس تولہ۔ سفیدہ پانچ تولہ۔ ہر ایک کو جدا جدا پیسو۔ بعد ازاں ملا کر اس میں پتلا سریش ڈال کر پیسو۔ بعد ازاں اس میں تین گرین پھٹکری ملا کر بتیاں بنا کر خشک کر لو۔ اگر اس میں سے ذرا سا ٹکڑہ لے کر آگ سے ملاؤ سانپ بن جائے گا۔ اس مصالحے کی گولی بنا کر اس کو دیا سلائی دکھاؤ تو یہی تماشہ نظر آتا ہے۔

جادو کا چھلا

نمک کے پانی میں ایک دھاگہ تر کرو اور اس میں ایک ہلکا چھلا باندھ کر لٹکاؤ اور دھاگے کو چراغ سے جلا دو۔ چھلا لٹکا رہے گا مگر اس کو حرکت نہ دیں۔

آندھی میں چراغ جلے

نمک پیس کر سن کے کپڑے پر چپڑ کر اور اسی کپڑے کو موم بتی کے گرد لپیٹ کر روشن کرو۔ یہ بتی آندھی میں بھی گل نہ ہوگی۔

رات کو سورج

انڈے کی زردی مٹی کے نئے کوزے میں رکھ کر اس میں اسی قدر ہرتال کا

سفوف ڈالیں اور تھوڑا سا خون بھی اس میں ملائیں۔ بعد ازاں کسی برتن میں ڈال کر دھوپ میں لٹکا دو۔ اس سے ایک قسم کے کیڑے پیدا ہو جائیں گے اب ان کو ایک دوسرے برتن میں ڈال دو۔ اور انڈے کی زردی کیڑوں کو کھلا دو۔ یہ سب کیڑے ایک دوسرے کو کھا کر صرف ایک رہ جائے گا اب اس کو دھوپ میں لٹکا دو۔ حتیٰ کہ مر کر خشک ہو جائے۔ بعد ازاں اس کو پیس کر ایک بڑے سفید پیالے پر لپیٹو اور اس کو اندھیرے میں ایک طاق میں رکھ دو اور اس پر پردہ ڈال دو اور ایک یوم تک اس مکان میں مدار کی لکڑی کی دھونی دو حتیٰ کہ مکان سیاہ ہو جائے۔ بعد ازاں طاق پر سے پردہ ہٹا دو۔ پس وہ پیالہ آفتاب کی مانند چمکے گا۔

سونے کا مکان

مرغی کے انڈے کی زردی کو ایک رات اور ایک دن کھرل میں ڈال کر پیسو حتیٰ کہ وہ خشک ہو جائے بعد ازاں اس میں بورہ ارمنی کے پانی کو ڈال کر جذب کرنا شروع کرو یہ جتنا زیادہ ڈالا جائے گا اتنا ہی بہتر ہے۔ اس کے بعد سونا مکھی جو خوب سبز اور زرد ہو۔ پیس کر بلور کے برتن میں رکھ کر نیز اس میں تیز سرکہ ڈالو یہ سفوف سے دو انگل اونچا رہے پھر اس کو ایک ہوا سے محفوظ مقام میں رکھ دو بلکہ روزمرہ ہلاتے جلاتے رہو۔ پس جب تک سرکہ سیاہ ہوتا رہے اس میں اور سرکہ ملاتے رہو۔ جب وہ سیاہ نہ ہو اور اس میں تبدیلی ہونی بند ہو جائے۔ تو اس کو خشک کر لیں؛ اور پھر پہلے مرکب بورہ ارمنی اور زردی بیضہ کے ساتھ ملا کر کھرل کریں اور دو کوزے زجاجی میں گل حکمت کر کے اور خشک کر کے معتدل آگ پر پکائیں جب صبح کو سرد ہو جائے تو اس میں سے نکالو اور اھول اور گرد وغیرہ اس میں نہ پڑنے دو۔ اس کے بعد اس سے نصف طبقی ہڑتال لے کر اور پانی ڈال کر کھرل کرو اور ان سب کو بیضہ مرغ کی سفیدی۔ زعفران۔ سریش میں اال دو اور آگ پر رکھ کر پکاؤ پھر اس مصالحے کو ایک صاف ستھرے مکان کی دیوار پر

لیپ کرو۔ جب خشک ہوجائے تو چینی کی چمک پیدا کرنے والا تیل لگاؤ۔ اس سے مکان سنہری نظر آئے گا۔

دنیا میں فرشتے اتارنا

بھیڑ کی دو آنکھوں کو شیشے کے برتن میں سات روز تک تشو یہ کر کے اور روغن زیتون میں ملا کر اس میں روئی کی بتی روشن کرو اس مکان میں جو شخص ہوگا وہ فرشتہ معلوم ہوگا۔ خواہ اندر والا ہو خواہ باہر سے آنے والا ہو۔

روشن پانی

ایک چھوٹا سا گلاس لے کر اس کے نصف حصہ میں پانی بھر دو اور اس میں فاسفورس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈال دو۔ بعد ازاں مٹی کے ایک برتن میں تھوڑا سا پانی بھر کر اور اس کے اندر گلاس رکھ کر نرم آنچ پر رکھو۔ پس جب پانی میں جوش آنا شروع ہوجائے تو ایک اور پتلی شیشی کو برتن مذکور میں ڈال کر پانی بھر دو۔ بعد ازاں شیشی کو خالی کر کے گلاس کے پانی کو شیشی میں بھر دو اور اس میں کچ کی ڈاٹ لگا کر اندھیرے میں رکھ دو پانی چمکدار ہوجائے گا۔

روشن تیل

لونگ کا تیل ایک بوتل میں بھر دیں۔ پھر اس کے اندر فاسفورس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈال کر رکھ دیں۔ پس جب یہ بوتل کھولی جائے گی تو تیل چمکے گا۔ لیکن یہ کیفیت رات کو معلوم ہوگی۔

ایک ظریفانہ طلسم

خرگوش کا خون۔ مرغ کا خون۔ سفید کبوتر کا خون۔ ہم وزن سرکین ہرن۔

سرکین خرگوش۔ ان کو ملا کر اور اس کو ایک فتیلہ پر اچھی طرح لگا دو اور اس بتی کو ایک نئے چراغ میں زیتون کا تیل ڈال کر روشن کرو۔ پس نہایت عجیب و غریب تماشہ نظر آئے گا یعنی اگر اس روشنی میں طوائف لائی جائیں گی تو برہنہ رقص کریں گی۔ قابل تجربہ طلسم ہے۔

پانی میں آگ لگنا

فلارنس۔ بوتل میں تیرہ حصے فاسفوریس ایک چھٹانک صاف پانی بھریں۔ پس چراغ کے اوپر گرم کرنے سے اس پانی میں آگ جلتی ہوگی۔

رومال اُڑنا

ایک ہی قسم کے دو رومال لو اور ان میں سے ایک کو آستین کے اندر رکھ لو اور دوسرا حاضرین کو دکھا دو۔ بعد ازاں ایک بکس کھول کر سب کو دکھا دو اور کہہ دو کہ دیکھو اس میں کچھ نہیں۔ مگر یہ باتیں بناتے ہوئے نظر بچا کے وہ آستین کا رومال اس میں آہستہ سے ڈال دو اور بکس میں قفل لگا کر میز پر رکھ دو اور باہر کے رومال کو جلا دو اور اس راکھ کو انداق میں بھر کر اسے جلاؤ صندوق کی طرف کو پھر کھول کر رومال نکال کر دکھا دو۔ سب لوگ حیران ہوں گے۔

روپیہ اڑا دینا

دو روپے لے کر ان کے اوپر دو پیسے چپکا دو اور بیسویں کی جانب سے سب کو اکٹھا کر پلٹ دو خلوص سمجھیں گے روپیہ بن گیا۔ مگر یہ عمل صفائی سے کرنا چاہیے مناسب ہے کہ رات کو کیا جائے۔

فراز شاہ وچ مانچسٹر

فوراً درخت اگانا

تخم کسوم کے تیل میں تلسی وغیرہ چھوٹے درختوں کے تخم ملا کر مٹی کے برتن میں ملا دیں' اور ان کو مٹی میں گاڑھ کر آٹھ روز کے بعد نکالیں اور انہیں احتیاط سے رکھ چھوڑیں' اور جب تماشہ دکھانا ہو اور بہت آدمی جمع ہوں تو انہیں معمولی تخموں کی مانند زمین یا گملے میں بوئیں تو بہت جلد یعنی ایک گھنٹہ کے اندر ہی درخت اگ آئے گا۔

پھول کا رنگ بدلنا

نوشادر' اور چونے کو پانی میں حل کر کے پھول پر لگا دو تو اس کا رنگ بدل جائے گا۔

نوع دیگر

جس پھول کا رنگ بدلنا ہو اس کو گندھک کی دھونی دو۔ پھول کا رنگ بدل جائے گا۔

اصلی رنگ

اگر تبدیل شدہ پھول کو تھوڑی دیر کے لیے پانی میں ڈال دیں تو اصلی رنگ پر آئے گا۔

خلاف موسم پھول پیدا کرنا

موسم بہار کے آخر میں درخت پر جلد کھلنے والی کلیاں معہ ایک دو انچ ٹہنی کے قینچی سے کاٹ لو' اور شاخوں کے سروں پر موم لگا دو' اور کچھ عرصہ اس طرح رہنے دو۔ جب وہ کملانے لگے تو ان کو علیحدہ علیحدہ صاف کاغذ میں لپیٹ کر بہ احتیاط صندوق میں رکھیں' اور حسب ضرورت سوکلی کو شاخ سے علیحدہ کر کے نمک کے پانی میں ڈال دیں تو ان پر اصل رنگ آجائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

انار کی کلی کو سفید کرنا

انار کی کلی کو گندھک کا دھواں دیں۔ اس کا رنگ سفید ہو جائے گا۔

توپ کا انڈا

انڈے کے دونوں جانب سوراخ کر کے اندرونی رطوبت نکال کر خول میں نمک اور چونے کا سفوف بھر دو' اور سوراخ کو موم سے بند کر کے ندی میں پھینک دو۔ اس کی آواز بالکل توپ جیسی ہو گی۔

بوتل میں فوارہ

ایک بوتل میں پانی بھر کر ڈاٹ لگا دو اور اس ڈاٹ میں ایک سوراخ کر کے اس میں ایک شیشہ نلی بھی لگا دو اور اس میں زور سے پھونک مار کر چھوڑ دو۔ فوارہ جاری ہو جائے گا۔

چھلے کا ناپ

ایک تھوتھا یعنی اندر سے کھوکھلا چھلا بنوائیں' اور ایک سوراخ بھی اس میں رکھیں۔ پس اس سوراخ کے رستے اس میں پارہ بھر دیں اور اس کا منہ بند کر دیں اب اس کو گرم کر کے میز پر ڈالیں۔ چھلا دیر دیر تک ناچے گا۔

پانی فوراً جمانا

موسم سرما میں ایک چھوٹے آب خورہ میں نمک کا پانی بھر دُ اور اسے تھالی پر آگ کے سامنے رکھ دو۔ بعد ازاں اس میں تھوڑی سی برف ڈال دو اور تھوڑی دیر تک ہلاتے رہو۔ اس ترکیب سے پانی جم جائے گا۔

http://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

آگ پر کپڑا نہ جلے

پھٹکری اور انڈے کی سفیدی میں کپڑے کو تر کرو۔ بعد ازاں اس کو نمک کے پانی سے دھو ڈالو اور خشک کر کے آگ پر رکھو تو وہ ہرگز نہ جلے گا۔

ایک بوتل میں چار رنگ

ایک پکے شیشہ میں کٹا ہوا کچ بھر دو اور اوپر سے اس میں تھوڑا سا آئل آف ٹارٹار اور سالٹ آف ٹارٹار کا مکسچر اور اک آئل ملاؤ اور بوتل کو ہلا کر رکھ دو۔ اس میں چار رنگ جدا دکھائی دیں گے۔

خفیہ تحریر

نوشادر کے پانی سے لکھ کر خشک کرو۔ اب یہ بالکل معلوم نہ ہوگی مگر آگ کے سامنے کرنے یا گرم کرنے سے یہ حرف پڑھے جائیں گے۔

جادو کی بوتل

ایک چھوٹی تنگ منہ کی شیشی میں سرخ شراب بھر کر شیشے کے گلاس کے اندر رکھ دو یہ گلاس شیشی سے دو انچ بڑا ہو۔ اس میں اوپر تک پانی بھر دو اب یہ تماشہ دیکھنے میں آئے گا کہ شراب شیشی سے نکل کر گلاس میں اور پانی شیشی میں جائے گا۔ حاضرین تعجب کریں گے۔

جادو کا چمچہ

ایک گھڑیا کے اندر چار اونس بسمتھ ڈالو اور اسے دہکتے ہوئے کوئلوں پر رکھو۔ جب وہ پگھلنے لگے تو اس میں ڈھائی اونس سیسہ اور ڈیڑھ اونس رنگ اور ملاؤ اور سب کو گلا کر اور ایک موصلی سی بنا کر سرد کر لو اور سانچہ سے اس کا چمچہ بنوالو۔ جب اس چمچہ سے گرم چائے پی جائے گی تو وہ گل جائے گا اور ڈنڈی ہاتھ میں رہ جائے گی۔ تمام شد

متفرق عملیات

تنتر حب

بروز اتوار یا سنیچر برہنہ ہو کر انجیر کی لکڑی لائیں اور راستے میں ہی اگر مطلوب مرد ہو تو کتے کو مارے اگر عورت ہو تو کتیا کو مارتے وقت یہ کہے اگر فلاں بن فلاں میری محبت میں دیوانہ نہ ہو گا تو تجھ کو ہلاک کر دوں گا پھر لکڑی کو زمین پر سے اٹھا کر اس کا کوئلہ بنا لے اور اپنے بیسوں ناخن، تخم مروی دلب پر چہار اشیاء کو ملا کر گولی بنائیں۔ مطلوب کو پان یا دیگر خوردنی اشیاء میں کھلائیں تو وہ اس کی محبت میں پریشان ہو کر مطیع ہو جائے۔

خاک مسان، آب منی منقار زاغ، آب دہن، کثافت چشم رسوئے زہار اور اپنے بیسوں ناخن جلا کر بروز یک شنبہ زعفران میں حل کر کے گولیاں تیار کریں ایک گولی کسی خوردنی پیز میں رکھ کر محبوب کو کھلا دیں تا عمر مطیع رہے گا۔

بروز یکشنبہ اپنے بیسوں ناخن اور زبان زاغ سفید خاک مسان کو جلا دیں اور لعاب دہن اپنا خون بائیں دست کی چھنگلی کا نکال کر اس میں ملا کر گولیاں بنائیں اور اسی روز ایک گولی اپنے محبوب کو کھلا دیں مطیع ہو گا۔

بروز اماوس ایک سیاری لے کر اس میں سوراخ کر کے اندر اپنا تخم بھر دیں اور رات کو چوراستہ میں دفن کریں اور پھر دوسری اماوس کو علی الصبح ہی نکال لائیں اور اسے ریزہ ریزہ کر ڈالیں اور تھوڑی تھوڑی سی لے کر پان میں رکھ کر محبوب کو کھلائیں تا حیات تابع رہے گا۔

نو چندے سر شنبہ کو اپنے بیسوں ناخن تراشیں پھر ایک منگل درمیان چھوڑ کر تیسرے منگل کو جلا ڈالیں لوبان اور گوگل کی دھونی دے کر اس راکھ کو رکھ لیں بوقت ضرورت تھوڑی سی لے کر کچھ محبوب پر ڈالیں اور کچھ کھلا دیں اسی وقت سے از حد محبت ہو گی۔

بروز اتوار ایک شیر خرما آب منی خود اور شکر تری ملا کر محبوب کو کھلا دیں وہ از حد مطیع ہو گا۔

شب یکشنبہ کو بیخ بھنگرہ سیاہ آب منی خود میں شکر تری میں گھس کر گولی بنائیں اور جسے کھلائیں تابع ہو گا۔

بروز یکشنبہ قند سیاہ آب منی خود ان دونوں کو پتھری کے برتن میں آٹھ پہر رکھ چھوڑیں اور بعد اپنے محبوب کو کھلائیں اور محبت کا مزا چکھیں۔

بروز اتوار علی الصبح زہرہ طاؤس یعنی پتہ مور محبوب کو کھلا دیں۔ محبت میں دیوانہ ہوگا۔
بروز یکشنبہ بعد نماز ظہر باوضو ہو کر ہدہد کی چوٹی کاٹیں اور ریزہ ریزہ کر کے قند سیاہ میں یا کسی شیرینی میں ملا کر محبوب کو کھلائیں تاحیات جدا نہ ہوگا۔
شب پنجشنبہ کو جگنو پکڑ کر روغن زیتون میں ملائیں اور اکیس دن تک شعاع آفتاب میں رکھ چھوڑیں بعدہ جس جگہ جانا منظور ہو اس روغن کو پیشانی پر لگا کر جائیں مطلوب مطیع ہوگا۔

عملیات کی دنیا
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

FREE AMLIYAAT BOOKS

کان کی درد کا جنتر

اس جنتر کو پیپل کے پتہ پر لکھا کریں ایک ہفتہ کے بعد سدھ ہوگا۔ پھر اپنا کام کرنے کے لئے ٹھیک ہوگا۔ جب کسی مریض کو یہ جنتر دینا ہو۔ اس وقت عامل جس نے سدھی حاصل کر لی ہوئی ہے۔ وہ اس جنتر کو مکو کے پانی سے مکو کے پتہ پر لکھ کر اس کا پانی نکال کر کان میں ڈالنے سے کان کی درد دور ہو جاوے گی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

اندھیرے میں سب کچھ دیکھنا

الو کا سر کپڑے میں لپیٹ کر کھمی میں تر کر کے اس کو روشن کریں اور اس کے اوپر کچی بیالی رکھ کر کاجل اتار لیں جو شخص وہ کاجل آنکھوں میں لگائے اس کو اندھیرے میں سب کچھ نظر آئیں۔

عجیب وغریب سرمے

سرمہ جس کے لگانے سے روحیں نظر آئیں

اس سرمے کا نام اکمل اعظم یعنی سب سے اچھا سرمہ کیونکہ اس کے لگانے سے روحیں نظر آتی ہیں تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیے کی آنکھ ہدہد کی آنکھ ابابیل کے تین بچوں کی آنکھیں ہرن کی آنکھ بکرے کا پتہ جنگلی سیاہ بلی کی آنکھ اور اس کا پتہ اور ران سب کو ایسے مکان میں رکھ کر خشک کرو جہاں مرغ کی آواز نہ پہنچتی ہو جب خشک ہو جائیں تو باریک پیس لو اور ایسے شہد میں ملا کر مجون میں ملاؤ جسے آگ پر نہ رکھا گیا ہو پھر اس مجون کو جلائیں اور شیشے یا بن قلعی کئے ہوئے تانبے کے برتن سے اس کی کاجل حاصل کرو صبح کے وقت بیری کی لکڑی کا سرمچہ بنا کر اس سے یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں گے تو جن دکھائی دیں گے اگر مجنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائی دے۔

سرمہ جس کے لگانے سے جن دکھائی دیں

تسخیر یکھنی

جو صاحب یکھنی سدھی حاصل کر کے اپنا کام کرنا چاہیں وہ آگے لکھے ہوئے منتروں سے اپنا کام ٹھیک کر سکتے ہیں۔

دولت حاصل کرنے کا منتر

اوم شری مہالکھمی دیوی نمہ

ترکیب:

اس منتر کو حفظ کر لیں۔ پھر بڑ کے درخت کے نیچے بیٹھ کر چالیس روز اس منتر کا جپ ایک ہزار مرتبہ روزانہ کیا کریں۔ دھوپ اور چندن کو اپنے سامنے جلا دیں۔ اور کچھ میٹھی شے اپنے پاس رکھیں۔ جب ختم ہو جانے پر میٹھی شے بچوں کو دیا کریں۔ اس طرح چالیس روز میں لکھمی دیوی خوش ہو کر وادی ہے۔ جس سے دولت حاصل ہو جاتی ہے۔

محبت بڑھانے کا جنتر

اس جنتر کو پیپل کے درخت کے پتے پر سپاری سے لکھیں اور محبوب کے مکان میں ڈال کر دیا کریں۔ اس طرح چالیس روز کے بعد محبوب خود بخود آ جائے گا۔

تعویذ یہ ہے:

شد	السنجر	ءلحب	وانہ
ءلحب	وانہ	شد	السنجر
السنجر	وانہ	الحب	شد
السنجر	شد	وانہ	لحب

دیگر:

اس جنتر کو کنیر کے پتے پر لکھ کر اپنے سامنے رکھیں چالیس روز اس جنتر کا پاٹھ کیا کریں روزانہ ایک ہزار مرتبہ سے کم پاٹھ نہ کریں۔ بعد چالیس روز کے یہ جنتر سدھ ہوجائے گا۔ اور پھر اپنے لکھے ہوئے جنتر کو اپنے پاس رکھیں اور ایک نیا جنتر لکھ کر جس کے اوپر اپنے محبوب کا نام لکھ کر اس کے سونے والی جگہ میں دفن کردیں۔ اور چالیس روز کے بعد وہ خود بخود آجائے گا۔

جنتر یہ ہے:

نام

الحمد اللہ	رب ۱۰۴	العالمین	الرحمٰن الرحیم
مالک ۱۰۲	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
غیر المغضوب	علیہم	والضالین	آمین

دل کا ہول دور کرنے کا جنتر

یہ مرض بہت بُری ہے۔ اس کے مریض کو جلدی ہی دورہ پڑ جاتا ہے جس سے مریض کو بے ہوشی ہوجاتی ہے۔ اس جنتر کے ذریعہ مرض کا دفعہ ہوجاتا ہے۔ اس جنتر کو نو چندا سوموار کے دن خداوند کریم کو یاد کر کے سبز رنگ کے کپڑے کے اوپر سرخ رنگ سے لکھیں اور پھر اس کو چاندی کے تعویذ میں منڈھا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں مرض ہول دور ہو جاوے گی۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

جنتر یہ ہے:

۷۸۶

۱۹	۲۳	۲۷	۱۲
۲۵	۳۱	۱۹	۲۴
۲۴	۲۹	۲۱	۱۶
۲۴	۱۶	۱۵	۱۷

برائے دفعیہ بواسیر خونی وبادی

اس جنتر کے باندھنے سے بواسیر خواہ کسی قسم کی کیوں نہ ہو دور ہوجاتی ہے۔اس جنتر کو سرخ رنگ سے سبز رنگ کے کپڑے پر لکھ کر بازو پر باندھ دو۔ مرض بواسیر دور ہوجاوے گی۔ اگر مرض دیرینہ ہو تو اس تعویذ کو کنیر پر نقش کرا کر دریا میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالےٰ مرض رفع ہوجاوے گی۔

۷۸۶

۸	۴۲	۴	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۱۴	۴۸

گلا کی سوزش یعنی کان پیڑے دور کرنے کا جنتر

اس جنتر کو سوموار کے دن پیپل کے پتے پر لکھ کر اپنے سامنے رکھیں اور روزانہ اس کا پاٹھ کیا کریں۔ ایک ہفتہ کے بعد یہ سدھ ہوجائے گا۔ پھر اس جنتر سے کام لیا جائے گا۔

FREE AMLIYAAT BOOKS https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

جب کوئی مریض کان پیڑے کا آوے اس کے گلے پر سیاہی قلم سے یہ جنتر لکھ دیں دوبارہ لکھنے پر سوزش دور ہو جاوے گی۔

ا	ل	م	ل	ک
ل	م	ل	ک	ا
م	ک	ک	ا	ل
ک	م	ل	م	ل

برائے دستیابی گم شدہ شے

اگر کسی صاحب کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اس کو چاہیے کہ ذیل کے نقش سے کام لے انشاء اللہ چیز مل جائے گی ترکیب اس نقش کو سفید کاغذ پر انار کی قلم اور زعفران سے لکھ کر ایک ہزار گولی آٹا میں بنا کر روزانہ ہی ایک ایک کر کے دریا میں بہاوے۔ گولی دریا میں بہانے وقت اسم یا قیوم۔ ساتھ ساتھ پڑھتا جاوے۔ دس دن متواتر یہ کام کرنے پر چیز مل جائے گی۔

۷۸۶

۷	۳	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵
	بحق یا یحی و	

برائے حصول دولت

عامل پاک وصاف ہو کر صاف جگہ پر بیٹھ کر پاک پروردگار کا خیال کرے اور سے اسم بادیاں روزانہ تین ہزار مرتبہ پڑھا کرے اور ایک صد دفعہ اس جنتر کو سفید کاغذ

سیاہی سے لکھ کر آٹا میں گولیاں بناوے پھر انہیں گولیوں کو دریا میں بہاوے۔ اس طرح چالیس روز میں خواہش دلی پوری ہو جائے گی۔

۷۸۶

۸	۱۱	۴۵	۱
۴۴	۲	۷	۱۳
۳	۴۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۶
	بحق بادیاں		

آگ سے ہاتھ نہ جلے

مندرجہ ذیل تین چیزوں کو لے کر ہاتھ کی ہتھیلی پر ملیں۔ (۱) چربی زرد مینڈک (۲) ایمونیا (۳) پیاز کا عرق۔ مندرجہ بالا چیزیں ملنے کے بعد اگر تم اپنے ہاتھ پر جلتا ہوا انگیارہ بھی رکھ لو گے۔ تو اس سے تمہارا ہاتھ بالکل نہ جلے گا۔ اس کے باوجود آپ کو پتہ بھی نہ لگے گا کہ تمہارے ہاتھ پر آگ ہے یا نہیں۔

آگ سے کپڑا نہ جلے

پہلے کپڑے کو انڈے کی سفیدی اور پھٹکری میں تر کرلیں۔ جب اچھی طرح سے تر ہو جاوے تو خشک کرلیویں۔ بعد ازاں نمک کے پانی سے دھو کر خشک کرلیویں۔ جس وقت یہ تجربہ کرنا ہو تو کپڑے کو بلا خوف آگ پر رکھ دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔

جادو کا چھلا

ایک دھاگہ لو اور اُسے تھک کے پانی سے خوب تر کروا کر اور اس میں ایک ہلکا سا چھلا باندھ کر لٹکا دو۔ دھاگے کو دیا سلائی سے جلا دو۔ تو دیکھو گے کہ چھلے کو ذرا بھی ضرر نہیں پہنچا۔ وہ لٹکتا رہ جائے گا۔ اور دھاگا جل جائے گا۔

ہدایت

احتیاط رکھیں کہ اس کو حرکت ہرگز نہ ہو ورنہ سب کیا ہوا کھیل بگڑ جاوے گا۔

لیموں سے خون کی دھار نکلے

کھٹمل ایک جانور ہوتا ہے۔ اس کے خون سے چُھری یا چاقو تر کر کے خشک کر لو۔ بعد ازاں اس چُھری یا چاقو سے جس پر کہ کھٹمل کا خون لگایا تھا لیموں کو کاٹو تم دیکھو گے کہ اس کا رس خون کی طرح سرخ نکلے گا۔

گھڑا ٹوٹ جائے پانی نہ گرے

پیلونی کی جڑ کو پانی میں خوب باریک پیس لو اور گھڑے کے پانی میں گھول دو۔ چند لمحوں کے بعد اس گھڑے کو توڑ دو۔ گھڑے سے پانی ہرگز نہ گرے گا۔

دیگر

چار ماشہ پیلونی کے پتے لے کر ایک پانی کے چشمے میں گھول دیویں۔ اور وہ پانی (چشمے کا پانی جس میں کہ پتے گھولے گئے ہیں) برتن میں رکھیں پانی بالکل نہ گرے گا۔

تنتر دافع نیند

گھوڑے کے منہ کی رال لے کر اُس کو سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگانے سے نیند جاتی رہتی ہے۔

تنتر برائے محبت

اتوار کے دن صبح اُٹھ رجب کہ پکھ پنچھتر ہو۔ باہر جا کر آک کی جڑ اکھاڑ لاویں۔ اس کے بعد چولائی کے رس اور بھیڑ کے تازہ خون میں خوب حل کر لیویں۔ جس وقت اچھی طرح حل ہو جاوے۔ پھر سر کہ ڈال کر کاجل بنا دیں جو شخص یہ کاجل بنا کر اپنی آنکھ میں لگائے۔ اس کو دیکھنے والا اس پر اسی وقت عاشق ہو جاوے۔

دیگر

پھول لاجونتی اور کنڈیاری کے پھول گوروچن کو خوب چن کر اور سفوف بنا کہ شہد میں ملا کر گولیاں بنا لیویں۔ اور جب ضرورت پڑے اس کو گھسا کر ماتھے پر تلک لگا لیوے۔ جس کے سامنے دیکھے وہی فریفتہ ہو جاوے۔

دیگر

اتوار کے دن جب کو پنچھتر پنکھ ہو بھونرے کے پر گوروچن پوہ کر مول اور لاجونتی وزن میں یکساں لیویں۔ اور خوب باریک پیس کر سفوف بنا لیویں۔ جس وقت ضرورت پڑے یہ چٹکی بھر کر ڈال دو۔ جس پر یہ چٹکی ڈالو گے وہ فوراً فریفتہ ہو کر تمہاری خدمت میں حاضر ہو گا۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/ FREE AMLIYAT BOOK'S

تنتر برائے شادی

جس شخص کی شادی نہ ہوتی ہو اور کافی اُپائے کر چکا ہو۔ وہ شخص صبح اُٹھ کر منگلوار کے دن لکوڑوں کی بل پر کچھ اناج ڈالا کرے اور ہنومان جی کا برت رکھے۔ تو بہت جلد شادی ہوگی۔

تنتر لڑکا پیدا ہو

جس شخص کے گھر لڑکا نہ پیدا ہوتا ہو اور لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ وہ شخص کے داہنے بازو پر ناخن شیر اور ناخن بلی سونے میں منڈھا کر بندھوائے تو اُس کی دلی مراد پوری ہوگی اور لڑکا پیدا ہوگا۔

نیند فوراً آجائے

گدھے کا دانت اور بکری کا سینگ لے کر جس آدمی یا عورت کے سرہانے رکھو گے فوراً سوجائے گا۔ خاص کر بچوں کے لئے بہت مفید ہے۔ کیونکہ شیر خوار بچے رات کو روتے رہتے ہیں۔ اور سوتے نہیں یا کسی بچے کی آنکھیں دکھتی ہیں۔ اُس کو نیند نہیں آتی اور ساری رات اپنی ماں کو بھی سونے نہیں دیتا۔ تو بہتر ہوگا۔ کہ مندرجہ بالا اشیاء استعمال میں لائی جاویں یعنی سوتے وقت اس کے سرہانے رکھ دی جاویں تو بہت اکسیر ہوگا۔

دولت حاصل ہو

ایک پرندہ باد ہے۔ اس کی بائیں آنکھ نکلوادی جاوے اور اس آنکھ کو انگوٹھی میں نگینہ کی جگہ لگوالیا جاوے۔ جس وقت آپ نے کہیں جانا ہو تو اس انگوٹھی کو پہن کر جاوے تو مال کا کوئی پرواہ نہ رہے گی۔

محبت کا تنتر

گوروچن۔ گوگھردا ور بھکوا۔ ان تینوں چیزوں کو لے کر ایک جگہ رگڑ لیویں۔ اور اگر ہو سکے تو رگڑ کر گولی بنالیں۔ جب ضرورت پڑے یا کہیں جانا ہو تو اس گولی کو پانی میں گھس کر ماتھے پر تلک لگا دیں اور جہاں جانا چاہو چلے جاویں۔ تمام اس کی عزت کریں اور محبت سے پیش آویں۔

دیگر

سردن پنچھتر یا پکش پنچھتر میں مندرجہ ذیل چیزوں کو لے کر رگڑ لیویں۔ (۱) مور کی بیٹھ یا دھتورے کی سبز کلی کو لے کر رگڑیں اور گولی تیار کر لیویں۔ جس وقت ضرورت پڑے یعنی جس آدمی سے محبت کرنی درکار ہو۔ اس آدمی کو دھونی دی جاوے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ گولی کو آگ پر رکھ دیویں۔ اور دھونی آنے کے بعد اس کو اُٹھا لیویں۔ جس آدمی کو دھونی دے دی جاوے گی۔ وہ جان سے شیدا اور فریفتہ ہوگا۔

دیگر

کافور اور دیودار کی لکڑی دونوں کو خوب باریک پیس لیں اور لیپ کریں جس عورت سے ہم بستری کرو گے وہی تابع فرمان رہے گی۔

دیگر

پکھ پنچھتر میں سفید آک کی جڑ اکھاڑ لاویں اور داہنے بازو پر باندھ لیویں۔ یاد رکھ دیں۔ جب کہیں جانا ہو تو داہنے بازو پر باندھیں جہاں جاؤ گے وہاں عزت اور خاطر ہوگی۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
http://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دیگر

شرینہہ (پنجابی میں ایک درخت کو کہتے ہیں) یعنی سرس کی جڑ کو اتوار کے روز اکھاڑ کر لے آویں۔ اور پانی میں گھسا کر ماتھے پر لگاویں۔ جو تمہاری طرف یعنی جس کے ماتھے پر تلک ہوگا دیکھے گا ڈر جائے گا۔

دیگر

کچھ پنجتر میں چھتری کے پھول لے کر تھوڑے سے شہد میں ملا لیویں اگر عورت مرد کو کھلاوے تو وہ اس عورت کا ہی ہو کر رہے غیر عورت کو بالکل نہ دیکھے۔ اگر مرد عورت کو کھلاوے تو عورت سوائے اس مرد کے کسی اور کی طرف نہ دیکھے۔

عقل بڑھانے کا منتر

چندر ماں گرہن یا سورج گرہن کے وقت نہا کر دکن کی طرف جاوے اور سر پھوکا کی جڑ لاوے۔ جڑ لا کر اس کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے جو شخص اس تعویذ کو اپنے پاس رکھے گا۔ اس کی عقل بڑھے گی۔

دیگر

کنڈیاری کی جڑ کو چاندی کے تعویذ میں منڈھوا کر عورت کے گلے میں باندھے لیکن یہ خیال رہے۔ کہ کنڈیاری کی جڑ کو چندگرہن والے دن چاندی کے تعویذ میں منڈھوائے اور تب استعمال میں لاوے ورنہ کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ مندرجہ بالا تعویذ عمل میں لانے سے عورت اٹھر اور کی بیماری میں کبھی مبتلا ہو محفوظ رہے۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دیگر

کچھ پنچھتر میں بالچھڑ کی جڑ لے کر اپنے منہ میں رکھے اور پھر اسے ایک پان میں ڈال کر کھلا دیا جاوے۔ جس کو یہ کھلایا جاوے گا۔ یعنی جس پر یہ طریق عمل میں لایا جائے گا۔ وہ ہمیشہ مطیع اور تابع فرمان رہے گا۔

دیگر

مندرجہ ذیل چیزیں لے کر خوب باریک پیسیں (۱) کاکڑاسنگی۔ مول تگڑ پوہ کر مول اور اس میں مور کا دایاں اور بایاں پر ملا دیں۔ اور خوب باریک پیس لیں۔ حتےٰ کہ سفوف تیار ہو جاوے۔ جس وقت ضرورت پڑے ایک چٹکی سفوف میں سے لے کر اُس آدمی کے سر میں ڈال دیویں وہ مہربانی سے پیش آوے گا۔

دیگر

کچھ پنچھتر میں مجیٹھ کی جڑ کو لے کر خوب باریک پیس لیویں اور اس کا سفوف تیار کریں۔ بوقت ضرورت جس کے بدن پر تھوڑا سا چھڑکنا (یعنی چھینکا) یہ جاوے وہی متوالا اور شیدائی ہو کر قدموں میں حاضر ہوگا۔

دیگر

گوروچن اور سہد یوی بوٹی لے کر دونوں کا سفوف تیار کریں اور گولیاں بنالیویں۔ جس وقت ضرورت پڑے پانی میں پیس کر یعنی گھسا کر ماتھے پر تلک لگاویں جو دیکھے گا وہی متوالا اور مطیع ہوگا۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOK'S

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دیگر

کچھ پنچھتر کے دن مندرجہ ذیل چیزیں لے کر نیچے لکھے ہوئے طریقے کے مطابق عمل میں لاویں (۱) کیسر۔ مگر۔ ہزتال وزن میں یکساں لے کر اس میں چمچی (ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی) کا خون ملا کر ماتھے پر تلک لگا دیں۔ جس کی طرف دیکھو وہی لٹو ہو جاوے۔ اور آپ کا شیدا رہے۔ مگر خیال رہے کہ مندرجہ بالا عمل شکروار کے روز کرنے سے ٹھیک ہوگا۔ دوسری بات پکش پنچھتر ہو۔

دیگر

کچھ پنچھتر کے دن سیاہ دھتورے کے پھول۔ پھل بیرونی پنچھتر میں ڈنڈی بٹا کھا پنچھتر میں پتے مست پنچھتر میں اور جز فولا پنچھتر میں لا کر اس میں کو، وچن کیسر اور کافور سب کو ملا کر باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔ اور گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ حسب ضرورت گولی کو گھسا کر ماتھے پر تلک لگاوے۔ جس عورت کی طرف دیکھے۔ دل وجان سے فریفتہ ہو جاوے۔

دیگر

مندرجہ ذیل تین چیزوں کو رگڑ کر ماتھے پر تلک لگائے۔ جس شخص یا عورت کی نظر اس پر پڑے وہی محبت اور عزت سے پیش آوے۔ چیزیں۔ یاس۔ کیسر۔ گوروچن اور چندن۔

دیگر

ایلوہ، چھوٹی الائچی، کاکڑا سنگی رلائچ ان تمام چیزوں کو لے کر باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔ اور گولیاں بنائیں اور پھر گولی آگ پر رکھ کر جس گھر میں دھونی دیویں۔ محبت اور پیار کرے۔

www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks

دیگر

آڑ دکی جڑ کو کچے سوت کے ساتھ تاروں میں باندھیں۔ اور جس وقت عورت کو حمل وضع ہو تو عورت کی کمر میں باندھ دیویں بچہ نہایت آسانی سے پیدا ہوگا۔ عورت کو ہرگز ذرا بھی تکلیف نہ ہوگی۔

بخار اُتر جاوے

پیپل کی لکڑی کو صاف کر کے اُس کی مسواک بنالو اور بخار والے مریض کو داتن کراؤ۔ داتن کرتے ہی اتر جائے گا۔

بواسیر کا علاج

بواسیر کے مریض کو گینڈے کی انگوٹھی ہاتھ میں پہنا دو۔ تو اس کے پہننے سے کسی قسم کی بواسیر نہ ہوگی۔ اگر بواسیر ہو تو فوراً آرام آجائے گا۔

آسیب دور وجاوے

اگر کسی عورت کو بھوت پریت یا آسیب ہو تو تھوم کے پانی میں پیس کر اور بھنگ لے کر آنکھوں میں لگا دیویں۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو مندرجہ بالا طریق عمل میں لاکر سنگھا دیویں۔ آسیب دور ہو جائے گا۔

جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

اٹھرا کی مرض دور ہو

چاندنی اتوار کے دن کچھ پختہ میں نیم کی کونپلیں لاویں۔ نیم کے برابر کالی مرچ لاکر رگڑیں۔ بعد ازاں مسور کے دانے کے برابر گولی تیار کرلیں۔ جب عورت حاملہ ہوجاوے ۔یعنی حمل ہونے کے پانچ ماہ بعد صبح سویرے اٹھ کر تازہ پانی یا دودھ کے ساتھ کھلانی شروع کردیں۔ جب بچہ پیدا ہو دودھ پیتا رہے یہ عمل تب تک کرنا واجب ہے۔ اٹھرا کی مرض جو آج کل عموماً عورتوں کو ہوتی ہے۔ دور ہو جاوے گی ، اور ہمیشہ تا زیست نہ ہوگی۔

بُرے خواب نہ آویں

ایک انگوٹھی میں نگینہ زمرد جڑوا کر جس شخص کو بُرے خواب آتے ہوں پہنادی جاوے تو بُرے خواب ہرگز نہ آویں گے۔

سانپ اندھا ہوگا

حاملہ عورت کا سایہ اگر سانپ پر پڑ جاوے یا حاملہ عورت کی آواز سانپ کے کانوں تک چلی جاوے۔ تو سانپ فوراً اندھا ہوجاوے گا۔

بچہ نہ ڈرے

مونگے کی جڑ کو لے کر چاندی کے تعویذ میں منڈھوایا جاوے اور وہ تعویذ بچے کے گلے میں ڈالدو۔ سویا ہوا بچہ کبھی نہ ڈرے گا۔

نکسیر بند ہوجاوے

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOKS

جس شخص کی نکسیر بہتی ہو۔ اُسے چاہئے کہ ایک سفید کپڑا لیوے کپڑا لے کر اس خون سے اس کا نام لکھے۔ نکسیر فوراً بند ہوگی۔

مرگی دور ہو جائے

جس شخص کو مرگی کی مرض ہو۔ اس کے بازو پر اس کی لات پر ہاتھی کی ہڈی باندھی جاوے۔ تو مرگی دور ہو۔

نیند نہ آوے

نیلا کنول، تخم سہانجنہ، ناگ کیسر، ان تینوں چیزوں کو ہموزن لے کر خوب باریک پیس کر نہایت اعلے سفوف تیار کریں۔ اور آنکھوں میں سُرمہ کی طرح لگاویں۔ نیند بالکل نہ آئے گی۔

جن یا بھوت دور ہو جائیں

اگر کسی آدمی کو جن یا بھوت کا آسیب ہو تو بلی کے گوہے کی (ٹٹی) دھونی دی جاوے۔ دھونی دیتے ہی بھوت پریت سایہ آسیب دور ہو جائے گا۔

درخت سے آگ نکلے

پیپل کی چھال کو اُتار کر خشک کرو۔ جب یہ سوکھ کر جلنے کے قابل ہو جائے۔ تو اسے جلا کر کوئلہ بنالو۔ اور باریک پیس کر سفوف تیار کرو۔ سفوف تیار ہونے پر ایک باریک ململ کے کپڑے میں پوٹلی کی طرح باندھ دو نیچے تھوڑی سی آگ دکھلا دو۔ اس میں سے چنگاریاں نکلتی رہیں گی۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش حسین سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ایک کے دو دو نظر آویں

کسی بلوری یعنی شیشی کے گلاس میں پانی بھر کر چونی یا اٹھنی ڈال کر اور گلاس کے اوپر ہاتھ رکھ کر پلٹ دو۔ تو تم دیکھو گے کہ گلاس کے پلٹنے پر گلاس کے اندر اوپر تلے دو چونیاں یا اٹھنیاں نظر آئیں گی۔

منہ میں آگ تھامنا

نوشادر اور عقرقرحا ہم وزن لے کر منہ میں چبالو۔ بعد ازاں دہکتا ہوا کوئلہ منہ کے اندر لے جاؤ۔ تین یا چار منٹ تک ذرا بھی سینک تمہارے منہ کو نہ لگے گا۔

سرسوں فوراً اگے

تھوڑے سے دانے سرسوں کے لو اور ان کو تھوہر کے دودھ میں تر کر کے خشک کر لو۔ اسی طرح یہ طریق تین مرتبہ عمل میں لاؤ۔ پھر منہ میں ڈال کر کپڑے پر اگل دو۔ تمام سرسوں کے دانے کپڑے پر اُگ آئیں گے۔

شراب کا دودھ بن جاوے

آم کا بورا لے کر سکھالو۔ جب اچھی طرح سے سوکھ جاوے۔ تو اُسے خوب باریک پیس لو۔ حتےٰ کہ سفوف تیار ہو جاوے۔ اس میں سے تھوڑا سا شراب میں ڈال دو۔ شراب فوراً دودھ بن جائے گی۔

زبان پر کافور جلالو

کافور کی چھوٹی سی ڈلی لو اور اس کے نیچے نوشادر اور مٹی ملا کر لیپ کر لو۔ جب خشک

ہوجاوے۔ تو کافور اوپر کی طرف جلا کر زبان پر رکھ لو۔ زبان بالکل محفوظ رہے گی۔

جانوروں کے پروں پر نقش

پھٹکری کو لیکر نمک کے تیزاب میں حل کرلو۔ جب اچھی طرح سے حل ہوجاوے تو بیضہ مرغ (مرغ کے انڈے پر) پر لکھو۔ تو جب مرغی اس میں سے بچہ نکالے گی۔ تو اس پر وہی لکھا ہوا رہے گا۔ جو کہ بیضے پر لکھا تھا۔

پیاسا انڈا

ایک مرغی کا انڈا لو۔ اور اسے خالی کرلو۔ جس وقت اس میں باقی نہ رہے تو اس میں جھاگ ڈال دو اور بڑا سوراخ بند کر کے چھوٹے وزن ہوا کے لئے پانی کے قریب نہ ہوں۔ تو یہ انڈا خود بخود پانی کی طرف جائے گا۔ آپ اسے دیکھ کر حیران ہوں گے جو بھی اسے دیکھے گا حیران ہوگا۔

چور پکڑنے کا عمل

جس شخص پر شک ہو اُس کو بہت سے آدمیوں میں ملا کر ایک جگہ اکٹھا کرلے اور اُس جگہ جہاں کہ کل آدمی کھڑے ہیں کو مٹی اور گوبر سے لیپ دے۔ دوسری یہ کہ ایک برتن لے کر اُس میں پان اور سپاری رکھے۔ اور مندرجہ بالا طریق عمل میں لانے کے بعد اس پر آیت 41 بار پڑھے۔ برتن چور کی طرف چلے گا۔ جہاں مال چوری کیا ہو وہ آیت یہ ہے۔ میمون انکی میمون صاحب عون الیقین حین یحق ایاک نعبد وایاک نستعین محمل عجمل بروائے برتن پر سرد دیا برکالا بروز یحق عہد واللہ اجمعین۔

فراز شاہ وچ مانچسٹر

ہر کام کی سدھی کے لیے منتر

مندرجہ ذیل منتر کا جاپ کریں اور نیچے لکھی ترکیب سے کرے۔

ترکیب: نشا کی جڑ پر بیٹھ کر نیچے لکھے ہوئے منتر کا جاپ ایک لاکھ بار کرے۔ تو جو کام کرے گا سب سدھ ہوں گے۔

منتر یہ ہے:۔ اوم ہنگ مائے نمہ۔

محبت کے لیے منتر

کلینگ وکلونگ سواہا

دیگر

مندرجہ ذیل ترکیب سے نیچے لکھا ہوا منتر کا جاپ کرے تو ہر دلی مراد پوری ہوگی۔

ترکیب: نیچے لکھے ہوئے منتر کو ایک ماہ تک ایک سو بار روزانہ جاپ کرے ایک ماہ کے بعد جس پر نظر پڑے گی۔ فریفتہ ہو کر حاضر ہوگا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو۔ کابد بوائے سکل سہد لوشا مہیو تیم سمل میں بھنے دھن جن من درشن اتک۔ کشیت کرو۔ کرودھ۔ دکھ۔

خاوند کو قابو کرنے والا منتر

مندرجہ ذیل طریقے سے نیچے لکھے ہوئے منتر کا جاپ کرے۔ طریق یہ ہے جس جگہ استری کا مالک پیشاب کرے۔ اس جگہ مٹی لے کر بائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں سے اٹھا اور اس نیچے لکھے ہوئے جنتر کا جاپ کرتی رہے۔

دوسرے داہنے ہاتھ کی پانچوں انگلیوں سے تو کمہار کے چک کی مٹی لاوے اور

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/ FREE AMLIYAAT BOOK'S

دونوں کی بیل بنائے اور درمیان دھاگہ دیوے اور ان بیلوں کو اپنے دروازہ پر رکھ لیویں۔ جب تک اس کا خاوند گھر نہ آئے ان دوتو بیلوں کو وہاں ہی پڑا رہنے دے جب خاوند گھر کے اندر آجائے تو باہر جا کر ان دونوں بیلوں وہاں ہی گاڑ دے۔ خاوند تازیست اپنی عورت کا دم بھرتا رہے گا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم ہرنا تھن بیچن منترے تو یراں پانچ دکھنے و جندے پانی ہون سا موہنی تیل ورت۔ سو لینا۔ یوگنی کامنی، بالی بند ہو کھیل، سانج و تے جامرنس راتھا ستھا۔

اس اوپر لکھے جنتر کے کرنے سے استری کی دلی مراد پوری ہوگی۔

دیگر

مندرجہ ذیل منتر کا جاپ کرنے اور نیچے لکھے طریقہ سے عمل میں لائے۔

طریقہ:۔ ایک پیسہ بھر گڑ اور تیل اور باقلا لے کر شمشان میں جائے یہ تمام چیزیں اتوار کے دن لے کر جائے اور وہاں جا کر بھیڑوں کی پوجا کرے اور واپس آ کر وہ گڑ جس عورت کو کھلائے وہی عورت قابو میں آئے۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو ادیش گورو کو راجہ موہ لون پر جا ہو موہن موہن برہمن بانیا ہنومنت دے ہر شبد ستانچا چند کا نچا پھرو منتر ایشر واچہ ست نام اویش گورو کو۔

دیگر

مندرجہ ذیل ودھی کر کے نیچے لکھے ہوئے منتر کا جاپ کرے۔

ودھی:۔ نیچے لکھے ہوئے منتر کا جاپ ایک لاکھ بار کرے۔ دوسری شرط ساتھ یہ ہے کہ رات دیوالی ہو۔ سدھ ہو جائے گا تیسرے ایک خاص بات جو یاد رکھنے کے یگیہ ہے۔ نیم کی ٹہنی سے جھاڑ کرنا ہوگا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو اویش گورو کو بن میں بیائی انجنی جن جایا جنومنت کیڑا کوڑا ماکڑا ایہہ تینوں بھمنت گورو کی شکت میری بھگت پھرو منتر ایشر واچہ سر

سانپ چلنے سے بند کرنے کا منتر

مندرجہ ذیل ودھی کے مطابق نیچے لکے ہوئے منتر کو پڑھے۔

ودھی: ایک کنکر کو زمین پر سے اٹھا کر فوراً اوپر یہ منتر جو نیچے لکھا ہوا ہے۔ پڑھو سانپ اسی وقت چلنے سے بند ہو جائے گا۔

منتر یہ ہے:۔ وجری وجری وجہ کواڑ وجڑی کیلوں آس کیلوں پاس جری سانپ ہو کے خاک میرا کیلا۔ پتھر کا کیلا چھوٹے نہ میرا کیلا چھوٹے میری بھگت گورو کی شکت پھرو منتر ایشور داج۔

سانپ چلنے لگ جاوے

مندرجہ ذیل ودھی کے مطابق نیچے لکھے ہوئے منتر کو پڑھے۔

ودھی یہ ہے زمین پر سے ایک کنکری اٹھا کر اس پر نیچے لکھا ہوا منتر پڑھ کر سانپ کو مارے تو کیلا ہوا سانپ چلنے لگ جائے پہلے منتر کا اثر جاتا رہے گا۔

منتر یہ ہے:۔ کیلن بھٹی گیلنی راچہ ھیا کورچ جاؤ سرپ گھر اپنے چک پھرو چارو ماس

سانپ بھاگ جائے

مندرجہ ذیل ودھی کے مطابق نیچے لکھے ہوئے منتر کو پڑھے تو سانپ بھاگ جائے گا۔

ودھی:۔ اس منتر کو ایک مٹی کا ڈھیلا لے کر اس پر پڑھ کر گھر میں پھینک دے سانپ بھاگ جائے گا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم دپلا سرپ کلے سواہا اشیش کل سرپ کلائے سواہا۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOKS
سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سانپ کا زہر دور ہو جائے

طریق:۔ نیچے لکھے ہوئے منتر کو ایک ہزار بار پڑھ کر اس کے بعد کپلا کے دانتوں کو سفید سوت میں لپیٹ کر بازو پر باندھے زہر فوراً دور ہو جائے گا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم شری کرت کیرت سنجاؤ۔ سنجاؤ سواہا۔

بھوت پریت پر قبضہ کرنے کا منتر

مندرجہ ذیل طریقہ کے مطابق نیچے لکھے ہوئے منتر کا جاپ کرلے تو بھوت پریت پر قبضہ ہو۔

وِدھی: کسی جنگل میں جا کر کیکر کے درخت کے نیچے سادھی لگائے ایک اور خیال رہے کہ جنگل میں مولا پنچھتر میں تین روز جاپ کرے۔ دوسری بات یہ کہ ۱۰۸ بار ہر روز پڑھے۔ ایسا کرنے سے بیر چوتھے روز ہو کر درشن دے گا اور کہے گا مانگو کیا مانگتے ہو۔ جو مانگو گے فوراً مل جائے گا۔ بالکل دیر نہ ہوگی۔

منتر یہ ہے:۔ اوم شری دن دن بھون بھوتیشوری مم کرو بھر سواہا۔

بھوت دور کرنے کا منتر

مندرجہ ذیل طریقہ کو عمل میں لائے اور منتر پڑھے تو بھوت دور ہو جائے گا۔

طریقہ:۔ ایک مٹھ چھل حاصل کر کے نیچے لکھے ہوئے منتر کو اس پر پڑھے اور جھاڑا کرے۔ اس سے بھوت دور ہوگا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو اوم ہریں ہریں ہردن نمو بھوت نائیکا سمست بھون بھوتانی سادھے ہوئی۔

آسیب وغیرہ سے محفوظ رہنے کا منتر

مندرجہ ذیل وِدھی کے مطابق منتر کو پڑھے۔ تو آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے۔

وِدھی:۔ اگر تم نے کسی جنگل۔ بیابان یا کسی خطرناک جگہ سے رات کو گزرنا ہو اور آپ کو ڈر معلوم ہوتا ہو۔ تو اس نیچے لکھے ہوئے منتر کو ۲۱ بار پڑھیں اور بے خوف وخطر چلے جائیں۔ محفوظ رہو گے۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو ادیش گورو جی کولوناں چماری سکن و جوری موتی ہل چکے اس پنڈ میں حیان کرے۔ بخیان کرے تو اس رنڈی کے اوپر پڑے۔ دہائی سلیمان پیغمبر کی پھرے میری بھگت گورو کی شکت پھرو۔ منتر ایشور تیری واچہ پھرے۔

ناف یعنی دہرن اصلی جگہ لانے کا منتر

مندرجہ وِدھی کے مطابق اس منتر کو پڑھے۔ تو اتری ہوئی ناف (دھنی) اصلی جگہ پر آجاتی ہے۔

وِدھی یہ ہے:۔ ایک سوت کا دھاگہ لے کر اسے ۹ گانٹھیں دے کر ناف پر رکھیں اور نیچے لکھے ہوئے منتر کو پھول پر پڑھ کر ناف پر باندھ دیں۔ تھوڑی دیر میں اصلی جگہ پر آجائے۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو ناڑی ۹۰۰ سو ناڑی ۷۲ سو کوٹھا چل اگاڑی ڈگے نہ کوٹھا چلے نہ ناڑی رکھے ناڑی ہنومان کی آنا میری بھگت گورو کی شکت پھرو منتر ایشور تیری واچہ پھرے کم جو آپ کرے۔

جسمانی حفاظت کے لیے منتر

مندرجہ ذیل وِدھی کے انوسار اس منتر کو پڑھے ہرگز تکلیف نہ ہوگی۔

طریقہ:۔ اگر آپ نے کہیں جانا ہو نیچے کے منتر کو پڑھ کر چلے جاؤ۔ ہرگز تکلیف نہ ہوگی۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمولو ہے کا ہتھوڑا جہاں ڈاکی کی کونڈی ہمارا پنڈ بیٹھا ایشور کی کنجی برہما کا تالا ہمارا پنڈ کا جو شہد کا ساچا شری ہنومنت بیر آپ رکھوالا۔

حاضر کرنے کا منتر یہ ہے

طریقہ:۔ اس نیچے لکھے ہوئے منتر کا ایک لاکھ بار جاپ کرو ایک لاکھ بار جاپ کرنے سے یہ منتر سدھ ہو جائے گا۔ اس کے بعد جس شخص کا دل میں تصور دل میں کرو گے فوراً حاضر ہوگا' اور مطیع رہے گا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم ہرین چامنڈے چال پر چول سواہا۔

بواسیر دور کرنے کا منتر

منتر یہ ہے:۔ اومتی اومتی چل چل سواہا۔

سرخ رنگ کا سوت لے کر اس میں سے دھاگہ لے لیں ۱۔ اور اس کو تین گانٹھیں دے دیں' اور اوپر لکھے ہوئے منتر کو ۱۲ بار پڑھ کر جس شخص یا عورت کو یہ مرض ہو۔ اسے پاؤں کے داہنے انگوٹھے سے بندھوا دیں بواسیر رفتہ رفتہ دور ہو جائے گی۔

درد چشم دور کرنے کا منتر

مندرجہ ذیل دوھی کے انوسار اس منتر کو کرنے سے درد چشم ۱۰ دور ہو جائے گا۔

دوھی یہ ہے۔ نیچے لکھے ہوئے منتر کو دیپ دھوپ جلا کر ہر روز ۱۰ از کم ۱۸ بار پڑھے اور شرط یہ ہے کہ ناغہ نہ ہو۔ یہ منتر 21½ روز تک پڑھنا واجب ہے 21½ روز کے بعد ایسا کرنے سے یہ منتر سدھ ہو جائے گا۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نموشری جی دھنی لکھشمن آنکھ درد کرائے تو لکھشمن یا جتی کی آن میری بھگت گورو کی شکت پھرو منتر ایشور واج ست گورد کی ادیش۔

مستورات کے پاؤں چلنے کو بند کرنے کا منتر

مندرجہ ذیل ودھی کے مطابق اس منتر کو کرنے سے عورت کی خود ردی بند ہو جائے گی۔

ودھی یہ ہے:۔ یہ نیچے لکھا ہوا منتر 21 روز تک ہر روز 108 بار پڑھے اور ضرورت کے مطابق گنڈا تیار کر کے پھر نیچے لکھے ہوئے منتر کو سات بار پڑھے۔

منتر یہ ہے:۔ دوہائی پھر ایشور گوری دیاناں لایا کھت پنڈ کا کورد گورکھ ناتھ۔

اور مندرجہ بالا ودھی کرنے کے بعد عورت کے داہنے پاؤں پُر باندھے عورت کی خود ردی بند ہو جائے گی۔

منتر یہ ہے:۔ گورا گنڈا دیگئی ایشور دے گیا دا چار مہادیو تھاپا دھر کیا ہوا شہد سا چا اس کی چنتا دس نیٹو ماساوس مانٹا یا مدھو بیس پاؤں باندھواں اس کا پیر گھسے تو گورو گورناتھ رکھوالا شبد سانچا پنڈ کانچا پھرو منتر ایشور داچ میری بھگت گورد کی شکت ست نام ادیش گورد کو۔

دیگر

مندرجہ ذیل ودھی سے نیچے لکھے ہوئے منتر کا جاپ کریں تو آپ کی مراد بر آئے گی۔

ودھی یہ ہے:۔ ایک ریشمی دھاگہ لیں جو پانچ رنگ کا ہو یا کچے سوت کا گنڈا لے کر پاؤں کی ایڑی تک ناپ کر بناؤ۔ لیکن ساتھ یہ شرط ہے۔ کہ وہ سچا سوت کنواری کنیا کے ہاتھ کا ہو۔ اس سوت پر پانچ رنگے ریشم کے دھاگے پر سات بار نیچے لکھے ہوئے منتر کو پڑھ کر پھونکو اور دھاگہ کمر تک باندھواؤ۔ آرام ہو جائے گا۔ ایک اور ضروری بات ہے کہ ہنومان کولڈ و مٹھائی وغیرہ کا بھوگ دیویں۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
http://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

منتر یہ ہے:۔ جل باندھوں جل والی باندھوں جل کی تیر پانچویں کانچا کلیا باندھوں منت بیر سہدیو تیری ملا کڑی ارجن تیری پان راون تیار مذھوں انتر تھام دوجتی بنومان کی آن سانچا پنڈ کانچا پھر دانتر اشور مہادیو پرسی واچہ پھرے گر کی شکت پیلے کی بھگت کم ہو سو جو مہا نبیر کرے۔

ڈاکنی کے حاضر کرنے کا منتر

مندرجہ ذیل طریقہ کے مطابق منتر کا جاپ کریں ڈاکنی حاضر خدمت ہوگی۔

طریقہ یہ ہے:۔ جب کبھی سورج گرہن یا چاند گرہن لگنا اسی رات یعنی چاند گرہن یا سورج گرہن کی رات کہ پنلیں جو گا دیویں گھی کا چراغ جلا دیں۔ چراغ تیل کا ہرگز نہ جلائیں ورنہ کام بگڑ جائے گا چراغ جلانے کے بعد ایک لات پر کھڑے ہو کر مندرجہ ذیل منتر کو 108 بار پڑھے یعنی جاپ کرے۔ تو ڈاکنی حاضر ہوگی۔ اس کی شکل بہت بھیانک (ڈراؤنی) ہوگی۔ تم ڈرنا مت لیکن جس سوال کی خواہش ہو بے خوف کرنا اور جو دل میں خیال ہو مانگ لے۔

منتر یہ ہے:۔ اوم نمو چڑھو شور بیر دھرنی چڑھ جانا پتال چڑھے چڑھ پک پالی چڑھا گن ویر ہنومنت پر چڑھا دھرتی چڑھا پگ پان چڑھتی ایڑی چڑی پنڈی چڑھ گوڑا جانگھ چڑھ گئی چڑھ گئی دھرن سے پسلی چڑھ تسلی ہو یا چڑھ رہیا ہون چھاتی چڑھ چھاتی سے کھمیا چڑھ سے گھمیا کنٹھ چڑھ کنٹھ سے کھ کھ چڑھ کھ سے چھیبا سے چڑھ کان سے آنکھ چڑھ آنکھ سے لاٹ چڑھ لاٹ سے بیلن چڑھ سیس سے کیال سے چوٹی چڑھ ہنومان نرسنگھ بیر جل بیر سدھ بیر دیکھ کر بیر آگیا بیر سون سو بیر یہ یہ چڑھو۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

عورت کے پاؤں کی مٹی کی تاثیر

وہ خود بخود بیتاب ہو کر چلی آئے گی

اماوس کے دن جہاں عورت بیٹھ کر پیشاب کرے۔ وہاں کی مٹی اس کے بال اور اس کے جسم سے چھوا ہوا کپڑا یا رومال مہیا کرو۔ ان تینوں چیزوں کو جلا کر خاکستر کر لو اور کورے کپڑے میں چار پوٹلی باندھ کر جس کمرے میں تم ہوتے ہو اس کے چاروں کونوں میں بالکل برہنہ اور باطہارت ہو کر گاڑ دو۔

خبردار دل میں کوئی ناپاک خیال نہ آئے۔ پھر سات عدد کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بصورت فلیتہ کاٹ لو اور ہر ایک فلیتہ پر اپنی معشوقہ کے نام کے حروف زعفران سے لکھو۔ فرض کرو کہ تمہاری معشوقہ کا نام رکنی ہے تو اس طریقہ سے لکھو۔ ر ک م ن ی

7 عدد فلیتے تیار ہو جانے کے بعد تازہ روئی کی سات عدد بتیا بناؤ۔ لیکن ہر ایک بتی کے ساتھ کاغذ کا فتیلہ بھی لپیٹ دو۔ پھر کوری مٹی کا ایک چراغ کمہار سے لاؤ اور اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر تیار رکھو۔

اماوس کی رات کو جب ٹھیک 9 بج جائیں معشوقہ کے مکان کے رخ چراغ کا منہ کر کے ایک بتی جلاؤ' اور خود بھی اس طرف منہ کر کے چراغ کے نیچے بیٹھ جاؤ۔

ملاحظہ ہو تصویر:

تم باطہارت ہو کر بیٹھو اور اپنے جامعہ کو گلے میں ڈال لو اور آنکھیں بند کر کے اپنے دل میں تصور کرو۔ کہ جوں جوں چراغ جلتا ہے معشوق کا دل تمہاری محبت میں بیتاب ہوتا جاتا ہے۔ اسے کسی پہلو قرار نہیں آتا۔ وہ تمہاری محبت میں پاگل ہوتی جاتی ہے۔ نیند اس کی آنکھوں سے کافور ہو چکی ہے۔ وہ حیران ہے کہ اس پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ وہ تمہیں لاکھ بھولنے کی کوشش کرتی ہے۔ لیکن سر پھیر کر تمہاری شکل اس کی

آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے ایک گھنٹہ تک انہیں خیالات کو دل میں کئی بار دہراتے رہو اگر دوران عمل میں خیالات کا سلسلہ ٹوٹنے لگے تو دو تین لمبے سانس کھینچ کر یکسوئی حاصل کرلو۔

ایک گھنٹہ گزرنے کے بعد تنتر اول کے مطابق معشوقہ کا خیالی مجسمہ اپنے سامنے پیدا کرو، گویا وہ سچ مچ تمہارے سامنے کھڑی ہے اور زیر لب مسکرا رہی ہے۔ کم از کم 15 منٹ اسی تصور میں محو رہو۔ اس کے بعد چراغ کو جلتا ہوا چھوڑ کر اسی حالت میں بستر پر دراز ہو جاؤ۔ مگر دل میں معشوقہ کا تصور بے حد رکھو۔ اسی طرح سے ساتوں رات میں سات فلیتے جلاؤ۔

خاص باتیں

چار پائی پر اس طریق سے سوؤ کہ تمہارا سر معشوقہ کے مکان کی طرف رہے۔

جس روز اس تنتر کو شروع کرنا ہو۔ معشوقہ کے سامنے سے ایک بار ضرور گزرو۔ مطلب یہ کہ وہ تمہیں ایک نظر دیکھ لے۔ بلکہ اگر تا اختتام عمل روزانہ اسے اپنی جھلک دکھاتے رہو تو بہت ہی بہتر ہوگا۔

یہ تنتر دیوالی کی رات کو بھی کیا جاتا ہے اور تب بجائے سات راتوں کے صرف ایک رات میں ہی مطلب پورا ہو جاتا ہے۔ دیوالی کی رات کو ساتوں فلیتے جدا جدا چراغوں میں ایک ساتھ جلائے جاتے ہیں۔

یہ تنتر میں نے حاجی شمس الدین صاحب سے حاصل کیا تھا۔ حاجی صاحب کون تھے اور اب کہاں ہیں۔ اس موقعہ پر ان کا ذکر مناسب معلوم ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ اس شاستر کے پڑھنے والے کسی صاحب سے ملیں اور تب ان کو پہچان لینا کچھ مشکل نہ ہوگا۔

عارف کامل مرتاض باخبر حاجی شمس الدین ساکن جھنگ کے نام نامی اور اسم

گرامی سے کون نا واقف ہے۔ جن کے قبضے میں جنات تھے جو آپ کے ہر ارشاد کی تعمیل فوراً کر دیا کرتے تھے۔ حاجی صاحب خانہ بدوشوں کی طرح ہمیشہ سفر میں رہا کرتے تھے۔ آج یہاں کل وہاں۔ آپ کا قیام ہمیشہ آبادی سے دو تین میل دور فاصلہ پر ہوا کرتا تھا اور تین دن سے زائد کسی مقام پر نہ ٹھہرتے تھے۔

اگر چہ آپ کا حلقہ ارادت بہت وسیع تھا مگر سفر میں اپنے ساتھ صرف دو مرید رکھتے تھے۔ کسی کے ہاتھ کا کھانا یا کسی سے کچھ نقدی لینا آپ کے لیے حرام تھا۔ اگر کوئی عقیدت کیش زبردستی مریدوں کو کچھ دے بھی جاتا تو آپ غربا اور مساکین میں بانٹ دیتے تھے۔ سب سے عجیب بات یہ ہے کہ حاجی صاحب پشاور کی سرحد میں ہوتے یا ملتان کے لق و دق صحرا میں۔ کراچی کی بندرگاہ پر ہوتے یا کلکتہ کی فضا میں۔ دونوں وقت کوئی شخص غیب سے نمودار ہو کر انواع و اقسام کے گرم گرم کھانے بھرا ہوا بھال دے جاتا تھا۔

چاول کا ایک دانہ کھلا کر موہ لینے کا منتر

یہ عمل چاند گرہن کے وقت آبادی سے دور کسی تناور پیپل کے درخت کے نیچے تن تنہا کرنا ہوگا۔ اس لیے حسب ذیل اشیاء ہمراہ لے جانے سے قبل ازیں تیار کر کے رکھ لو۔

کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ سے نئے چاولوں کے چھلکے اتروا کر پاؤ بھر چاول۔

کسی قبرستان کی تھوڑی سی مٹی قبر کی۔

کسی بڑے تربوز کا نصف حصہ جس کو کنواری لڑکی نے اپنے ہاتھ سے چیرا ہو اور جس کا گودا محلے کے کمسن بچوں میں تقسیم کیا ہو اور گول چھلکا سایہ میں خشک کیا گیا ہو۔

تربوز کے نصف بیرونی حصہ پر کالی گائے کا گوبر اور قبر کی مٹی سے خوب گاڑھا

لیپ کر کے رکھو اور اس کے نیچے گری پڑی لکڑیوں کو ایک جگہ چن کر رکھ آؤ۔
لکڑی یا پیتل کی ڈبیہ دو عدد ایک پر ''لفظ محبت'' اور دوسری پر جدائی پہلے ہی سے لکھ رکھو۔

چاند گرہن سے چند گھنٹے پہلے گائے کا دودھ قریب تین پاؤ یا آدھ سیر کا انتظام کر لو۔

کچھ مٹی کا تیل۔

ایک دیا سلائی کا بکس۔

کچھ کوئلے۔

ہری کین لیمپ

ایک لوٹا پانی سے بھرا ہوا۔

عمل تنتر

چاند گرہن سے کم از کم ایک گھنٹہ پہلے اوپر کی سب اشیاء ہمراہ لے کر اس پیپل کے درخت کے نیچے چلے جاؤ۔ جو کہ آبادی سے دور بالکل سنسان جگہ میں واقع ہو۔

جب چاند گرہن شروع ہو۔

اگر ہندو ہو تو اوم کا اچارن کر کے اپنے گرد ایک حصار (دائرہ) کھینچ لو اور پیپل کی مٹی یا گرے پڑے پتھروں کی مدد سے عارضی چولہا فوراً تیار کر لو۔

زاں بعد کوئلوں کو اس چولہے پر رکھ کر اور مٹی کے تیل کے چند قطرے ان پر چھڑک کر دیا سلائی دکھا دو جب دیکھو کہ کوئلے سلگ گئے ہیں اور ان میں سے شعلہ پیدا نہیں ہوتا۔ تو نصف تربوز کو جو ہانڈی کی مانند ہوگا۔ چولہے کے اوپر

رکھ دو اور گائے کا دودھ اور چاول اس میں ڈال دو۔ پھر پیپل کے درخت کی لکڑی سے بطور چمچ دودھ کو ہلانا شروع کر دو۔

نیچے دھیمی دھیمی آگ جلتی رہے اوپر کھیر پکتی رہے۔

جب تک چاند گرہن رہے تب تک تم اسی شغل میں مشغول رہو اسی اثناء میں کئی خوفناک شکلیں بھی دکھائی دیں گی مگر کسی سے خائف نہ ہونا۔ کوئی تمہارا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے گا۔

جب دیکھو کہ کھیر پک کر تیار ہو گئی اور چاند گرہن بھی ختم ہوا چاہے تو تربوز کی ہنڈیا کو نہایت زور کے ساتھ پیپل کے درخت کی جڑ میں مارو کچھ چاول درخت کی جڑ کے ساتھ چمٹ جائیں گے اور بقایا اس سے ٹکرا کر فرش زمین پر گر پڑیں گے۔

جو چاول درخت کی جڑ کے ساتھ چمٹ جائیں ان کو اٹھا کر محبت نام کی ڈبیہ میں بند کر لو اور زاں بعد پانی سے اپنے ہاتھ اچھی طرح صاف کر کے تولیہ سے پونچھ لو۔

اور پھر نیچے گرے ہوئے چاولوں کو یکجا کر کے جدائی نام کی ڈبیہ میں بند کر دو اور ہر دو ڈبیہ کو بند کر کے اپنے پاس محفوظ کر لو اور اس بات کے منتظر رہو کہ چاند گرہن سے نکل آئے۔

پھر اپنے گھر چلے آؤ پیچھے مڑ کر نہ دیکھو اور نہ کسی قسم کے خوف کو دل میں جگہ دو۔ بلکہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتے ہوئے اپنے گھر چلے آؤ۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

فری عملیات بکس
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOK'S

طریقہ استعمال برائے جدائی

جدائی نامی ڈبیہ سے شدو چاول لے کر ان کو باریک پیس کر جسے اپنے سے علیحدہ کرنا چاہتے ہو اس کو کسی چیز چاہے کسی دن کھلا دو پھر جیتے جی اس سے تمہارا میل نا ممکن ہو جائے گا۔

نوٹ:

ان تیار شدہ چاولوں کو ہر شخص استعمال کر سکتا ہے۔ خواہ عامل خود کسی کو دے یا عامل سے لے کر کوئی دوسرا شخص کسی کو کھلائے مطلب یہ کہ جس کو کھلائے گا اس کو اپنے پر مائل یا اپنے سے متنفر کر سکے گا۔ سخت ضرورت کے وقت ان چاولوں کا استعمال کرنا واجب ہے۔ ناجائز طور پر ان سے ناجائز فائدہ اٹھانے والے جہنمی عذاب کی صعوبتوں سے بچ نہ سکیں گے۔

منتر برائے کیمیا بنانے کا

منتر:

امبر چڑھے کو دری چڑھے سوج مکھ سے سو کھنے سوا ٹنگ پانی سوا ٹنگ پانی سوا ٹنگ بھبوتی مہادیو نے آنی پاربتی نے چھانی جڑھی بھبوت دل ہوا پاک الکھ نرنجن آپ سے آپ

ترکیب:

موساکئی ایک بوٹی ہوتی ہے۔ یہ بوٹی اکثر ترائی میں ہوتی ہے اس کے پتے چھوٹے اینٹھے ہوئے چوہے کے کان جیسے ہوتے ہیں۔ اس کی جڑ میں اکثر کیڑیاں ہوتی ہیں اس بوٹی کا عرق نکال کر اکثر شوقین رکھ لیا کرتے ہیں چونکہ یہ بوٹی صرف جاڑے میں ملتی ہے برسات میں نہیں ملتی ہے برسات میں پانی سے مرجاتی ہے اول خام تانبہ لے کر اور برادہ کر کے سونا سہاگہ ڈال کر چرخ دے اور 11 مرتبہ منتر پڑھ کر 3 ماشہ عرق ڈالے سونا ہوگا۔

دوسرا منتر کیمیا کا

عمل:

اللہ کے دوست حبیب کے رحمان تخت بیٹھے حضرت سلیمان

ترکیب:

حسن سرور عرف ناگنی ایک بوٹی ہوتی ہے اس کی پتی رات کو جگنو کی طرح چمکتی ہے اس پر ایک جن سوار ہوتا ہے 21 مرتبہ طلسم پڑھنے سے جن غائب ہوگا جب یہ پتی مل جائے تھوڑی پتی لے کر اور چلم میں بجائے چغل کے پیسہ منصوری رکھ کر اور اوپر پتی رکھ کر چرس کی طرح دم لگائے وہ سونا ہوگا۔

تیسرا نسخہ کیمیا کا

سم الفار 4 تولہ۔ گندھک 40 تولہ۔ آنولہ سار 4 تولہ۔ ہڑتال طبقی 4 تولہ۔ شنگرف 4 تولہ۔ عرق تلی 20 تولہ۔

ترکیب:

سب ادویہ کو کوٹ چھان کر اور ایک سور کا بچہ جس کی عمر دس پندرہ یوم ہو بعد ذبح آلائش براستہ مقام

پاخانہ نکال دے اور پھر اول سفوف ادویات اس کے پیٹ میں ڈال کر اور مضبوط سی کر عرق تتلی چھوڑ دے اور تمام ادویہ کو لکڑی سے ملا دے پھر وہ بھی سی دے پھر ایک ہانڈی میں رکھ کر اس پر سرپوش ڈھک کر اور سرپوش کے درمیان میں روپیہ برابر سوراخ کر دے اور گندی جگہ دفن کرے جب کہ کیڑے پیدا ہوں یہاں تک کیڑا پیدا ہو کر ایک کو ایک کھائے صرف موٹے موٹے دس پندرہ کیڑے رہ جائیں تب کیڑے چن کر ایک شیشی میں بند کر کے مضبوط ڈاٹ لگا کر اور تھوڑی کھچڑی ارڑ اور باجرے کی پکا کر وہ شیشی اس کھچڑی گرم گرم میں رکھ دے جب کھچڑی سرد ہو جائے شیشی نکالے بس ان کیڑوں کا تیل نکل گیا ہوگا۔ بس تانبہ چرخ شدہ 1 تولہ اور روغن ایک قطرہ ڈالنے پر سونا ہوگا۔

تیسرا نسخہ چاندی بنانے کا۔

آگی ایک بوٹی ریگستان میں ہوتی ہے اس کے درخت اور مدار کے درخت میں یہ فرق ہے مدار سے دودھ نکلتا ہے اس سے دودھ نہیں نکلتا آگی کے پتے میلے ہوتے ہیں مدار میں ڈالی ہوتی ہے اس میں ڈلی نہیں ہوتی یہ صرف ایک ڈال کا ہوتا ہے ورنہ سب علیہ مدار سے ملتا جلتا ہوتا ہے اسے معہ جڑ کھود لائیں سایہ میں خشک کر کے سفوف بنالیں اور قلعی کو چرخ دے کر تھوڑا سفوف اس میں ڈالیں چاندی ہوگی۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

تمام عمر زہریلے جانوروں سے بچے رہنا

جب بچہ پیدا ہو اور اسے ابھی دودھ بھی نہ پلایا ہو اس وقت بارہ سنگھے کی آنکھ کے کڑھے کا میل دو رتی دودھ میں گھول کر حلق میں ٹپکائیں تمام عمر زہریلے جانوروں کی سمت سے محفوظ رہے گا۔

زہریلے جانوروں سے بچے رہنا

ہر شخص اپنے پاس پیاز رکھے زہریلے جانور اس کے نزدیک نہ آئیں گے۔

پسوؤں سے محفوظ رہنا

کسی تانبے پر یا پیتل کی طشت میں پانی بھر کر ایک قطرہ سرسوں کے تیل کا اور ایک قطرہ مٹی کے تیل کا ڈال دیں اور برتن مذکور کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائیں تمام پسو اس برتن میں گر کر مرتے جائیں گے اور ان میں سے ایک بھی آپ پر حملہ آور نہ ہو سکے گا۔

گھر میں مچھر نہ گھسیں

اگر گھوڑے کے بال مکان کے دروازے پر پھیلا دیں تو مچھر اندر داخل نہ ہوں۔

مچھر گھر میں نہ گھسیں

جس مکان میں شیر کا بال لٹکائیں وہاں مچھر ہرگز نہ آئیں گے۔

پروانہ چراغ کے نزدیک نہ آئے

اگر چراغ میں قدرے پیاز ڈال دیں یا چراغ کے نزدیک رکھ دیں تو پروانے چراغ کے گرد جمع نہ ہوں گے۔

کیڑے سے بچا رہے

گندم جوار میں اگر پہاڑی بکری کا سینگ رکھ دیں تو غلہ ہر قسم کے کیڑے سے محفوظ رہے گا۔

ٹڈی دل سے محفوظ رہے

اگر بندر کی کھال کی چھلنی سے دانے کو بویا جائے تو کھیت ٹڈی دل اور ہر قسم کے کیڑے مکوڑے سے محفوظ رہے۔

مکان میں چوہے داخل نہ ہوں

سیاہ خچر کا سم دروازے کی چوکھٹ کے تلے دفن کر دیں اس مکان میں چوہے ہرگز داخل نہ ہوں گے۔

حشرات الارض حیوانات اور درندوں کو بھگانا

اگر کسی جگہ درندوں کا خوف ہو تو ہاں خرگوش کی کھال سلگا دیں کوئی درندہ نہ رہے گا سب کے سب بھاگ جائیں گے۔

دیگر:

اصابع الصفر کو اپنے باجے میں رکھ کر بجائیں جہاں تک باجا کی آواز جائے گی کوئی درندہ نہ رہے گا۔

درندے ڈریں

اگر آدمی ریچھ کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھے تو درندے کا خوف نہ رہے اپنی آدمی سے تمام درندے ڈریں اور بھاگ جائیں۔

ہر قسم کا سانپ بھاگ جائے

جس گھر میں شتر مرغ کی چربی ہوگی وہاں سانپ نہ رہے گا بلکہ اگر اس کو اس کی بو آئے گی تو بے ہوش ہو جائے گا۔

دیگر:

جس جگہ فاختہ بول رہی ہو وہاں سے سانپ اس کی آواز سنتے ہی بھاگ جائے گا۔
اگر کسی کمرے میں سانپ ہو وہاں چنے کی جڑ پھینک دیں سانپ فوراً بھاگ جائے گا۔
اگر سیم بزآگ میں جلا دیں تو اس کے دھوئیں سے سانپ بھاگ جاتا ہے۔
رائی کو تھوڑے سے پانی میں گھس کر گھر میں چھڑک دیں فوراً سانپ بھاگ جائے گا۔
رائی اور نوشادر ہم وزن پیس کر گھر میں پھیلا دیں سانپ بھاگ جائے گا۔

عملیات کی دنیا
FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/

دفع درد آدھا سیسی

ہدہد کی ہڈی کی دھونی دینے سے آدھا سیسی جاتا رہے۔

بینائی تیز ہو

مالکنگنی کا تیل ہاتھ پر ملنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے۔ بے حد مجرب ہے۔

دیگر:

خواہ آدمی کی عمر ایک سو سال سے زائد ہی کیوں نہ ہو اگر وہ اپنی آنکھ میں سیاہ بلی کا پتہ اور چوکور کا پتہ ملا کر لگائے تو وہ باریک سے باریک چیز کو دیکھ سکے گا اور گہرے پانی میں بھی ہر چیز کو دیکھے جب آنکھوں کو دھوڈالے تو اثر جاتا رہے۔

اگر کسی کو کم نظر آتا ہو تو وہ چربی ہدہد کی آنکھوں میں لگایا کرے اس کی نظر درست ہو جائے گی۔

جب کسی کے لڑکا پیدا ہو تو وہ پیدا ہونے کے بعد جب سب سے پہلے پیشاب کرے اگر یہ پیشاب کوئی شخص آنکھوں میں لگائے تو تمام عمر بہت تیز بینائی رہے گی اور روشنی کم نہ ہوگی۔

روشنی رات دن یکساں رہے

اگر چرخ کی آنکھ اپنی آنکھوں پر ملیں تو روشنی آنکھوں میں برابر رہے گی۔

اندھیرے میں دیکھنا

الو کی چربی آنکھ میں لگا کر کسی تاریک مکان میں جائیں تو سب کچھ نظر آئے گا۔

آنکھیں نہ دکھیں

اگر سال میں متعدد بار گولر کا پختہ پھل کھالیں تو آنکھیں نہ دکھیں۔

دافع شبکوری یا رتوندہ

گھٹنک نر کی بیٹ اور مرغ کا زہرہ گڑ کر بطور سرمہ آنکھ میں لگانے سے شبکوری دور ہو۔

کان کا درد دور کرنا

ایک چڑیا کو پکڑ کر اس کی مقعد کے آس پاس کے پر اکھاڑ کر کان کے سوراخ پر رکھ دیں کان کا درد فوراً دور ہوگا۔

نکسیر دور ہو

اونٹ کے بال جلا کر وہ راکھ ناک میں ڈالیں نکسیر بند ہو جائے گی۔

دیگر:

جو شخص اپنے پاس چرز جانور کے پوٹے کی پتھری رکھے اس کی نکسیر فوراً بند ہو جائے۔
نکسیر کے خون میں قدرے نوشادر ملا کر اس سے ایک کاغذ پر اس شخص کا نام لکھ کر اس شخص کو دیکھنے کا حکم دیں تو اس کی نکسیر بند ہو جائے گی۔
برف پیشانی پر رکھنے سے نکسیر فوراً بند ہو جاتی ہے

داڑھ کا درد دور ہو

لہسن کو کوٹ کر انگلی اور انگوٹھے کے درمیان مخالف طرف سے باندھنے سے داڑھ کا درد موقوف ہوگا۔

لقوہ دور کرنا

آئینہ کے برابر کانسی کا تختہ بنا کر اندھیرے مکان میں لٹکا دیں اور لقوہ کے مریض کو ہدایت کریں کہ اس کی طرف دیکھا کرے چند یوم میں آرام ہوگا۔

دفعیہ امراض متعلقہ پیٹ

دفع عارضہ قولنج

جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہو تو اس کی آنول یعنی ناف رکھ چھوڑے جب کوئی عارضہ قولنج بیمار ہو تو اس کی کمر میں انول نال باندھ دیں فوراً آرام ہوگا۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks
FREE AMLIYAAT BOOK'S

دیگر:

بھیڑیے کی ہڈی ناف پر باندھنے سے درد قولنج فوراً دور ہو جاتا ہے۔

عورت کو جو پہلے حیض آئے وہ اپنا حیض ایک کپڑے میں جمع کرتی رہے اور پھر اس کپڑے کو حفاظت سے رکھے جس کے درد قولنج یا نفرس ہو وہ یہ کپڑا کمر میں باندھ لے تو اسی وقت آرام ہوگا اور درد دفع ہوگا۔

گینڈے کے سینگ کا چھلہ بنا کر انگلی میں پہن لیں تو قولنج کا درد دور ہو۔

ہچکی دور کرنا

جس کسی کو ہچکی آتی ہو اس کے لیے ریشما کو باندھنا نہایت مجرب علاج ہے باندھتے ہی ہچکی آنا بند ہو جاتی ہے۔

FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دفعیہ ہر قسم

بخار دور ہو

گوبھی کی جڑ کو گلے میں باندھنے سے بخار دور ہو جاتا ہے۔

دیگر:

نرگنڈی کی جڑ کمر میں باندھنے سے بہت قسم کے بخار دور ہو جاتے ہیں۔
بخار کے مریض کو نیم کے درخت کے نیچے سلا دیں آرام ہو۔
مہدیوی کی جڑ پیشانی پر باندھنے سے ہر قسم کا بخار فوراً رک جاتا ہے۔

تپ لرزہ دور کرنا

پرنجاسف کو روغن زیتون میں ملا کر مریض کے بند پر ملیں تپ ولرزہ دور ہو جائے گا۔

دیگر:

گر تپ لرزہ کا دور شروع ہونے کے وقت بلیں کا پتہ پیس کر دائیں ہاتھ پر باہر کی جانب کلائی کی گرہ کے پاس رکھ کر اور اس کے ایک ٹھیکری رکھ کر کپڑے سے مضبوط باندھ دیں تو اس مقام پر آبلہ پیدا ہوگا اور دوسرے دن دورہ نہیں پڑے گا۔
سانپ کی ہڈی جلا کر اس کی دھونی تپ لرزہ کے مریض کو دیں آرام ہوگا۔

چوتھیا بخار دور ہو

اگر دق جانور کی دائیں آنکھ کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے باندھ دی جائے تو چوتھیا بخار دور ہو لیکن اگر اس کی بائیں آنکھ باندھ دی جائے تو پھر چوتھیا شروع ہو جائے۔

دیگر:

اود (جو ایک دم دار دریائی جانور ہے) پیشاب میں مٹی بھگو کر چوتھیا کے مریض کے گلے میں باندھ دیں دورہ بند ہو جائے۔
مریض کے گلے میں بکری کی داڑھی باندھ دیں اور دھونی دیں بخار جاتا رہے اور درد سر کو بھی فائدہ ہو۔

بخار بروز اتوار کسی کنوئیں پر جا کر دونوں ٹانگیں کنوئیں میں نیچے کر کے بیٹھ جاؤ دس منٹ بیٹھے رہو چند بار کے عمل سے تپ دور ہوگا۔

اونٹ کے بدن میں جو کپڑا پڑ جاتا ہے اس کو بازو میں باندھنے سے یا گردن میں لٹانے سے چوتھیا بخار دور ہو۔

رات کو چڑھنے والے بخار دور ہوں

مکو کی جڑ کو کان میں باندھنے سے رات کو چڑھنے والے بخار دور ہوں۔

فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

خون حیض یا خون استحاضہ بند کرنا

بلی کا جگر اگر عورت کے باندھ دیا جائے تو خون حیض یا خون استحاضہ جو جاری ہو فوراً بند ہو جائے۔

برائے اولاد

اگر کسی کے لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو یا اگر ہوتا ہو تو مر جاتا ہو تو وہ دانت چرخ کا اپنے پاس رکھے بفضل خدا آئندہ لڑکا پیدا ہوگا اور صحیح سلامت رہے گا۔

دافع اٹھرا

برگ بیری، برگ آک، برگ ببول، برگ نیم، برگ سرین، برگ ارنڈ، برگ پیپل اور سات کنوؤں کا پانی سات راستوں کی خاک ایک کوزے برق میں ڈال دیں اور بروز اتوار کسی بیری کے نیچے جا کر اشنان کرے یہ عمل اس اتوار کو کرنا چاہیے جو شکل پکھ کا ہو تو اس کا اٹھرا دور ہو اور آئندہ جو بچے پیدا ہوں وہ کبھی بھی ہلاک نہ ہو۔

دیگر:

دوشیزہ لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر دس تار کا ایک ہاتھ لمبا دھاگہ لے کر بٹ دیں اور بروز اتوار داہنی پنڈلی پر باندھ دیں اٹھرا جاتا رہے۔

جس عورت کو اٹھرا کی مرض ہو وہ تمباکو نوشی شروع کر دے بس اس کا اٹھرا جاتا رہے گا یہ عمل مجرب ہے اور ہزاروں کو فائدہ پہنچ چکا ہے۔

نظر بد و مصائب سے محفوظ

آلو سن کو اپنے مکان کے دروازے پر لٹکانے سے اس کے رہنے والوں کو نظر بد نہیں لگے گی اور وہ مصائب سے محفوظ رہے گا۔

اگر کوئی شخص تھوڑا سا گوشت سیاہ بلی کا کھالے تو اسے کبھی اثر نہ کرے گا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

بروز سنیچر طلوع آفتاب سے پہلے کسی چورستے کی مٹی بائیں ہاتھ سے اٹھائیں اور نئے سلے کپڑے میں باندھ کر ساتھ رکھیں اس کے رکھنے سے جادو اثر نہ کرے اگر جادو اثر کر چکا ہوتا اس

https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOK'S

کا نقد دفع ہو جائے۔

بد بد کو ذبح کر کے جس گھر کے دروازے پر لٹکا دی جائے گھر کے رہنے والے جادو نظر بد مرگی اور چور سے محفوظ رہیں گے۔

جس شخص کے پاس چرز جانور کی داہنی آنکھ ہوگی اس کو نظر نہ لگے گی۔

اگر بچہ کی چربی بچہ کی پیدائش کے وقت اس کے جسم پر مل دی جائے تو تمام عمر نظر بد سے محفوظ رہے۔

جو شخص سراج القطرب کی جڑ اپنے پاس رکھے گا وہ سے نظر بد اور بلا سے محفوظ رہے گا۔

برہان قاطع میں لکھا ہے کہ سنگ کرک کو اپنے پاس رکھنے سے جادو کا اثر نہیں ہوتا اور لوگ ایسے آدمی سے محبت کرتے ہیں۔

جس گھر میں فاختہ ہو اس گھر کے رہنے والے جادو اور نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

جو شخص اپنے پاس گیدڑ کی دائیں آنکھ رکھے گا وہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

مجیٹھ کے پیڑ کو اکھاڑ کر گھر میں لٹکا دیں اہل خانہ نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

اگر کوئی شخص سیکڑہ جلا کر اپنے پاس رکھے تو اس پر کسی قسم کا جادو اثر نہ کرے گا۔

جادو کے ذریعہ جادو اور نظر بد کا اثر دور کرنا

ایک نسخہ بعنوان جادو نظر بد و مصائب سے محفوظ رہنا میں نمبر ایک پر درج ہو چکا ہے وہ بھی جادو کا اثر دور کرنے میں لاثانی ہو۔ اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو وہ جب الحلب نیلے کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھے جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

جو شخص بہت بزدل آدمی ہو دلیر ہو جائے گا اور جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔

پپیتا جو ایک پھل کے بیج کا نام ہے لے کر اس میں سوراخ کر کے اگر گلے میں ڈال لیا جائے تو ہر قسم کے جادو کے اثر اور نظر بد کے اثرات سے دور ہو جائیں گے بلکہ الٹا جادو کرنے والے پر لوٹ جائے گا۔

ایسا آدمی وبا اور ہوا کی خرابی سے بھی محفوظ رہے گا۔

خوشی سے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

محبوب کو بس میں لانے کا طریقہ

اگر آپ کسی کافر جمال حسینہ کے دام عشق میں مبتلا ہو گئے ہیں اس کے فراق میں اپنا چین و آرام کھو چکے ہیں ہر وقت اس کا عشق آپ کو بے چین کر رہا ہے اور بغیر اس کے آپ کو کسی طرح چین نہیں پڑتا ہے اور وہ آپ سے اتنا متنفر اور بے زار ہو کہ آپ کی شکل سے نفرت کرتا ہو۔ تو اس وقت آپ کو کسی طرح کا ہراس نہ ہونا چاہیے۔ بلکہ آپ مندرجہ ذیل طریقہ کو استعمال کر کے اس وقت اپنی مطلب براری اس طرح کیجئے۔

مگر شرط یہ ہے کہ حسینہ غیر شادی شدہ ہو کسی دوسرے کی امانت نہ ہو اور آپ جب اس کو اپنے بس میں کر لیں تو اس کو شادی سے پہلے ہاتھ سے بھی نہ چھوئیں۔ یہ طریقہ ناجائز طور پر استعمال نہ کیا جائے۔ کیونکہ یہ بیحد مؤثر ہے اس کا اثر لازمی طور پر ہوتا ہے۔ اگر وہ شادی شدہ ہے تو اس پر آپ کا ظلم ہوگا۔ کیونکہ اس عمل سے جب وہ متاثر ہوگی تو ہرگز اپنے گھر میں نہ رہ سکے گی اور بغیر آپ کے اس کو قرار نہ آئے گا۔ مگر شادی کی جکڑ بند سے مجبور ہو کر اپنے اوپر جبر بھال پکھال مصمکہ قلون کجرہ منجرہ کھاؤں آٹھ پہر میں گھڑی دسک موہن میرا ناؤں۔

معشوق عاشق کے قدموں پر

کسی سنگدل محبوب کو اپنا بنانے کے لیے اگر آپ نے دنیا بھر کے تمام عمل کر کے اپنی قسمت کو آزما لیا ہے اور اس کی طرف سے آپ بالکل مایوس ہو چکے ہیں تو اس وقت اس مجرب الجرب اور خاص الخاص عمل کو کر کے کامیابی حاصل کر لیجئے۔

یہ عمل ایک کامل بزرگ کا اپنی خاص عنایت سے عطا کیا ہوا ہے اور اب تک دسیوں حاجتمندوں کی حاجت اس کے ذریعے پوری ہوئی ہے۔ اعتقاد درست ہونا چاہیے اور ہمت و استقلال سے اکیس دن تک متواتر بلا ناغہ مندرجہ ذیل طریقہ پر عمل کرنا چاہیے اور جب مطلب پورا ہوا جائے تو اس وقت اپنی نیت کو درست رکھنا چاہیے اور حرام یا ناجائز راہ اختیار نہیں کرنا چاہیے۔ یہی اس کی شرط ہے۔ عمل یہ ہے۔

چاند کی پہلی تاریخ کو ورنہ دوسری تیسری تک جنگل سے ایک نرکوا گرفتار کر کے لے آئیں اور اس کو ایک پنجرہ میں محفوظ کر دیجئے۔ دانہ پانی مناسب طریقہ سے اسے ڈالتے رہیے۔ جب کوا حاصل کر لیا جائے تو پھر ہفتہ یعنی سنیچر کا دن گذار کر جو رات آئے اسی رات سے یہ عمل شروع کرنا چاہیے۔ عمل پڑھنے کے لیے ایک کمرہ الگ مخصوص کر لیا جائے جس میں بالکل تنہائی ہو اور صرف ایک معمولی سا بستر ہو اور کچھ نہ ہو۔

ایک کورا مٹی کا چراغ بنا کر اس میں تل کا تیل ڈال دیجئے' اور ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل نقش کالی سیاہی سے لکھ کر باریک بتی بنالیں اس کاغذ کی بتی پر پاک صاف روئی لپیٹ کر اس چراغ میں ڈال دیں۔ اب اس گرفتار شدہ کوا کے پنجرہ کو اس کمرے کے وسط میں لا کر رکھیں اور یہ چراغ اس پنجرے کے اوپر رکھ کر روشن کر دیں' اور خود پنجرے کے سامنے بیٹھ کر اکتالیس بار مندرجہ ذیل افسون اتنی بلند آواز سے پڑھیں کہ وہ کوا بھی سن سکے۔ جب تعداد پوری ہو جائے تو چراغ کی بتی رفتہ رفتہ بڑھا کر سب جلا ڈالیں اور اس چراغ کو محفوظ کر کے رکھ چھوڑیں صبح کو جنگل میں جا کر اس چراغ کو زمین کے نیچے دفن کر دیں دوسرے دن پھر نیا نقشی لکھیں نیا چراغ بنائیں اور گذشتہ رات کی طرح وہی عمل کریں' اور اس چراغ کو بھی دفن کر دیں۔

اسی طرح اکیس روز تک کرتے رہیں۔ جب اکیسویں دن رات کو عمل ختم ہو چکیں تو اسی وقت ایک نقش اور کاغذ پر لکھیں اور اس کوا کے داہنے بازو میں اس نقش کو باندھ دیں اور اسی رات کو بارہ بجے کے بعد اس کوا کو جس جنگل سے پکڑا تھا وہیں لے جا کر چھوڑ دیں اور اپنے گھر واپس آ جائیں۔

کوا کے چھوڑنے کے بعد منہ پھیر کر پیچھے کی طرف نہ دیکھیں اور گھر آ کر سو رہیں۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے، بہت سے اشخاص اس کو کر کے کامیاب ہوئے ہیں۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ بشرطیکہ نیت حرام کی طرف رجوع نہ ہو۔

اس عمل کے فوراً بعد اسی ہفتہ میں انشاء اللہ تعالیٰ سنگدل سے سنگدل محبوب آپ کے قبضہ میں ہوگا۔ اور آپ کا مطیع ہوگا آپ کا حکم مانے گا۔ بیحد مجرب اور نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔ وہ افسون یہ ہے۔

کالا کوا کالی رات۔ کالا بھیجوں آدھی رات۔ جب وہ آوے آدھی رات۔ تن مجھ لاگے ساری رات۔ کلوا بیر فلانی کوں بیٹھی کوں اٹھالاؤ۔ سوتی کو جگاؤ۔ کھڑی کوں دوڑا لاؤ۔ حال لاؤ فی الحال لاؤ۔ جو نہ لاوے تو سگی بہن بھانجی کے بیچ پر پگ دھرے۔

نوٹ: فلانی کی جگہ محبوب کا نام لکھیے۔ نقش یہ ہے۔

۹	۲۲	۱۹	۱۶
کالا کلوا	جو نہ لاوے	کھڑی کوں دوڑا لاؤ	فلانی کوں
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
حال لاؤ	کلوا بیر	کالی رات	فی الحال لاؤ
۱۴	۷	۶	۱۱
تن مجھ لاگے ساری رات	بیٹھی کوں اٹھالاؤ	بیچ پر پگ دھرے	کالا بھیجوں
۲۳	۱۲	۱۳	۵
تو سگی بہن بھانجی کے	آدھی رات	جب وہ آئے آدھی رات	سوتی کوں جگالاوے

نقش یہ ہے۔

تسعم	للصص	طلسہ	کلمہ	لطحہ	ططلط	حصصحظ
حفم	ف	ج	ث	ظ	خ	ز
بھسم	ج	ش	ث	ظ	خ	ز
کھسم	ث	ظ	خ	ز	ف	ج
طھم	ث	ظ	خ	ز	ف	ج
لسعمط	خ	ز	ف	ج	ش	ث
حعمم	ز	ف	ج	ش	ث	ظ
سمعططط	ث	ظ	ج	ش	خ	ز

نوٹ: افسون میں فلانی کی جگہ محبوب کا نام مع اس کی ماں کے نام کے لکھا جائے اور مندرجہ بالا نقش کے نیچے بھی محبوب کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھے۔

تسخیر محبوب کا ایک اور لاجواب عمل

محبت کے بارے میں مندرجہ ذیل عمل کو نہایت لاجواب اور بیحد مستند ہے تسخیر محبوب کے لیے جب کوئی عمل کارآمد ثابت نہ ہو اور تمام کوششیں بے کار ثابت ہو جائیں تو مندرجہ ذیل نہایت آسان عمل کر کے اپنی مطلب براری کی جائے۔ یہ عمل نہایت آسان اور مجرب ہے۔

شروع چاند کی نوچندی اتوار کی رات میں کوا کے گھونسلے سے دو انڈے حاصل کیے جائیں اور ان کو پانی سے دھو کر صاف ستھرا کر لیا جائے بعد ازاں کالی روشنائی سے ان انڈوں پر مندرجہ ذیل دونوں نقوش لکھ کر کسی ایسے چولہے کے نیچے دفن کر دیں جس میں ہر وقت آگ رہتی ہو سات دن تک ان انڈوں پر ہلکی آگ روشن رہے کسی وقت بجھنے نہ پائے۔ اس مدت میں ضرور باضرور کامیابی ہو جائے گی۔ جب مقصد دلی پورا ہو جائے تو اس وقت چاہیے کہ محتاجوں اور مساکین کو حسب توفیق کچھ خیرات کرے۔ اس عمل کو ناجائز جگہ پر ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔ ان تمام عملیات کے لیے پاکیزگی نیت کی نہایت ضروری شرط ہے۔ خدانخواستہ اگر نیت میں خرابی ہوئی تو بجائے فائدے کے نقصان پہنچ جانے کا شدید سے احتمال ہے کیونکہ ناجائز طور پر کسی کو مسخر کرنا اور گناہ کی ترغیب دینا نہایت مذموم بات ہے۔ چالیس دن کے بعد اس کا محتاج ہونا ضروری ہے ہاتھ پاؤں سے معذور۔

دوسرا کا مافی الضمیر معلوم کرنا

مافی الضمیر معلوم کرنے کے معاملے میں جہاں بہت کچھ صدق ہے۔ وہاں کذب اور دھوکے بازی بھی بے حد ہے۔ چنانچہ ولایت کے مشہور بانی الضمیر معلوم کرنے والے مسٹر ایڈون جیمس کے کل کرشمے سچے تھے اور مسٹر ورنگ بشعات اور مسٹر سٹوارٹ کمبر لینڈ کے بالکل جھوٹے تھے۔

مسٹر ایڈون کا قول ہے کہ میں کسی کے خیالات پڑھ نہیں سکتا۔ بلکہ جن خیالات کو طبعی شکل میں سائل پیدا کر دیتا ہے اُن کو دوبارہ ظاہر کر دیتا ہوں۔ اس جملہ معترضہ کو چھوڑ کر ہم اس خاصیتش کی اصلیت اور آسان ترین طریقے بتاتے ہیں۔ اول یہ سمجھ لینا ضروری ہے کہ آیا خیالات پڑھ لینا ممکن بھی ہے یا نہیں۔ ہمارے نزدیک تاوقتیکہ خیال کو مادہ نہ مانا جائے یہ بات ناممکن ہے۔ انگریزی سائنس نے یہ تسلیم کرلیا ہے کہ خیال بھی مادہ ہے۔ اول دلیل یہ ہے کہ جب ہم کوئی بات یاد رکھنا چاہتے ہیں تو اس کو بار بار خیال کرتے ہیں۔

لڑکا سبق یاد کرنے کے لئے کیوں اُس کو بار بار کہتا ہے۔ صرف اس لئے کہ خیال کا مادہ متواتر زبان اور دل میں آنے سے موٹا اور دیرپا ہو جائے۔ ورنہ ایک مرتبہ بھی کہنا ہر حالت میں کافی ہوتا۔ بھولی ہوئی بات کو ہم یاد کرنے کی بض وقت آنکھیں بند کر کے اس طرح کوشش کیا کرتے ہیں۔ کہ گویا کسی کتاب میں دیکھ کر معلوم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ایسا کرنے سے مدت کی بھولی ہوئی بات فوراً یاد آجاتی ہے۔ گویا وہ خیال

کسی طبقے پر موجود تھا اور ہم اس کو وہاں سے تلاش کرتے تھے۔ اگر خیال مادہ نہ ہوتا تو ہرگز زمانہ ماضی کی بات یاد نہ آسکتی۔

(دوم) یورپ کے مستند روشن ضمیروں نے انسانوں کے مُنہ سے نکلتی ہوئی باتوں کی مختلف اشکال بنتے دیکھیں۔ مثلاً کہ وہ باتیں زبان سے بھی ادا نہ کی گئی تھیں اور انہیں باتوں کو انہوں نے پڑھ کر عوام پر ظاہر کر دیا۔ (سوم) اکثر ہندوستان میں بچے ایک کھیل کھیلا کرتے ہیں۔ چار پانچ لڑکے جمع ہو کر ان میں سے ایک باہر چلا جاتا ہے۔ باقی ماندہ سب ایک بات فرض کر لیتے ہیں۔ پھر اُس باہر گئے ہوئے کو بُلا لیتے ہیں۔ سب خاموشی سے اُس بات کو اپنے دل میں کامل غور پر جما لیتے ہیں۔ یعنی اس کا تصور رکھتے ہیں اور باہر جانے والا خاموشی سے سوچتا ہے اور جو بات اُس کے دل میں آتی ہے کہہ دیتا ہے۔ اکثر وہی بات ہوتی ہے جو سب نے فرض کر لی تھی۔ اس کھیل میں ناکامیابی کی وجہیں ہو سکتی ہیں۔ ایک تو سب کا یکسو خیال کر کے اس بات کا تصور نہ کرنا۔ یا باہر جانے والے کا کُند ذہن ہونا۔

اوّل قاعدہ:

اگر مافی الضمیر معلوم کرنے کا خواہش مند ماہر علم مسمریزم ہے تو وہ اپنے معمول کو حالتِ خواب میں کر کے اور جس شخص کا فی الضمیر معلوم کرنا چاہتا ہے۔ اس کا معمول سے تعلق پیدا کر کے حالات معلوم کر سکتا ہے۔ لیکن تاوقتیکہ معمول اچھا نہ ہوگا یہ کام نہیں ہو سکتا۔

دوسرا قاعدہ:

دو شخص مقررہ وقت پر دو مختلف کمروں میں جہاں کامل تنہائی ہو بیٹھیں ایک ان میں سے یہ کوشش کرے کہ اس کے دل میں کوئی خیال نہ کرے اور دوسرا کوئی شخص مفرد خیال اپنے تصور میں جما کر کوشش کرے کہ دوسرے شخص کے دل میں وہ بات چلی جائے۔

چند منٹ روز مرہ ایسا کرتے رہیں اور دونوں شخص لکھتے رہیں کہ شخص اوّل کے دل میں کون سی بات زیادہ آئی تھی اور دوسرے نے جو بات دل میں ڈالنا چاہی تھی وہ کیا تھی۔ چنانچہ دو ہفتے کے بعد تاریخ دار حالات ملانے سے معلوم ہو جائے گا کہ چند یوم کے خیالات بالکل مل گئے۔ اس طرح ابتداء میں چھوٹی چھوٹی باتیں مثلاً آسان سا نام یا کوئی چیز فرض کی جائے اور جب یہ صحیح ہونے لگیں تو مرکب جملے فرض کرلو۔ پھر کتاب کے صفحے کے صفحے دوسرے کے قلب میں ڈالے جاسکتے ہیں۔

اس طرح ایک شخص میں تو قدر ہر شخص کے خیالات پڑھ لینے کی ہو جائے گی اور دوسرے میں کسی غیر کے دل میں ڈال دینے کی۔ ایسا شخص مجمع میں بیٹھ کر سب کو اپنا ہم خیال بنا سکتا ہے۔ زیادہ صراحت کی ضرورت نہیں۔ دانا لوگ خود اس قوت سے وہ کام لے سکتے ہیں جو اس قوت سے ممکن ہیں۔

تیسرا قاعدہ:

ایک شخص کسی تنہا مقام پر اطمینان سے بیٹھے اور دوسرا شخص کسی کاغذ پر کوئی چھوٹی سی بات لکھ کر اُس کی پیشانی کو لگائے اوّل شخص اُس کے حال کو بغور اُس تاریکی میں دیکھنے کی کوشش کرے جو آنکھیں بند کرنے سے پیدا ہوتی ہے اور جو بات دل میں آئے کہہ دے۔ دس پانچ مرتبہ تجربہ کرنے سے کامیابی ہونے لگے گی اور ممکن ہے کہ اس طرح روشن ضمیری حاصل ہو جائے۔ جس کو انگریزی میں علم ''سائیکومیٹری'' کہتے ہیں۔ اس طرح بعض اشخاص حالات معلوم کر لیتے ہیں۔ حتےٰ کہ کسی مکان کا چونہ یا اینٹ کا ٹکڑا دکھانے سے اُس مکان کی تاریخ شکل اور حالات بیان کر دیتے ہیں۔ پروفیسر ڈینٹن نے اپنے لڑکے کے ذریعے شہر یا میائی کا مشرح حال معلوم کر لیا تھا جو مسیح سے تین سو برس قبل آتش فشاں پہاڑ ویسوویس واقع اٹلی سے دب گیا تھا۔

قوت ارادی بڑھ جانے کی شکایت:

کوئی ضروری بات نہیں ہے کہ ایک باطنی فعل کا ظاہری اور مادی معیار بھی مقرر ہو سکے۔ تاہم قوت ارادی کے لئے استادوں نے ایک قاعدہ مقرر کیا ہے جس کے افشا کرنے کا گناہ اول مرتبہ ہی اپنے سر لیتے ہیں۔

ایک تنہا کمرے میں جہاں ہوا نہ جاتی ہو (اگر دروازہ بند کرنے سے اندھیرا ہو جائے تو چراغ جلاؤ) اطمینان سے چار زانو بیٹھو اور ایک سوتی ریشم کے نہایت ہی باریک دھاگے میں اس طرح باندھو کہ دھاگہ بیچ میں سوئی کو ترازو کرتا رہے یعنی اگر اس سوئی کو کسی کیل وغیرہ میں لٹکا دیں تو اس کے دونوں سرے ایک سیدھی سطح میں رہیں۔ اس سوئی کو دیوار میں ایک کیل میں اس طرح لٹکاؤ کہ دیوار سے دھاگہ اور سوئی کسی قدر فاصلے سے رہیں۔ جب سوئی جنبش کرنا بند کر دے تو تم اس کے قریب بیٹھو اور سانس بھی نہایت آہستہ لو۔ تاکہ تمہارے سانس سے وہ ہلنے نہ لگے۔

پھر اپنے ہاتھ کی سب انگلیاں جمع کر کے سوئی کے قریب لے جاؤ۔ جب اب انچہ کے قریب فاصلہ رہ جائے تو قلب سے اس کو اپنی جانب کھینچنے کی کوشش کرو اور ہاتھ کو نہایت آہستہ پیچھے کو ہٹاتے جاؤ۔ گویا تم کسی چیز کو کھینچ رہے ہو۔ اگر قوت ارادی کامل طور پر ترقی کر گئی ہے تو ہاتھ کے ساتھ آگے کو کھنچ آئے گی۔ اور جب ہاتھ آگے کو بڑھاؤ گے تو پیچھے کو ہٹ جائے گی۔ اگر ناکامی ہو تو کچھ دنوں اسی طرح مشق کرو۔ اس طرح قوت بڑھا کر ہلکی چیزیں بلا چھوئے اپنی طرف کھینچ لی جا سکتی ہیں۔ اور متحرک کر دی جا سکتی ہیں۔ کسی ہلکی شے مثلاً کاغذ وغیرہ کا ہوا میں معلق ہونا بھی اس طرح ممکن ہے۔ جو شخص تجربہ کرے گا خود اپنی عقل سے کام لے سکے گا۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ہپناٹزم کا قانونی تعلق

اگر علم ہپناٹزم نے ایسی ترقی کی جیسی کہ اس کی بابت بوجہ ایک ہر دل عزیز اور نیا علم ہونے کے اُمید کی جاسکتی ہے تو وکیلوں اور ججوں کو بہت ہی پیچیدہ مقدمے فیصل کرنے پڑیں گے اور سب سے زیادہ پیچدار معاملات وہ ہوں گے جو آئندہ کے لئے ایماء یعنی اشارے سے پیدا ہوں۔ مثلاً میں زید سے خواب میں ایماء کروں کہ جب میں ایک دو تین شمار کروں تو لفظ تین کے منہ سے نکلتے ہوئے بکر کی پسلیوں میں زور سے گھونسہ مارنا۔ پس میں نے ایک دو گننا شروع کیا اور لفظ تین سنتے ہی زید بکر کے پاس گیا اور اس کی پسلی پر گھونسہ مارا۔ پس اس جرم کا جواب وہ کون ہوگا؟

کیا زید جواب دہ ہے؟ اگر وہ اپنی اصلی حالت میں ہو تو وہ جواب دہ ہے اب یہ بات فیصل کرنی ہے کہ وہ اپنی اصلی میں تھا یا نہیں؟ کیا وہ شخص جو ہپناٹزمی خواب کی حالت میں ہو اصلی حالت میں شمار ہوگا؟ جرمنی اور فرانس کے متفق الرائے نہیں ہیں۔ اُن کا خیال ہے کہ مجرم بالکل جواب دہ ہے لیکن صرف ایک معاملے پر متفق ہیں لیکن کیا ذہنی خلل عام ذہنی خلل کے مساوی ہے جو تمیز لہ غیر جوابے ہی کے ہے؟ وکیل اور جج لوگوں کو آپس میں یہ نکتہ حل کرنا چاہئے۔ فرض کرو کہ زید ایک بخیل آدمی ہے اور بڑا مالدار ہے۔

خواب کی حالت میں آلہ سخاوت پر ہاتھ رکھ کر میں اُس کو سخی بنا دیتا ہوں۔ اس حالت میں اُس سے کہتا ہوں کہ جب میں کھانسوں تو سو پونڈ فلاں ہسپتال کے لئے بطور نذارنے کے دینا۔ چنانچہ جب میں کھانسا تو اُس نے رقم مذکورہ بخوشی تمام دی۔ جب

ہوش آتا تو اسے کو بڑا افسوس ہوا اور روپیہ واپس مانگا۔ انکار پر نالش دائر ہوئی۔ جج کیا فیصلہ کرے گا؟

مسمریزم میں خاص کام ذاتی اثر کا ہے۔ یہ اثر مسمریزمی نور ہے جو نہ صرف انگلیوں کے پوروں سے ہی خارج ہوتا ہے بلکہ جسم کے ہر حصے سے اور خاص کر آنکھوں سے نکلتا ہے۔ یہ رگوں میں پیدا ہوتا ہے اور جن لوگوں میں زیادہ ہوتا ہے ان کی ذرا سی حرکت اور کوشش سے خارج ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ ایک مخفی ارکان قوت ہے۔ اور صرف وہ لوگ جن میں اثر زیادہ ہوتا ہے۔ ان لوگوں پر جن میں اثر کم ہوتا ہے اثر ڈال سکتے ہیں۔ ڈاکٹر مسمر نے اپنا اصول حسب ذیل طور پر بیان کیا ہے۔

''تمام عالم ایک عرق سے بھرا ہوا ہے جو ایتھر سے پتلا ہے جس طرح ایتھر ہوا سے پتلا اور پانی سے پتلی ہے۔ یہ عرق بھی ہوا اور ایتھر اور پانی کی طرح لہریں پیدا کرتا ہے۔ جس طرح روشن ایتھر کی لہروں سے آواز پیدا ہوتی ہے اسی طرح اس عالمگیر عرق سے دیگر کرشمے ہوتے ہیں۔ سماوی اجسام جو بلاشبہ ایک دوسرے پر اثر ڈالتے ہیں۔'' وہ اس عرق کے ذریعے سے اثر کرتے ہیں۔ ایک حیوان کا جسم دوسرے حیوان کے جسم پر اسی عرق کے ذریعے سے اثر کرتا ہے۔''

پس ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ مسمر نے اس عالمگیر عرق کو ''اخیل میکنزم'' کہا ہے۔ حال میں اس علم کے ماہروں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ عالمگیر عرق نہیں ہے بلکہ ہر شخص کے عصبی نظام میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ عرق جس کو ہم نے مسمریزمی نور بیان کیا ہے۔ اور جو ایک انسان دوسرے انسان پر پاس۔ سانس۔ نظر غرض کسی ذریعے سے ڈالتا ہے۔ خواب مقناطیسی پیدا کرتا ہے۔ بس اینمل میگنٹزم خالص مسمریزم کو کہتے ہیں۔ مقناطیسی عرق خواہ تمام عالم میں پھیلا ہوا ہو۔ یا کسی شخص کے نظام عصبی میں پیدا ہوتا ہو۔ جب تک اس کے وجود سے انکار نہ کیا جائے کوئی فرق واقع نہیں ہوتا۔

مقناطیس میں سب سے زیادہ دلچسپی ہم کو اس لئے ہے کہ وہ ہپناٹزمی معمول پر

ایک خاص اثر رکھتی ہے چند مستند اُستادوں کے تجربات نے حسب ذیل اُمور کو شک کے دجے سے نکال دیا ہے۔ فرض کرو کہ ایک معمول کا بایاں حصہ جسم کا بذریعہ ایماء بے حس کیا گیا ہے اور دایاں حصہ بالکل صحیح ہے۔ تو ایک معمولی مقناطیسی جسم کے قریب لانے سے تبادلہ واقع ہو جاتا ہے۔ یعنی باتیں سمت کی بجائے دائیں سمت بے حس و حرکت ہو جاتی ہے اور بائیں سمت صحیح ہو جاتی ہے۔

فرض کرو کہ ایک معمولی بذریعہ ایماء لکھ رہا ہے مقناطیس قریب لانے پر وہ فوراً قلم ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں تبدیل کر لے گا اور تحریر کا رُخ بھی بدل لے گا۔

فرض کرو کہ ایک معمول کو بذریعہ ایماء نیلا رنگ دکھایا جا رہا ہے۔ مقناطیس قریب لاتے ہی اُسے زرد رنگ نظر آنے لگے گا اور یہ ہی حال دیگر رنگوں کے ساتھ ہوگا۔ چونکہ ان تجربات میں مقناطیس قریب لانے کی طلاع معمول کو نہ کی گئی تھی۔ اس لئے یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ ایماء کا اثر تھا۔ علاوہ ازیں ایماء صرف عامل کر سکتا ہے۔ لیکن مقناطیس ہر شخص کے قریب لے جا سکتا ہے۔ ہر حال میں ایک ہی اثر ہوگا۔

آخر میں مجھے یہ کہنا ہے کہ جو کچھ اس سلسلے میں لکھا گیا ہے۔ میرے ناظرین کو جدید تجربات کی جانب ترغیب دے گا۔ جس سے ملک کے علمی ذخیرے میں ایک قیمتی اضافہ ہوگا۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

علم قیافہ کے متعلق بعض معلومات

ایک جگہ ہم نے اشارہ کیا ہے کہ مقناطیسی قوت سے کام لینے والے شخص کو علم کاسئہ سر یا قیافہ سے بھی کسی قدر واقفیت حاصل کرنا ضروری ہے۔ لہٰذا ہم ذیل میں اس بارے میں بہت اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں جو شائقین کے فائدے سے خالی نہ ہوگا۔

جس شخص کی پیشانی گولائی نما ہو وہ شخص پرہیز گار۔ فیاض اور سمجھ دار ہوتا ہے۔

جس شخص کی پیشانی گوشت سے پر ہو۔ ابروؤں کی ہڈی ابھری ہو اور اس پر جھریاں پڑی ہوئی ہوں وہ آدمی جھگڑالو، فریبی، بیہودہ اور برائی کا عادی ہوتا ہے' اور جس شخص کی پیشانی فراخ اور باہر کو ابھری ہوئی ہو۔ وہ شخص دیانت دار۔ مزاج کا سادہ مگر ضدی ہوتا ہے۔

جس شخص کی آنکھیں موٹی موٹی ہوں وہ سست حاسد۔ دروغ گو بہادر' اور راز کو چھپانے والا ہوتا ہے۔ جو شخص ترچھی نگاہ سے دیکھے وہ حیلہ باز۔ تند مزاج۔ جھوٹا اور بدنصیب ہوتا ہے اور جس شخص کی پلکیں جلد جلد بند ہوں اور آنکھیں بھی حرکت کریں تو وہ شخص عیاش ظالم اور بد اعتقاد ہوتا ہے۔ اسی طرح پر بیل کی آنکھوں کی مانند آنکھیں رکھنے والا آدمی فربہ بدن۔ کند ذہن' اور ضعیف الحافظہ ہوتا ہے۔

جس شخص کی ناک لمبی پتلی ہو وہ شخص دلیر غصیلا اور نازک مزاج سادہ دل۔ اثر پذیر۔ (نیکی یا بدی کو جلد قبول کرنے والا) ہوتا ہے۔ جس کی ناک لمبی پتلی ہو۔ مگر اس کی نوک نیچے کو جھکی ہوئی ہو۔ وہ شخص دانا۔ صاحب تمیز' اور دیانت دار ہوتا ہے' اور جس کی ناک کی نوک بڑی ہو وہ شخص صلح جو۔ محنتی اور سمجھدار

ہوتا ہے۔

جس شخص کے ہونٹ موٹے ہوں وہ شخص کمزور اعتقاد بیوقوف سست اور آسانی سے فریب کھانے والا ہوتا ہے' اور جس کے ہونٹ پتلے اور سرخ ہوں وہ شخص معتدل مزاج اور نیکی کا راغب ہوتا ہے' اور جس کے ہونٹ ناہموار ہوں وہ شخص سست آرام طلب بیوقوف اور بدنصیب ہوتا ہے۔

جس شخص کے دانت چھوٹے اور کمزور ہوں وہ شخص حلیم۔ دیانت دار ایماندار اور کمزور ہوتا ہے۔ لمبے پتے تیز دانت والا شخص حاسد بہادر بے شرم۔ بے اعتقاد اور شکم پرست ہوتا ہے۔ جس شخص کے دانت معمول سے زیادہ بڑے یا چھوٹے ہوں وہ شخص تجھدار بہادر معزز اور حاسد ہوتا ہے۔

جس شخص کی ٹھوڑی گوشت سے خالی ہو وہ شخص دیانت دار وعدہ کا سچا۔ صلح جو مگر سست ہوتا ہے اور جس شخص کی ٹھوڑی نوکدار ہو اور اس پر متوسط درجہ کا گوشت ہو وہ شخص تجھدار با حوصلہ اور فصیح و بلیغ ہوتا ہے۔ اسی طرح پر جس شخص کی ٹھوڑی خمدار و نوکیلی ہو وہ شخص مغرور حاسد فریبی چور بے حیا اور غصہ والا ہوتا ہے۔

بڑے اور موٹے کان والا آدمی بیوقوف' کند ذہن' اور کم عقل ہوتا ہے چھوٹے اور پتلے کان کا آدمی تجھدار۔ سنجیدہ۔ کفایتی ارادہ کا مضبوط ہوتا ہے بڑے کانوں والا آدمی بہادر بے وقوف بیہودہ اور زیادہ خور ہوتا ہے۔

دبلے چہرہ کا آدمی تجھدار متلون مزاج ہوتا ہے' اور اسی کی تقریر حقارت آمیز ہوتی ہے۔ اسی طرح سے جس شخص کے چہرہ پر گوشت اور شکن ہوں وہ شخص شرابی دلیر جلد باز فضول گو ہوتا ہے۔

بڑے اور گول سر والا آدمی بلند خیال دیانتدار عقلمند اور ثابت قدم ہوتا ہے۔

بڑے سر اور چھوٹے چہرہ والا دلیر عورتوں کا شائق اور وہمی اور بے جیا ہوتا ہے۔ جس کا سر چھوٹا۔ رگیں لمبی اور پتلی رکھنے والا انسان بدن کا کمزور۔ شائق علم اور بدنصیب ہوتا ہے۔

جس شخص کے پاؤں زیادہ لمبے ہوں وہ بہادر۔ فیاض۔ مگر شیخی باز مغرور اور بے وفا ہوتا ہے اور چھوٹے بازوؤں والا صاحب حوصلہ حلیم الطبع۔ شجاع ہوتا ہے۔ بازوؤں پر بال نہ رکھنے والا شخص غضبناک بے فیض۔ شوخ اور سریع الاعتقاد ہوتا ہے۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOK'S
عملیات بکس

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سوال کا جواب ملے

۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰

اول دس سالہ حسین لڑکے یا لڑکی کے داہنے ہاتھ کے ناخن پر کاجل لگائیں اور خشک ہو جانے کے بعد اس کے اوپر تیل لگائیں اور اب یہ تعویز لکھیں اور لڑکے کے انگوٹھے اور اس کے قریب کی انگلی سے تعویز پکڑو دائیں اور لڑکے کو ہدایت کریں کہ وہ سیاہی لگا ہوا ناخن غور سے دیکھتا رہے پس جب اسے سیاہی میں کچھ نظر آئے تو یہ سوالات حاصل کر کے جواب حاصل کریں۔ وہ ہر ایک سوال کا جواب ٹھیک ٹھیک بتا دے گا۔

علم التسخیرات
نقش اور تعویزات کی تاثیرات
قوت حافظہ اور صحت جسمانی کے لیے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

دشمن اور مغلوبی حاسدوں کے لیے

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

FREE AMLIYAAT BOOKS
http://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/
خوش جیو سرفراز شاہ وچ پنجر

طلسم خاص

جمعہ کے دن طلوع آفتاب کے بعد اس طلسم کو تیار کر کے اپنے پاس رکھیں۔ اس سے بہت فائدہ پہنچے گا کبھی سنگریزوں میں ہیرا بھی مل جاتا ہے۔ چھ قسم کا اناج ایک ایک پاؤ لیں۔ گیہوں، چنا، ارہر، ماش، مونگ ان سب کو ملا کر مصالحہ وغیرہ ڈال کر پکاؤ۔

گھی زیادہ ڈالو اور عمدہ کر کے پکاؤ اور گھر کے سب لوگ کھائیں حلیم بن جائے گی۔ وزن ایک ایک پاؤ۔ گوشت گھی مصالحہ وزن سے خارج ہے۔ پھل بھی ہوں۔ یہ رات میں پکائیں اور صبح بعد طلوع آفتاب کھائیں اور کھلائیں۔ فاتحہ کے بعد آپ یہ طلسم اسی طرح زعفران، ہلدی اور ہرتال ملا کر زرد رنگ کے کاغذ پر لکھیں اور سونے کا ورق اس پر بچھا کر اور تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھیں۔ آپ سے اسی طرح نقل کر لیں کشائش رزق ترقی اور ملازمت کے واسطے بہترین چیز ہے نقش لکھتے وقت اگر بتیاں سلگا لیں کوئی اور شرط نہیں ہے اپنے دل سے سوال پیدا نہ کرو اعتقاد سے کرو۔ بس اسی طرح نقل کر لو اگر سونے کا ورق نہیں ہے تو نشاس کی برابر سونا تعویذ میں رکھ لیں۔

جے
کالی
ماتا

مجرب عمل

میں بہت ہی نافرمان اور گناہگار بندہ ہوں میں خود کو خدا کی سب مخلوق سے زیادہ ذلیل وخوار جانتا ہوں لیکن ایک خیال ہمیشہ رہا اور مرنے کا وقت ہے تو مجھے سوائے قبر کے کچھ نظر نہیں آتا اس لیے وہ ہر زبان پر ہے وہی قلم سے نکلتا ہے آپ پر اگر سخت وقت ہے کوئی مصیبت ہے قرض داری ہے ملازمت نہیں ملتی۔

دشمنوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ غرض کوئی تکلیف اور رنج ہے تو یہ عمل شروع کریں اور پریشانی ختم ہوگی۔ مگر تھوڑی پابندی کرنا ہوگی۔ رات کو ۱۲ بجے تک جاگتے رہیں جن لوگوں کو صبح طلوع آفتاب سے قبل اٹھنے کی عادت ہے وہ اس عمل کے واسطے

مخصوص ہیں رات کو سونے سے قبل اور صبح درود شریف اصل میعاد تو چالیس دن ہے مگر جس نے اس عمل کو کیا کبھی چالیس دن پورے نہ ہوئے کہ زیادہ سے زیادہ پندرہ منٹ کا عمل ہے۔ عمل یہ ہے عمل یہ ہے۔ آگ میں جل کر۔ راکھ ہوئے فریاد سنو۔ پاک وصاف ہونا شرط ہے۔

نوٹ:

اس کتاب کے تمام عملیات شروع کرنے سے پہلے اجازت لینا ضروری ہے۔

فری عملیات بکس
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

اسلامی ممالک کے عقید تمندوں کا کہنا ہے کہ اگر ایک کوا کو پکڑ کر تین دن اور رات کو ایک پنجرے میں بند رکھا جائے اور اُسے اُن تین دن تک اُبلے ہوئے چاول اور اُبلے ہوئے گیہوں اور پانی پر رکھا جائے۔ پھر چوتھے دن چھ ماشہ آب پیاز چار رتی زعفران کا شیری ایک رتی کستوری خالص چھ ماشہ شہد اور ایک تولہ خالص پانی کا مرکب ملا دیا جائے تو قریباً ایک گھنٹہ کے اندر کوا اپنے پنجرے میں اس طرح نظر آئے گا جس طرح کہ وہ کوئی نشیلی چیز کھا کر اپنے حال سے بے خود ہشاش بشاش سا بیٹھا ہے۔ اس حالت میں وہ اپنی زبان سے طرح طرح کی بولیاں ایک خاص سُر سے ترنم کے ساتھ بولنا چلا جائے گا اور تھوڑی دیر بعد ذرا خاموش ہو کر ایک قسم کی آواز نکالے گا جیسا کہ وہ سامعین سے پوچھ رہا ہے کہ کیا آپ میری بات کو سمجھے؟

ایسی حالت میں اور اس وقت اگر کوئی ایسے صاحب موجود ہوں جو اس کے زبان کو بخوبی سمجھ سکیں تو وہ فوراً آپ کو بتا دینگے کہ یہ نوع قدرت اپنے ہر اعضاء پر وبال و استخوان کی خوبیاں نہایت ہی واضح طور پر بیان کر رہا ہے۔ جیسے عرب والوں کا عقیدہ ہے کہ زمانہ سلف کے ماہروں نے خود سنا اور اپنی عقیدت مندوں کو بتایا۔ اُن پر عمل کیا اور وہ تجربہ کی کسوٹی پر پورے اُترے جس کی بنا پر آج تک وہ لوگ اُن پر عمل کرتے ہیں۔ خود بھی فائدہ اٹھاتے ہیں اور دوسروں کو بھی مستفید کرتے ہوئے ثواب دارین حاصل کرتے ہیں۔ اس کی دیکھا دیکھی اور قدیم ایام کے عرب سے آئے ہوئے پرانے لوگوں کی تقلید میں اہل ہندوستان نے بھی اُن پر عمل کرنا رائج کیا جسے اہل پنجاب اور اہل بلوچستان اکثر عمل میں لاتے ہیں۔ اور اس کی تاثیر کے پوری طرح سے قائل ہیں جن کی تعداد اور روز افزوں اضافہ ہے۔ لہٰذا میں اگلے اوراق میں آب کے سامنے اس کے کلی طور پر وہ عملیات جن کو کہ میں پا سکا ہوں آپ کے تجربے کے لئے جدول ہذا میں سپرد قلم کرتا ہوں تاکہ وہ عملیات آپ کے مشاہدہ میں آ کر آپ کے لئے ایک درس بنیں اور زمانہ سلف کے عاملوں کے سربستہ راز آپ پر عیاں ہوں اور آپ کی سعی محنت اور عمل سے عوام جہاں حظ اُٹھائیں وہاں بہت سی مشکلات سے چھٹکارہ حاصل کریں جس سے کہ آپ کا اسم گرامی ہندوستانی عوام میں عیاں ہو کر دیر تک آپ کے لئے باعث شہرت ہو۔ آمین۔

ناک سے یکا یک خون بہہ پڑنے کو نکسیر پھوٹنا کہتے ہیں۔ طبیب لوگ اسے رعاف سے نام پکارتے ہیں۔ انسان اپنے کاروبار میں مصروف ہوتا ہے کہ یکا یک ناک سے خون کی بوندیں گرنی شروع ہو جاتی ہیں بعض اوقات تو اتنا خون گرتا ہے کہ مریض مارے کمزوری کے بے ہوش ہو جاتا ہے۔ بعض مریضوں میں تو یہ تھوڑی دیر چل کر بند ہو جاتا ہے اور پھر لگاتار جاری ہو جاتا ہے اور کئی کئی دن تک جاری رہتا ہے اس میں ناک کے اندر کی کوئی شریان یعنی لال رنگ کی خاص خون کی رگ یا تو کھل جاتی ہے یا پھٹ جاتی ہے۔ حکیم لوگ اس کے بند کرنے کی طرح طرح کی مقبض ادویات ناک میں ٹپکاتے رہتے ہیں اور کھانے کے لیے بھی اس قسم کی چیزیں دیتے ہیں۔

ڈاکٹر حیران اس کے لئے کیلشیم کے ٹیکہ ہائے اور مقبض ادویات کھانے کے لئے دیتے ہیں اور ناک میں انواع واقسام کے پھٹے یعنی پلگ دیتے رہتے ہیں۔

اس طرح سے کئی دن کے علاج کے بعد ہی اپنی کامیابی نصیب ہوتی ہے۔ مگر پھر بھی بعض مریضوں میں یہ مرض مہینہ میں ایک دو دفعہ اور بعض میں سال بھر میں دو چار دفعہ دوبارہ سہ بارہ ہو جاتا ہے۔

جب کبھی آپ کو کوئی ایسا مریض ملے تو آپ اس قسم کے مریض کے مصفلہ ذیل دوائی ہر وقت اپنے مطب میں یا گھر پر رکھیں۔

آپ ایک کوا کو پکڑیں اُسے اپنے گھر پنجرہ میں بند کریں۔ اسے دانہ دنکا تو حسب ضرورت ڈالیں مگر پانی کے بجائے اُسے وہ پانی دیں جس میں کہ سپاری ایک تولہ اور تخم تالمکھانہ ایک تولہ گھوٹ کر بار یک پیسا ہوا سیر بھر پانی میں گھول دیا گیا ہو اور پھر اُسے نتھار کر حاصل کیا گیا ہو۔ پندرہ روز تک اُسے یہی پانی پلاتے رہیں۔ پندرہ دن گذر جانے پر اس کوا کو ہلاک کر کے اس سے جتنا بھی خون حاصل ہو سکے لے لیں۔ اس خون کو کسی چینی کے برتن میں خشک کر کے سفوف بنا

ڈالیں۔ جب کبھی کوئی ایسا مریض ملے تو اس خون کے سفوف کو بطور نسوار پسے ہوئے سرمہ سیاہ چار گنا میں ناک کے اندر چڑھائیں اور اسی مرکب کو عرق بید مشک میں لئی کی طرح بنا کر اس میں ایک ماشہ افیون ملا کر مریض کی مشک پر لیپ کریں جونہی آپ یہ لیپ کریں گے اور سفوف ناک میں بطور نسوار چڑھائیں گے پانچ منٹ کے اندر اندر نکسیر کا خون بند ہو جائے گا اور اگر کسی مریض کو بار بار یہ مرض عود کر آتا ہے تو اُسے یہ نسوار اور لیپ تو پندرہ دن تک حسب معمول کریں اور اس کے علاوہ اس مریض کو بھی کوے کی طرح متواتر پندرہ یوم جب بھی اُسے پیاس محسوس ہو۔ تخم تالکھانا ایک تولہ سپاری نیم کوفتہ ایک تولہ پانی ایک سیر کا نتھار پلا دیں۔ مگر پلانے سے پیشتر یہ کم از کم ۱۲ گھنٹہ پہلے بھگو دیا کریں۔

بفضل خدا اگر پندرہ دن یہی علاج جاری رہا تو پھر عمر بھر یہ مرض نہیں ہوگا۔ بشرطیکہ ناک پر کوئی سخت ضرب نہ لگ جائے۔

عملیات سیریز
FREE AMLIYAAT BOOK'S
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سنگرہنی جسے عام ہندی زبان میں اقی سار اور انگریزی میں سپرڈکہا جاتا ہے ایک نہایت مہلک مرض ہے اس سے مریض کو کچھ اس قسم کے دست لگتے ہیں جیسے کہ پیچش کے ہوں۔ آہستہ آہستہ یہ خونی دستوں میں بدل جاتے ہیں۔

جب یہ مرض شروع ہو جاتا ہے تو یہ کسی علاج کو مشکل سے مانتا ہے روز بروز دستوں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے اور مریض کمزور ہو کر راہی ملک عدم ہو جاتا ہے۔

عام طور پر تو یہ مرض چالیس سال کی عمر کے بعد ہوتا ہے مگر کبھی جوان بھی اس کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر لوگ اس کے لئے طرح طرح کے قابض اور خراش رفع کرنے والی ادویات دیتے ہیں۔ اور گوناگوں قسم کے ٹیکہ جات مثلاً ایمی ٹین اور کیسی اوشے لین دیگر کیلشیم کے مرکبات جلدی پچکاری کے ذریعہ خون میں داخل کرتے رہتے ہیں اور طبیب لوگ بھی انواع واقسام کی قابض ادویات بیلگری دریائی۔ ناریل۔ اسپغول بارتنگ اور افیون کے مرکبات جامن کی گٹھلی آم کی گٹھلی کے مغز وغیرہ استعمال کر کے ہار جاتے ہیں اور مریض بھی روز کا پرہیز فاقے اور روپے کی بربادی کے دکھ سے لاچار ہو کر تنگ آ جاتا ہے۔ شاید ایک آدھ فیصدی لقمہ اجل سے ان علاجوں سے بچ جائے وگرنہ عام طور پر اس کا نتیجہ موت ہی ہے۔

ایسے مریضوں کے لئے یہاں ایک ایسا نسخہ درج کیا جاتا ہے جو اپنے اعجاز سے اپنی تاثیر کا معجزہ دکھاتا ہے اور قریب قریب نوے فیصدی اس کے استعمال سے اس مرض سے شفا کامل حاصل کرتے ہیں سنیچر وار کی شب کسی پھل اور پھول دار باغ سے ایک نر یا مادہ کوا کو پکڑ لائیں اور اُسے اپنے مکان میں آ کر ایک سرکنڈہ کے پنجرہ میں بند کر دیں صبح اُسے غذا و پانی ڈالیں۔ شام کو اُسے وہی کھانے کو دیں اور پھر ہر روز پندرہ یوم تک اُسے دو تین بار اُبلے ہوئے چاول اور دہی ملا کر

علیحدہ علیحدہ کھانے کو دیں۔ اور کسی دوسری قسم کی جنس ہرگز کھانے کو نہ دیں۔ البتہ پھلوں میں اُسے کیلہ یا کیلے کے پتے دے سکتے ہیں۔

دوسرے دن سے جس دن سے آپ نے اُسے چاول کھلانے شروع کئے ہیں اس کی بیٹ یعنی فضلہ اکٹھا کر کے محفوظ کرنا شروع کریں۔

پندرہ دن کے بعد اس کوا کو ذبح کر کے اس کے جسم سے اس کے معدہ کو نکال لیں اور بقایا فضلہ کو اس کی کبھی آبادی سے دور زمین میں دفن کر دیں۔ اب اس کے اس معدہ کو چاک کر کے اسے گرم پانی میں قدرے نمک ملا کر صاف کریں اور پھر اس کے معدہ کی اندر کی جھلی یعنی استر کو آہستہ آہستہ علیحدہ کریں اور بقایا معدہ کو پھینک دیں۔ اس معدہ کی جھلی کو سایہ میں خشک کریں۔

اس معدہ کی نیم ماشہ جھلی کو طباشیر کبودی ۶ ماشہ دانہ الائچی خورد تین ماشہ اسگندھ ایک تولہ افیون دورقی کے ہمراہ کھرل کریں بہت باریک پیسیں۔ جب یہ مانند سفوف باریک ہو جائے تو اس میں ایک تولہ گوند ببول عمدہ ڈال کر اور اس میں ایک پاؤ عرق بید مشک ڈال کر کھرل کریں اور جب یہ خشک ہونے کے قریب گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائے تو اس کی دو دورتی کی گولیاں بنا دیں اور مریض کو روزانہ تین گولی ایک صبح ایک دوپہر ایک شام ہمراہ عرق بید مشک ۵ تولہ شربت صندل دو تولہ کے دیں۔ گولی نگل جانی چاہیے۔ اس طرح ایک ایک ماہ تک متواتر دینے سے آہستہ آہستہ یہ مریض روبصحت ہو کر شفا کلی پاتا ہے اور پھر اس مرض کے دوبارہ عود کر آنے کا کوئی بھی خطرہ باقی نہیں رہتا۔ تا علاج ایسے مریض کو بطور غذا دو ہا یعنی دہی اُبلے چاول جن میں گھی یا چینی بالکل نہ ڈالی گئی ہو البتہ نمک ڈالا جا سکتا ہے علیحدہ علیحدہ یا ملا کر دیں۔

بعض انسانوں کے تمام جسم پر اس قدر بال پیدا ہو جاتے ہیں کہ انسان بدنما ایک ریچھ کی شکل کا ہو جاتا ہے اس کے علاوہ بعض شوقین لوگ یہ چاہتے ہیں کہ موئے شرمگاہ اور موئے زہار کی روز روز کی صفائی سے نجات ملے۔

بعض لوگ تو یہ بھی چاہتے ہیں کہ ہر روز کی داڑھی کی صفائی کیلئے خرچ حجامت نہ پڑے

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

کوئی ایسی دوائی دستیاب ہو جائے کہ جس کے استعمال سے ان بالوں سے ہمیشہ کے لئے نجات ملے۔

بال بھگوان نے جہاں جہاں بھی پیدا کئے ہیں وہ بغیر مفاد نہیں ہیں۔ پرانے زمانے میں لوگ کسی جگہ کے بال بھی نہ مونڈتے تھے اور نہ ہی تراشتے تھے سر کے بال بھی قدرتی حالت میں رکھے جاتے تھے ور ڈاڑھی مونچھ کے بھی اسی طرح موئے زہار اور شرم گاہ کے بالوں کو بھی صاف نہ کیا جاتا تھا۔

مگر اس زمانے کے لوگوں نے اپنی سجاوٹ اور بناوٹ کی خاطر بالوں کو مونڈنا اور تراشنا شروع کر دیا ہے اور آج کے لوگ تو مونچھوں کے بال بھی منڈا دیتے ہیں اور کرزن فیشن کو بڑا پسند کرتے ہیں جو ایک مردی کی نشانی ہے۔

خالق مطلق نے سر کے بال دماغ کو دھوپ اور سردی سے بچانے کے لئے پیدا کئے۔

ناک کے بال اس لئے پیدا کئے کہ سانس کے ساتھ جراثیم یا گرد ناک میں داخل ہو کر مانع صحت نہ ہو۔

مونچھوں کے بال اس لئے پیدا کئے کہ ناک اور منہ کی گرد اور ہوا میں ملے جراثیم جسم انسان میں داخل نہ ہو سکیں۔

داڑھی کے بال اس لئے لمبے اُگائے کہ وہ گردن اور چھاتی کو سردی اور گرمی سے محفوظ رکھیں۔

موئے زہار اور شرمگاہ کے بال اس لئے پیدا کئے کہ انہیں ڈھانپیں رکھیں اور اُن کی حفاظت رکھیں۔

یورپ کے زنان اور مرد تو ان بالوں کی خاص حفاظت کرتے ہیں اور انہیں خوب صاف کر کے ریشم کی طرح رکھتے ہیں۔

آج کی ہندوستانی اور یورپین عورتیں تو اپنے سر کے بال بھی تراش کر طرح طرح کے فیشن بنا رہی ہیں۔ حالانکہ لمبے بال عورت کیلئے زیبائش میں جو اس کی خوبصورتی میں چار چاند لگا دیتے ہیں۔

خیر حضرت انسان جو ٹھہرا جو اپنے آپ کو اشرف المخلوقات کہہ کر طرح طرح کی اختراع دماغی کرتا رہتا ہے۔ اخباروں میں بھی اب بال عمر بھی نہ اگنے کے اشتہارات چھپتے رہتے ہیں بعض لوگوں کو ایسی تیز اور جلا دینے والی ادویات سے نقصان بھی ہوا ہے۔

یہاں پر ایک نہایت ہی بے ضرر نسخہ درج کیا جاتا ہے جس کے استعمال سے بال ہمیشہ کے لئے یعنی عمر بھر نہیں اگتے اور جلد بھی چمکدار اور ملائم رہتی ہے۔

کسی جنگلی یا پہاڑی کوا کو پکڑیں مگر یاد رہے کہ کوا ایسا ہو کہ جسے انسانی غذا جو آگ پر پکائی جاتی ہے نہ ملی ہو بلکہ اس نے قدرتی غذاؤں پر جو جنگلوں اور پہاڑوں میں ملتی ہوں پرورش پائی ہو اُسے پکڑ کر گھر پر لائیں اور اسے تین دن تک بجائے پانی کے سنگترہ کا رس پلائیں اور بطور غذا کے پھلوں مثلاً کیلا سیب امرود پپیتا خربوزہ پھل بیر وغیرہ کھانے کو دیں۔

مگر یاد رہے کہ پانی کے بجائے صرف سنگترہ کا یا لیموں کا رس ہی دیں اور کسی قسم کے پھل کا رس ہرگز نہ دیں اور خاص پانی بھی نہ دیں۔ تیسرے دن اُسے ہلاک کر کے اُس سے جتنا خون میسر ہو سکے حاصل کریں اور اسے کسی چینی کے برتن میں ڈھانپ کر رکھ دیں تا کہ یہ خشک ہوتا رہے' اس کوا کے دم کے نیچے کے سفید نرم بالوں کو قدرے چھ ماشہ کے تراش لیں اور اس کی نعش کو کہیں باہر جا کر دفن کر دیں۔ اب اس کے خشک شدہ خون کو ایک کھرل میں ڈال دیں۔ اور اس کے ساتھ ان نرم بالوں کو بھی۔ دونوں کو خوب دو چار دن تک کھرل کریں۔ کہ یہ نہایت ہی باریک نرم سا سفوف ہو جائیں۔

جب یہ اس طرح کا سفوف بن جائے تو اس میں پانچ تولہ روغن چنبیلی ملا کر کھرل کریں اور اس وقت تک برابر کھرل کرتے چلے جائیں۔ اب کھرل کو ایک گھنٹہ تک رکھ دیں تو نیچے کچھ بھی تہ نشین نہ ہو۔ یعنی کہ خون اور بال تیل میں پوری طرح حل کر یکجان ہو جائیں اب جس مقام کو بالوں سے مبرا کرنا ہو یعنی جہاں آپ چاہتے ہیں کہ بال پیدا نہ ہوں اس جگہ کے بالوں کو مونڈ ڈالیں اور پھر صابن سے خوب اچھی طرح سے صاف کر کے اس تیل کو وہاں تین چار منٹ کے لئے ہلکا سا مالش کرتے رہیں۔ اسے آٹھ دن تک اسی طرح مالش کریں۔ نسبتاً تھوڑے بال پیدا ہوں گے پھر اسی طرح انہیں مونڈ ڈالیں اور صابن سے صاف کر کے پھر اس تیل کی روزانہ ایک بار آٹھ دن تک مالش کریں۔

اس طرح چار پانچ بار عمل کرنے سے بال نکلنا بند ہو جائیں گے۔ مگر آپ اس تیل کی مالش بالوں کے نکلنا بند ہونے کے بعد بھی تین چار ماہ تک برابر کرتے چلے جائیں بھگوان نے چاہا تو اس جگہ پھر کبھی بھی بال پیدا نہ ہوں گے اور اس جگہ کی جلد ریشم کی طرح ملائیم اور چمکدار ہو جائے گی۔ مگر میں پھر بھی یہی مشورہ دوں گا کہ مرد اپنی داڑھی اور مونچھ کے مقام پر ایسے عمل نہ کریں۔ چونکہ یہ مقام مردی کا نشان خاص ہے۔

مالیخولیا ایک نہایت ہی خبیث مرض ہے جسے انگریزی میں میلن کولیا کہتے ہیں۔اس مرض میں مریض کے افکار و خیالات فاسد و پریشان ہو جاتے ہیں یعنی وہ وہمی و متفکر ہوتا ہے گندے خیالات و خبیث وہموں کا غلبہ ہوتا ہے جن میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی مالیخولیا مرکب ہے دو الفاظ سے ایک مالن و میلن جس کے معنی ہیں سیاہ اور دوسرے خولیا (کولیا) جس سے مراد ہے صفرا سے پس مالیخولیا (میلن کولیا) کے لغوی معنی ہیں سیاہ صفرا یا جلا ہوا صفرا۔

چونکہ یہی محرق صفرا اس مرض کا باعث ہوتا ہے اس لئے اس مرض کو اس نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

مالیخولیا اور جنون کا فرق:

مالیخولیا میں مریض کے دل و دماغ میں خیالات افکار خبیثہ پیدا ہو جاتے ہیں اور دل و دماغ میں وہم اور فکر اعتدال سے بہت بڑھ جاتا ہے اور مریض ہر وقت خوف اور ڈر اور رنج و الم کی طرف راغب رہتا ہے لیکن اس کی طبیعت میں بے قراری اور جوش نہیں ہوتا۔لیکن اس کے برخلاف مریض جنون اچانک اور دفعتاً ہی نامعقول حرکات کرنے لگتا ہے اس کی طبیعت میں وحشی

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/
FREE AMLIYAAT BOOKS

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

پن آ جاتا ہے کبھی وہ لوگوں اور اپنے تعلق داروں ورشتہ داروں کو اپنی جان کا دشمن خیال کرتا ہے اور اُن سے دور رہنے کی کوشش کرتا ہے اور کبھی غصہ اور وحشت میں آ کر جنگلی جانوروں کی طرح عوام اور متعلقین پر حملہ کرتا ہے کبھی جھگڑا کرنے اور مار پیٹ پر آمادہ ہو جاتا ہے۔

ہر وقت رنج غم میں مبتلا رہتا ہے یا دماغی پریشانیاں مالی صعوبتیں اکثر اس کا سبب ہوتی ہیں مگر تیز بخاروں مثلاً موسم وغیرہ کی تبدیلی سے یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے بعض مریضوں کو یہ ورثہ میں ملتا ہے۔

طبیب لوگ تو اس کے لئے منضجات مفرادیگر اکثر تنقیہ وغیرہ کرتے ہیں اور مفرحات مثلاً خمیرہ گاؤزبان شربت ابریشم اور صندل عرق گلاب کیوڑہ بید مشک کا سنی شاہترہ اور کھو وغیرہ کا استعمال کراتے ہیں اور مقوی دل و دماغ وغیرہ ادویات دیتے ہیں اور ایلو پیتھک ڈاکٹر بھی اثر برومائنڈز وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں اور پھر مقوی اعصاب و دل و دماغ ادویہ دے کر ہر وقت خوش وخرم اور اوہام دور کرنے کی ترغیب دیتے ہیں مگر یہاں پر ایک عجیب وغریب تنتز لکھا جاتا ہے جو آزمودہ اور مجرب مانا گیا ہے۔

پورنماشی کی شب کے دو بجے کے قریب کس گل روش باغیچہ میں سے کسی گھونسلے میں سے ایک کوا پکڑ کر لائیں اور اس شب اُسے اپنے گھر میں چوبی پنجرہ میں رکھیں اور فوراً اُسے بُرادہ صندل کی دھونی پندرہ بیس منٹ تک دیں جب دھونی ختم ہو جائے تو اس کے پنجرہ میں پانچ سات گل ودد شگفتہ پھینک کر سو جائیں۔ صبح اٹھ کر پنجرہ سے نکالیں اور اس کے دماغ اور سینہ پر عرق گلاب و کیوڑہ چھڑکیں اور اس کے پنجرہ میں ایک سبز سوتی کپڑا بچھا کر اسے پھر پنجرہ میں چھوڑ دیں۔ اس کے بعد پھر برادہ صندل اور کافور کی دھونی پندرہ بیس منٹ کے لئے دیں کہ کمرہ خوشبو سے معطر ہو جائے۔

ایک گھنٹہ بعد ایک چھٹانک آرد گندم جس میں قدرے نمک ملا ہو کو عرق گلاب و عرق کیوڑہ کے مرکب سے گوندھ لیں اور اس کی روٹی بنائیں۔ اس روٹی کو مالیدہ کر کے دوغ گاؤ مادہ اور شہد میں یک جان کر دیں اس کے اوپر تھوڑا سا عرق گلاب و عرق کیوڑہ کا مرکب چھڑک کر اس کے پنجرہ میں بطور اس کی غذا کے رکھ چھوڑیں اور خود اس سے دور ہو کر اس کی نظر

سے غائب ہو جائیں یعنی کہ اُسے ساعت دو ساعت کے لئے اکیلا چھوڑ دیں۔ اور پیاس بجھانے کے لئے ایک مٹی یا چاندی کے برتن میں بجائے پانی کے اس کے لئے وہی عرق گلاب و کیوڑہ کا مرکب رکھ چھوڑیں اسی طرح برابر پانچ دن عمل کرتے رہیں یاد رہے کہ ہر آدھی رات کے وقت اسے برادہ صندل کی دھونی ضرور پندرہ بیس منٹ کے لئے دے دیا کریں۔ پانچ دن کے بعد اس کو ایک باغیچہ میں لے جائیں۔ اور اسے وہاں ہلاک کر کے اس کے جسم سے اس کا دل علیحدہ کر لیں۔ اور بقایا نعش کو ایک گڑھا کھود کر دبا دیں۔ اور دل کو اپنے ساتھ لے آئیں۔ اسے برادہ صندل سفید اور کافور پسے ہوئے میں لت پت کر کے خشک ہونے کے لئے رکھ چھوڑیں۔

واضح رہے کہ اُسے سایے میں کھلی جگہ خشک کرنا ہوگا۔ جب یہ خشک ہو جائے تو اسے ایک کھرل میں ڈال دیں۔ اور ایک تولہ کافور اور چھ ماشہ برادۂ صندل دو ماشہ کہربا ایک تولہ سنگ یشب و تین ماشہ کستوری بھی اس کھرل میں ڈال دیں اور پھر پاؤ بھر عرق گلاب و کیوڑہ کا مرکب اس مین ڈال کر ان سب کو کھرل کرنا شروع کریں حتیٰ کہ یہ بالکل یک جان ہو کر بالکل ہی بغیر ڈرک کے مالیدہ ہو جائیں۔ اگر کوئی کمی محسوس ہو تو مرکب کیوڑہ و گلاب کا عرق حسب ضرورت اور بھی ڈالا جا سکتا ہے اسے اس قدر کھرل کریں کہ اس کا قوام اس طرح ہو جائے کہ آپ اس بنگدہ سے ایک گول ٹکیہ سے بنا لیں اس ٹکیہ کو اب خشک کرنے کے لئے کسی چوبی یا چاندی کی ڈبیہ میں رکھ چھوڑیں۔ جب یہ بالکل خشک ہو جائے تو پھر کسی سنار کو دیکر اسے سونا یا چاندی میں حسب توفیق مڑھا لیں۔

اب اسے کسی سبز رنگ کے ریشمی تاگا میں پرو کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اور شربت آبریشم یک تولہ شربت صندل یک تولہ عرق گاؤزبان پانچ تولہ عرق کیوڑہ پانچ تولہ عرق بید مشک پانچ تولہ ملا کر ایک بار صبح و ایک بار شام پینے کو دیں۔ مریض کو روزانہ سیر و تفریح کے لئے صبح و شام باغ اور کھلی سڑکوں پر لے جائیں۔ اور سبز پھل و دیگر متعویات و مفرحات کھانے کو

دیں۔ گرم اور حیوانی اغذیہ تیز و ترش مصالحہ جات سے پرہیز کرائیں۔ مریض کو رنج و فکر الم و پریشانی سے دور رکھنے کی کوشش کریں اور اُسے ہدایت کریں کہ مذاحیہ ناول پڑھنے کی طرف رجوع ہو اور اکثر مجلسوں اور تقریبوں میں شامل ہوا کرے۔ اور دوستوں اور رشتہ داروں سے مذاحیہ باتیں کرنے کی جستجو کرے۔ اکیلا بیٹھنے سے اجتناب کرے۔ ایک ماہ سے بھی جلد تندرست ہو جائے گا۔

پریم بندھن	بندھن شادی پریم کرنے کے طریقے پریم بندھن کے عملیات محبوب کو کیسے پریم میں پھنسایا جائے تعویذات عشق و محبت میں محبوبہ کو کیسا پیار ہو۔ قیمت 270
مہاتما سدھی سدھی رام شرما	عملیات جادو جن چڑیل بھوت اور عمل کے بارے میں مہاتما سدھی کے بیانات سدھی رام شرما کی آپ بیتی جو اس پر گزری حالات و واقعات عمل قیمت 300
تنتر شاستر جادو چلتا جادو حکیم رام کشن	پرانے ہندوؤں دیوتاؤں، جادو اور چڑیلوں کے قصے کہانیاں اور شعبدہ بازی کے راز کیا تھے ان لوگوں کا کاروبار جادو کرنا سکھانا تھا قیمت:270
تسخیر جنات حاجی شمس الدین	جنات کو تسخیر کیسے کرتے ہیں ہمزاد کو قابو کیسے کرتے ہیں ان دونوں علموں کو ہاتھ میں رکھنے کا علم سیکھیے قدیم ہمزاد اور نئے ہمزاد میں کیا فرق ہے؟ قیمت:240

کسی سنگدل محبوب کو اپنا بنانے کے لیے اگر آپ نے دنیا بھر کے تمام عمل کر کے اپنی قسمت کو آزما لیا ہے اور اس کی طرف سے آپ بالکل مایوس ہو چکے ہیں تو اس وقت اس مجرب المجرب اور خاص الخاص عمل کو کر کے کامیابی حاصل کر لیجئے۔

یہ عمل ایک کامل بزرگ کا اپنی خاص عنایت سے عطا کیا ہوا ہے۔ اور اب تک دسیوں حاجتمندوں کی حاجت اس کے ذریعے پوری ہوئی۔ اعتقاد درست ہونا چاہیے۔ اور ہمت و استقلال سے اکیس دن تک متواتر بلا ناغہ مندرجہ ذیل طریقہ پر عمل کرنا چاہیے۔ اور جب مطلب پورا ہو جائے تو اُس وقت اپنی نیت کو درست رکھنا چاہیے۔ اور حرام یا ناجائز راہ اختیار نہیں کرنی چاہیے۔ یہی اس کی شرط ہے۔ عمل یہ ہے۔

چاند کی پہلی تاریخ کو ورنہ دوسری تیسری تک جنگل سے ایک نر کوا گرفتار کر کے لے آئیں اور اس کو ایک پنجرہ میں محفوظ کر دیجئے۔ دانہ پانی مناسب طریقہ سے اُسے ڈالتے رہیے۔ جب کوا حاصل کر لیا جائے تو پھر ہفتہ یعنی سنیچر کا دن گذار کر جو رات آئے اُسی رات سے یہ عمل شروع کرنا چاہیے۔ عمل پڑھنے کے لیے ایک کمرہ الگ مخصوص کر لیا جائے جس میں بالکل تنہائی ہو اور صرف ایک معمولی سا بستر ہو اور کچھ نہ ہو۔

ایک کوڑا مٹی کا چراغ بنا کر اس میں تل کا تیل ڈال دیجئے۔ اور ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل

نقش کالی سیاہی سے لکھ کر باریک بتی بنالیں اور اس کاغذ کی بتی پر پاک صاف روئی لپیٹ کر اس چراغ میں ڈال دیں۔ اب اُس گرفتار شدہ کوا کے پنجرہ کو اس کمرے کے وسط میں لا کر رکھیں اور یہ چراغ اس پنجرے کے اوپر رکھ کر روشن کر دیں۔ اور خود پنجرے کے سامنے بیٹھ کر اکتالیس بار مندرجہ ذیل افسوں اتنی بلند آواز سے پڑھیں کہ وہ کوا بھی سُن سکے۔ جب تعداد پوری ہو جائے تو چراغ کی بتی رفتہ رفتہ بڑھا کر سب جلا ڈالیں اور اُس چراغ کو محفوظ کر کے رکھ چھوڑیں صبح کو جنگل میں جا کر اس چراغ کو زمین کے نیچے دفن کر دیں دوسرے دن پھر نیا نقشہ لکھیں نیا چراغ بنائیں اور گذشتہ رات کی طرح وہی عمل کریں۔ اور اُس چراغ کو بھی دفن کر دیں۔

اسی طرح اکیس روز تک کرتے رہیں۔ جب اکیسویں دن رات کو عمل ختم کر چکیں تو اسی وقت ایک نقش اور کاغذ پر لکھیں اور اُس کوا کے داہنے بازو میں اُس نقش کو باندھ دیں اور اُسی رات کو بارہ بجے کے بعد اس کوا کو جس جنگل سے پکڑا تھا وہیں لے جا کر چھوڑ دیں اور اپنے گھر واپس آ جائیں۔

کوا کے چھوڑنے کے بعد منہ پھیر کر پیچھے کی طرف نہ دیکھیں اور گھر آ کر سو رہیں۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے بہت سے اشخاص اس کو کر کے کامیاب ہوئے ہیں۔ کبھی خطا نہیں کرتا۔ بشرطیکہ نیت حرام کی طرف رجوع نہ ہو۔

اس عمل کے فوراً بعد اسی ہفتہ میں انشاء اللہ تعالیٰ سنگدل محبوب آپ کے قبضہ میں ہوگا۔ اور آپ کا مطیع ہوگا آپ کا حکم مانے گا۔ بیحد مجرب اور نہایت سریع التاثیر عمل ہے۔ وہ افسوں یہ ہے۔

کالا کوا کالی رات۔ کالا بھیجوں آدھی رات۔ جب وہ آوے آدھی رات۔ تن مجھ لاگے ساری رات۔ کلوا بیرا فلانی کوں بیٹی کوں اٹھالاؤ۔ سوتی کو جگالاؤ۔ کھڑی کوں دوڑا لاؤ۔ حال لاؤنی الحال لاؤ۔ جو نہ لاوے تو سگی بہن بھانجی کے سیج پر پگ دھرے۔

(نوٹ) فلانی کی جگہ محبوب کا نام لکھیے۔ نقش یہ ہے۔

سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

۹ کالا کلوا	۲۲ جونہ لادے	۲۲ کھڑی کوں دوڑ الاؤ	۱۶ فلانی کوں
۲۰ حلال لاؤ	۱۵ کلوا بیر	۱۰ کالی رات	۲۱ فی الحال لاؤ
۱۴ تن مجھ لاگے ساری رات	۷ بیٹی کوں اٹھالاؤ	۶ بیج پر پگ دھرے	۱۱ کالا بھیجوں
۲۳ تو سگی بہن بھانجی کے	۱۲ آدھی رات	۱۳ جب وہ آئے آدھی رات	۵ سوتی کوں جگالا دے

مندرجہ ذیل عمل ایک عامل باعمل کے سینہ کا راز ہے جس کو برسوں کی خدمت گزاری کے بعد حاصل کیا گیا ہے۔ محبت کے بارے میں یہ عمل اکسیر کا کام دیتا ہے صرف سات دن کے عرصہ میں سنگدل محبوب کو قدموں میں جھکا دینا اس کا ایک کرشمہ ہے۔ عامل اشفاص کا آزمودہ ہے کبھی ناکارہ ثابت نہیں ہوتا ہے۔

شروع چاند کسی تاریخ ایک کوا کا جوڑا گرفتار کر کے لے آئیں۔ اُن کو ایک پنجرہ میں محفوظ رکھیں اور اُن کے دانے پانی کا خیال رکھیں جب چاند کی ۱۳ تاریخ گزر جائے اور چودھویں شب ہو اس وقت رات کو بارہ بجے اور ان دونوں جانوروں کو ذبح کر کے ان کے دل نکال لئے جائیں اور ان دونوں کے خون کو ایک جگہ کر کے اُس خون سے مندرجہ ذیل افسوں اور تیار ہو جائے تو اس کو تہہ کر کے اُن دونوں دلوں کے درمیان اس تہہ شدہ تعویذ کو رکھ کر ریشم کے تاگے سے لپیٹ دیں۔

پھر دو کورے مٹی کے لے کر اس میں اس تعویذ کو رکھ کر کسی ایسے مقام پر دفن کریں جہاں اس پر ہر وقت آگ روشن رہے اور آگ کی گرمی پہنچتی رہے۔ خیال رہے کہ سات دن اور رات آگ

جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

کی گرمی ضرور رہنا چاہیے بعد میں کچھ ضروری نہیں اس عرصہ میں انشاء اللہ ضرور بالضرور کامیابی ہوجائے گی۔ جب آپ کے مقصد میں کامیابی حاصل ہوجائے اور آپ کا محبوب بندہ ۔بے دام ہوجائے تو اُس وقت چند فقیروں کو کھانا کھلانا اور حسب توفیق خیرات کرنا ضروری ہے۔افسوں یہ ہے

پک پک پاک پکھال فلانی کو لا نکال کلوا بیر ملادے دل ایسے مل جائیں دو دل جیسے ملے یہ دل ۔ مصصکہ جسک موھن ڈال ڈال سوگند گلوا چھال جل تو جلال پال۔

نقش یہ ہے۔

سمعہ	للصص	طلسمہ	کلمہ	لطعہ	طلطلط	حصحظ
حفہ	ف	ج	ث	ظ	خ	ز
بھسہ	ج	ش	ث	ظ	خ	ز
کھسہ	ث	ظ	خ	ز	ف	ج
طھف	ث	ظ	خ	ز	ف	ج
لسمطط	خ	ز	ف	ج	ش	ث
حصمہ	ز	ف	ج	ش	ث	ظ
سمعطط	ث	ظ	ج	ش	خ	ز

(نوٹ) افسوں میں فلانی کی جگہ محبوب کا نام مع اس کی ماں کے نام کے لکھ جائے۔
اور مندرجہ بالا نقش کے نیچے بھی محبوب کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھے۔

https://www.facebook.com/groups/freeamliyaatbooks/ FREE AMLIYAAT BOOKS

جنسیات کا انسائیکلو پیڈیا ڈاکٹر حکیم نفسیات ایم اے عزیز	نفسیاتی جنسی بیماریاں کیا ہیں؟ یہ جنسی بیماریاں کیسے پیدا ہوتی ہیں نفسیات جنسیات الگ بیماریاں ہیں جن کا ذکر پہلی بار اس کتاب میں کیا گیا ہے۔ قیمت:-/270
کشمیری کوک شاستر پریم پال اشک	پریم پال اشک جب کشمیر میں رہتا تھا تب اس نے پہلی بار کوکا پنڈت کو چیلنج کیا کہ کوک شاستر میری ہے کوکا پنڈت کا کہنا تھا کہ یہ میری ہے اور لوگوں نے پریم پال اشک کی کشمیری کوک شاستر کو پسند کیا۔ قیمت:-/270
خفیہ جنسی راز اور انکا علاج حکیم ڈاکٹر سبحان مرزا	قصہ جنسی راز کیا ہیں اور انکا علاج کیسے ممکن ہے اتنا جنسی پرابلم نہ کریں کہ آپ نامرد بن جائیں اور منہ دکھانے کے قابل بھی نہ رہیں اسی لئے میں آپ جیسے مریضوں کا علاج اس کتاب سے کروں گا قیمت:-/270
شہنشاہی کوک شاستر کوکا پنڈت	شہنشائے اکبر نے اس کتاب کو کوکا پنڈت کو اپنے نام سے لقب دیا یعنی شہنشاہی کوک شاستر جسے اکبر نے پڑھا اور پسند کیا اور مستفید ہوا۔ قیمت:-/270
مردوں کا جنسی علاج حکیم عبداللہ حکیم افضل شیخ	آج کل کے دور میں ہر مرد یعنی 90 فیصد مرد جنسی بیماریوں میں مبتلا ہیں کچھ شرم کے مارے اپنا علاج نہیں کرواتے جس سے مرض بگڑتا جاتا ہے شرم نہ کریں اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ قیمت:-/270

توجہ

لتابیں ہزاروں سال پہلے لکھی ہیں یہ بکس صرف عاملوں کیلئے
ں روحانیت کے ماہروں کے لئے ہیں عام لوگوں کے لئے یہ
س ہرگز نہیں ہیں کوئی بھی عمل منتر تعویذ کرنے سے پہلے کسی
ہر عامل سے روحانیت کے ماہر سے ضرور معلومات کرلیں کہ
ں یہ تعویذ کرسکتا ہوں عمل منتر کرسکتا ہوں کہ نہیں اگر عامل
بازت دیں تو کریں ورنہ ہرگز نہ کریں کسی جانی و آسیبی یا
بادوی آفت میں اگر مبتلا ہوگئے تو ادارہ یا مصنف ذمہ دار نہ
وگا۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

ادارہ و مصنف

جوانی دیوانی حکیم وڈاکٹر ہری چند ملتانی	جوانی کیا ہے یہ دیوانی کب ہوتی ہے کب جوانی آتی ہے دیوانی کے راز کب کھلتے ہیں جوانی آئی اور پھر اپنے ہاتھ سے برباد کی ہوئی جوانی کا علاج اس کتاب میں قیمت:240
دنیائے طلسمات مترجم عامل پیر بابا مرحوم	دنیائے طلسماتی راز کیا ہیں ان رازوں کو کیسے جاننا چاہیے کونسے طلسمات ہیں جو انسان کو درست رکھتے ہیں طلسماتی جسمانی ٹوٹکے راز اور ان کا بیان قیمت:270
گنجینہ طلسمات مترجم حکیم افضل شیخ	طلسمات کا مطلب جادو گری یا جادو کے راز جاننا نہیں طلسمات کے کئی مطلب ہیں طلسماتی علاج طلسماتی دوائیں طلسماتی فارمولے زندگی گزارنے کے طریقے قیمت:240
طلسمی ٹوٹکے مترجم شمس الدین	گھر میں موجود طلسماتی چیزیں کیا ہیں جن سے ہم سونا چاندی اور تانبے جیسے نسخہ جات بنا سکتے ہیں اور کھا سکتے ہیں جن سے ہماری صحت اور ہمارا جسم فولاد بن سکتا ہے قیمت:270
کیمیا گری کے خزانے وید کرشن دیال	120 سال پرانی قدیم کیمیا گری کی لاجواب اور حیرت انگیز کتاب پتال جنتر کے 200 نسخہ جات مجربات کا ذکر وید کی کی خفیہ باتیں اور وید کے کمال فارمولے درج کرشن دیال وید کا بادشاہ جس نے طب اور وید کو ایک کیا۔ قیمت:1200
ویٹرنری میٹریا میڈیکا ڈاکٹر نوید چوہدری ڈاکٹر عتیق الرحمٰن	طب ہومیو ایلو پیتھک دوائے اب ایک جگہ صرف میڈیسن کے جدید طریقہ کار پر مشتمل جدید کتاب اب جانوروں کا علاج گھر میں موجود چیزوں سے بھی کر سکتے ہیں پالتو جانوں کا علاج اب آپ خود کریں گائے بھینس بکرا کتا بلی طوطا کبوتر مرغی مچھلی وغیرہ کے علاج قیمت:600 روپے

اداروں کی عملیات پر شائع کردہ بہترین کتابیں انڈین بکس

جنات کی حقیقت
جنات کیا ہیں؟
قیمت:240 روپے

جن کیا ہیں؟ جن کیا کرتے ہیں؟ کیا کھاتے ہیں؟ کیا پیتے ہیں؟ اچھے جنوں اور برے جنوں کی مکمل معلومات، جنوں کے منتر، جن کیسے منتر پڑھتے تھے، دنیا میں موجود جنوں کے راز، ہم میں موجود جن انسانی شکل کے جن۔

منتروں کے خفیہ راز
جادوگردوں کی آپ بیتی
قیمت:220 روپے

وہ کونسے منتر ہیں جو خفیہ ہوتے ہیں؟ جو عام لوگ نہیں پڑھ سکتے، صرف عاملوں کے لئے ہوتے ہیں۔آپ کو اس کتاب کے مطالعہ سے سب معلوم ہو جائے گا۔

کالے جادو کا توڑ
بھائی مجذوب بوکے
قیمت:

جن لوگوں پر کالا جادو کیا ہو یہ ان لوگوں کے لئے بہترین کتاب، اب آپ پر کالا جادو نہیں چلے گا، نہ ہوگا۔اس کتاب کو ایک بار پڑھ لیں۔قرآنی تعلیمات سے کالے جادو کا توڑ اس میں موجود ہے۔

منتروں سے علاج

اس کتاب میں ایسے منتر و وظائف لکھے ہیں جن سے آپ، اپنی بیماریوں کا توڑ کر سکیں گے منتروں سے غلط کام لیا نقصان بھی ہو سکتا ہے۔

سحر بنگال بنگالی جادو
بنگال کی کہانی
قیمت:240 روپے

بنگال کے جادوؤں کے بارے میں جو لوگ جاننا چاہتے ہیں ان کے لئے یہ کتاب بہت بہترین ہے بنگال کے لوگ روٹی پانی کو ترستے تھے اچانک انہوں نے جادو کرنا کیسے سیکھ لیا بنگال کا جادو مشہور ہو گیا وہ لوگ جادو کے زور پر پوری دنیا میں مشہور ہو گئے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/